نسخہ - گنجشک پچاس عدد - اجود - باڑنگ - زنجبیل - فلفل سیاہ - دار فلفل - عاقرقرحا - دارچینی - فلفلموئیہ - کباب چینی - ساذج - طالیس پتر - تخم ہلیون - جلوتری جوزبوا - اذخر - موصلین - تخم پیاز - تخم ترب - تخم شلغم - مصطگی - کشتہ قلعی - کشتہ شنگرف - بلیلہ - اجوائن خراسانی - چوب چینی - زعفران - لوبان ہر ایک ۳ ماشہ - شہد ایک سیر - گھی گائے پانچ پاؤ - دوائیں کو گنجشکان کے پیٹ میں احشا وغیرہ سے پاک کر کے اور مضبوط پیٹ گنجشکان کو سی کر گھی میں بریان کریں - اس کے بعد شہد خالص میں داخل کر کے دیگچہ قلعی شدہ میں ڈال کر دیگچہ کا منہ سر پوش سے محکم بند کر کے جس جگہ ہمیشہ آگ جلتی رہتی ہو - دفن کریں - چالیس روز گزرنے کے بعد نکالیں موافق برداشت طبیعت کھائیں - ترشی و بادی سے پرہیز کریں - ۷ ماشہ سے

ایک تولہ ایک قابل عمل ہے۔

فوائد = مقوی حرارت غریزی و قوت قلبی و نفسانی و حابس مادہ منویہ ہے۔

معجون مبہی بعدیل از شیخ گل محمد صاحب استاذی۔

نسخہ = میٹھا تیلیہ ½ ۱ ماشہ - جوز بوا - علقان - لونگ ہر ایک ۳ ماشہ کیسر ۱ ماشہ - دارچینی - دانہ الائچی خورد ہر ایک دو ماشہ گھی گائے ۲ تولہ - قند سفید ۲ تولہ - گھی کو گرم کریں - قند سفید بقدر تر ہو جانے کے گھی میں ڈالیں - اور اس پر تمام دوائیں بغیر میٹھا تیلیہ کے ڈال کر لت پت کریں - جس وقت نیچے اوتاریں - تو میٹھا تیلیہ کو باریک کرکے ڈال دیں - خوراک ایک رتی سے دو رتی تک

فوائد = بیحد مقوی باہ و ممسک و مجرب ہے۔

معجون ممسک بلا قبض

نسخہ - عناب - بنفشہ - بادیان - انیسون - گل اردانہ - گل بابونہ - ثنائی ہر ایک ½ ۲ تولہ - ہلیلہ زرد - ہلیلہ کابلی - ہلیلہ سیاہ - حنک - مکو ہر ایک ۱۸ ماشہ زنجبیل ۲ تولہ ۱۱ ماشہ زعفران ½ ۳ ماشہ - مشک ۱ ماشہ - خشخاش سفید - پوست وگلاب ہر ایک ایک سیر - پہلے خشخاش و پوست وگلاب و عناب کو پانی میں آٹھ پہر تر رکھیں پھر صاف مل کرسہ چند

عسل میں تمام دواؤنکو کوٹ پیس کر ملائیں اور بطریق مشہور
معجون بنائیں۔ خوراک ۲½ ماشہ
فوائد۔ ممسک بلا قبض عجیب ہے۔

لبوب مقوی باہ۔ ومقوی شہوۃ و مادہ منویہ

نسخہ۔ مغز بادام۔ پستہ۔ چلغوزہ۔ فندق۔ چار مغز۔
نارجیل۔ تخم خیارین۔ تخم خربوزہ ہر ایک ۱ تولہ۔ اندر جو۔
خسک۔ کبابہ۔ خولنجان۔ تودری زرد۔ جوز بوا۔ بسباسہ
تخم ہلیون۔ تخم گزر۔ فلفل سیاہ۔ تخم پیاز۔ زنجبیل ہر ایک ۶ ماشہ
تودری سرخ ۴½ ماشہ۔ ثعلب ۱۰½ ماشہ۔ عاقرقرحا۔ قرنفل
ہر ایک دو ماشہ۔ الائچی خورد چار ماشہ۔ دارچینی نصف ماشہ
زعفران ۱ ماشہ۔ مشک ۱½ ماشہ۔ خشخاش۔ تل سفید ۱۵ ماشہ
تشقاقل ۱ تولہ۔ شہد و قند سفید سہ چند
خوراک۔ ۶ ماشہ تا ۷ ماشہ استعمال کریں۔
فوائد۔ بعید مقوی باہ و مقوی شہوہ و مقوی مادہ منویہ ہے

معجون دافع سرعت انزال

نسخہ۔ مصطگی۔ جوز بوا۔ کباب چینی۔ اندر جو ہر ایک ۱۰½ ماشہ
قرفہ۔ بالچھڑ۔ عود خام۔ بذر البنج۔ اُشنہ۔ زعفران ہر ایک
۷ ماشہ۔ حب النیل چار عدد۔ مشک ۴ رتی۔ عنبر اشہب
۳½ ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی ۱۸ ماشہ۔ مغز گنجشک نر۔ خائی ۱۲½ ماشہ

ثعلب ۱۸ ماشہ ۔ قند سفید ۳ ۱/۲ تولہ ۔ شہد سہ چند ۔
خوراک ۶ ماشہ تا ۹ ماشہ

معجون دافع سرعت انزال

نسخہ = خولنجاں ۔ حب الآس ۔ دارچینی ۔ کندر ۔ مصطگی ؛ ہر ایک ۱۴ ۱/۲ ماشہ ۔ بلوط ۔ ثعلب ہر ایک ۱۸ ماشہ ۔ کلونجی سیاہ دانہ ۔ جوز بوا ۔ آملہ ہر ایک ۹ ماشہ ۔ ہلیلہ زرد ۔ عود خام سنبل ۔ بسباسہ ۔ زیرہ کرمانی مدبر ہر ایک ۲ ۱/۲ ماشہ ۔ شہد سہ چند میں بطریق معروف معجون بنائیں ۔
خوراک ۶ تا ۷ ماشہ

معجون ممہی و مشتہی ۔

نسخہ ۔ مصطگی ۔ خولنجاں ۔ سیاہ دانہ ۔ حب الآس ۔ دارچینی ۔ بلوط ۔ ہلیلہ زرد ۔ آملہ ۔ عود ہندی ۔ دار فلفل ۔ زنجبیل ۔ بہمن سفید ۔ تخم جرجیر ۔ تخم گزر ۔ سورنجاں ۔ صندل سفید ہر ایک ۶ ماشہ ۔ کندر ۔ تودری سرخ ۔ تخم ہلیون ۔ تخم پیاز تخم شلغم ۔ کباب چینی ۔ حب قلقل ۔ زعفران ہر ایک ۴ ۱/۲ ماشہ ثعلب ۔ خشخاش ۔ تل سفید ۔ بادام ۔ پستہ ۔ چلغوزہ ۔ نارجیل چہار مغز ہر ایک ۱۵ ماشہ ۔ تخم خیارین یک تولہ ۔ اندر جو خشک ہر ایک ۹ ماشہ ۔ شہد و قند سہ چند میں معجون تیار کریں ۔ خوراک ۷ ماشہ ۔ فوائد ، ۔ مقوی باہ بے بدیل ہے ۔

معجون مقوی باہ

نسخہ - کبابہ - حب قلقل - اندرجو - تخم ہلیون - حب الرشاد ہر ایک ۳ ماشہ - ثعلب ۹ ماشہ - قرنفل - دار چینی - الائچی خورد اُشنہ ہر ایک دو ماشہ - گل سرخ ۱/۲ ۴ ماشہ - پوست ترنج نا بھنیں - تودریں - مربی حسک ہر ایک ۶ ماشہ - مغز خیارین مغز تخم خربوزہ - مغز بادام - پستہ - نارجیل ہر ایک ا تولہ مشک نیم ماشہ (۱/۲ ماشہ) گلاب یکپاؤ - شہد و قند سہ چند - خوراک ۶ ماشہ تا ۷ ماشہ روزانہ

معجون مقوی باہ

نسخہ : دودھ گائے ۱/۲ ۱ سیر - ترنجبین یکپاؤ پختہ -
خوراک ۱/۲ ۲ تولہ

معجون - مبہی و مشتہی از حکیم محمد بخش صاحب ملتانی مؤلف کتاب ہذا

نسخہ : دودھ گائے ایک سیر - خرما (چھوہارا) بغیر خستہ نصف سیر خوب جوش کر ملیں - اور مرسوما معجون بنائیں -
خوراک ۵ تولہ ۱۰ ماشہ
فوائد : مبہی مقوی و مشتہی ہے -

معجون مبہی و مفرح از مرزا صاحب - نسخہ : بسباسہ - جوزبوا

ہر ایک ۱۷½ ماشہ - مصطگی ۲½ ماشہ - زعفران ۴½ ماشہ
بہمن سفید - ثعلب - بالچھڑ - دارچینی - قرفہ - خولنجاں
مغز تخم خربوزہ - خشخاش - پوست بیرون پستہ - پوست اترج
ہر ایک ۷ ماشہ - گل سرخ - الائچی خورد - الائچی کلاں - کشنیز -
تودرین ہر ایک ۱۴ ماشہ - عود قماری ۳½ ماشہ - صندل سفید
زرنباد - زرشک ہر ایک ۱۷½ ماشہ - بادیان - تل سفید
ہر ایک ۱۰½ ماشہ - مغز فستق ۲½ تولہ - ورق طلا و نقرہ ہر
ہر ایک ۲½ ماشہ -
بسباسہ کو گھی میں چرب کر کے باقی دوائیں ملا کر سہ چند شہد میں
معجون تیار کریں - خوراک :- ۹ ماشہ
فوائد :- معدہ و آنتوں کو طاقت دیتا ہے - اور مقوی باہ ہے

معجون خرما مقوی باہ

نسخہ - خرما ۱۰ تولہ - سنگھاڑہ ۵ تولہ - گوند سفید پانچ تولہ
نارجیل - مغز پستہ - مغز چلغوزہ ہر ایک ۵ تولہ - لونگ
دارچینی - فلفل - زنجبیل ہر ایک ایک ماشہ - گل سرخ -
جوز بویا - الائچی کلاں ہر ایک ۲½ ماشہ - مصری دوچند
خوراک = ۶ ماشہ تا ۱۴ ماشہ

معجون مہبی و ممسک بے بدیل

نسخہ = مصطگی رومی - نارمشک - سونف - ہلیلہ زرد - آملہ
دار فلفل - لونگ - الائچی خورد - ملٹھی ہر ایک ۱۴½ ماشہ

زعفران ۔ قضیب گاؤ ہر ایک ۲ تولہ ۱۱ ماشہ ۔ فلفل سیاہ ۔ نخود
زیرہ کرمانی ۔ بالچھڑ ۔ ساذج ہر ایک ۱/۲ ۳ ماشہ ۔ جوز بوا ۔
بسباسہ ہر ایک ۲ تولہ ۱۱ ماشہ ۔ زرنباد ۔ نمک سیاہ ۔ بہمنیں ۔ زنجبیل
دارچینی ۔ کشنیز ہر ایک ۱/۲ ۳ ماشہ ۔ خشخاش ۔ بہمن سفید ہر ایک
۹ ماشہ ۔ عقرقرحا ۔ اسارون ہر ایک ۱/۲ ۳ ماشہ ۔ کچلہ مدبر
تخم دھتورہ سیاہ ۔ نارجیل ۔ مغز بادام ۔ پستہ ہر ایک ۲ تولہ ۱۱ ماشہ
اجمود ۔ کاٹھپل ۔ طالیس پتر ۔ تخم بھنڈی ہر ایک ۱/۲ ۳ ماشہ
اجوائین خراسانی ۱/۲ ۷ ماشہ ۔ جدوار ۱/۲ ۱۰ ماشہ ۔ درونج
خولنجان ۔ مغز حب الزلم ۔ شقاقل ۔ تودرین ۔ مغز انجلک ۔
صندل سفید ۔ تخم خرفہ ہر ایک ۱/۲ ۳ ماشہ ۔ گل سرخ ۱ ماشہ
مغز خیارین ۱/۲ ۱۰ ماشہ ۔ اندرجو ۷ ماشہ ۔ سیاہدانہ (کلونجی)
شاہدانہ ۔ تخم گزر ۔ تخم انجرہ ۔ تخم جرجیر ۔ تخم پیاز ۔ تخم شلغم ۔
تخم گندنا ۔ تخم کرنب ۔ تخم ہلیون ۔ عود غرقی ۔ بادرنجبویہ ہر ۱/۲ ۳ ماشہ
ثعلب ۱/۲ ۷ ماشہ ۔ مایہ شتر اعرابی ۱/۲ ۷ ماشہ ۔ تخم بکائین ۲ تولہ
۱۱ ماشہ ۔ ریگ ماہی ۔ بیخ لفاح ہر ایک ۱/۲ ۱۰ ماشہ ۔ اشنہ ۱/۲ ۳ ماشہ
صمغ عربی ۔ حب قلقل ہر ایک ۱/۲ ۳ ۔ مغز تخم خربوزہ ۔
مغز کردگان ۔ تخم کدو ہر ایک ۱/۲ ۷ ماشہ ۔ مغز تخم ہندوانہ ۷ ماشہ
شیطرج ۱/۲ ۳ ماشہ ۔ خشک مرچ ۱/۲ ۱۰ ماشہ ۔ تالمکھانا ۲ تولہ ۱/۲ ۱ ماشہ
نشادر ۔ موچرس ۔ موصلین ۔ تخم کونچ ہر ایک ۱/۲ ۷ ماشہ
خرما و روغن گاؤ بقدر شہد اور قند سفید سہ چند ۔ معجون تیار
کریں ۔ فوائد ۔ بیحد مقوی باہ وممسک قوی الاثر ہے ۔
خوراک ۱ ، ۳ تا ۶ ماشہ ۔

معجون مقوی و ممسک

نسخہ:۔ بہمن۔ شقاقل۔ ابریشم مقرض۔ مغز تخم خربوزہ میدہ لکڑی
تخم ہلیون۔ ثعلب۔ کتیرا۔ مروارید۔ بیخ لفاح۔ ورق نقرہ
ہر ایک ایک تولہ۔ تخم جرجیر۔ مغز پنبہ دانہ ہر ایک ۵ تولہ
بوزیدان۔ الائچی خورد ہر ایک ۶ ماشہ۔ دارچینی۔ لونگ
صندل سفید۔ عود غرقی۔ اجوائین خراسانی ہر ایک ۳ ماشہ
کیسر۔ کاسنی ہر ایک ۹ ماشہ۔ عنبر ۱ ماشہ۔ مشک ۲ ماشہ۔
دال نخود تین سیر ہندی۔ قند سفید ۶۴ تولہ ۸ ماشہ۔ شہد خالص
۲۶ تولہ ۳ ماشہ۔ علی الرسوم معجون تیار کریں۔
لیکن نقوع نخود بشرطیکہ آہن تاب ہونا چاہئے۔

معجون مقوی باہ

نسخہ:۔ بہمن۔ شقاقل۔ ثعلب۔ بوزیدان۔ تخم سلیارا
بالنگو۔ گھنگچی ہر ایک یک تولہ۔ الائچی خورد۔ قرنفل۔
دارچینی۔ جوزبوا۔ بسباسہ ہر ایک ۳ ماشہ تودری۔
زعفران۔ تخم اٹنگن۔ بیج بند ہر ایک ۶ ماشہ۔ مشک یکماشہ
عنبر ۴ رتی۔ شہد یکپاؤ۔ دال نخود ۲ سیر۔ شنگرف ۲ تولہ۔
معجون بنائیں۔

فوائد۔ بیحد مقوی باہ و مسمن بدن ہے۔

معجون مبہی و ممسک از حکیم محمد بخش صاحب ملتانی

نسخہ۔ ثعلب۔ تخم تمر ہندی ہر ایک ۵ تولہ پہلے پانی پوست میں خوب پکائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے چند روز کے بعد شراب دو آتشہ میں مدبر کریں۔ اس کے بعد دودھ بھینس میں مدبر کریں۔ اس کے بعد پھر شراب میں مدبر کر کے قاقلتین ہر ایک ا تولہ۔ شقاقل ۱۵ ماشہ عود قماری ۱۰ ماشہ۔ افیون مصری یکماشہ۔ خولنجاں ۱۸ ماشہ۔ دار چینی۔ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ حتےٰ اکہ تمام دواؤں کو پھر دودھ بھینس و شراب میں ایک ایک بار مدبر کریں۔ شہد و قند سفید سہ چند میں معجون بنائیں۔ خوراک حسب برداشت طبیعت فوائد بجید مبہی و ممسک ہے۔

معجون مبہی از حکیم محمد بخش صاحب

نسخہ: زردی بیضہ مرغ ۳ عدد۔ ثعلب مصری ۹ ماشہ شقاقل ۶ ماشہ۔ دار چینی ۹ ماشہ۔ زعفران ۹ ماشہ۔ مشک ۳ ماشہ۔ گلاب ۴ تولہ قند سفید سہ چند۔ معجون بنائیں۔

معجون مقوی و ممسک۔ نسخہ: خشخاش۔ قنب۔

تخم ریحان۔ نخود بریان ہر ایک ۲ تولہ۔ اسپند۔ جوز بوا گھنگچی۔ تل سیاہ۔ ثعلب ہر ایک تولہ۔ کندر۔ معہ چرس ہر ایک ۶ ماشہ۔ مصری یک چند۔ شہد دوچند معجون تیار کریں۔

معجون امرباہ میں بعدیل از حکیم محمد بخش صاحب ملتانی

نسخہ:۔ ایک مرغ کو ایک سانڈہ روزانہ سو دن تک کھلائیں اس کے بعد اس مرغ کو احشاء و بال و پر سے صاف کر کے اور اس کے گوشت کا قیمہ کر کے عرق بطریق معروف کشید کر کے دیگر اجزا معجون حسب ضرورت شامل کر کے معجون تیار کریں۔

خوراک۔ برائے طبیب فوائد۔ مجید مقوی باہ ہے۔

چمن چہارم معاجین ملینہ و مسلہہ کے بیان میں:۔

معجون ثناور لیطوس اصغر:۔

نسخہ۔ مصبر زرد ۹ ماشہ۔ غاریقون ۱۸ ماشہ۔ زعفران

وج ۔ دارچینی ۔ مصطگی ۔ سورنجان ۔ سلیخہ ہر ایک ۹ ماشہ
کماذریوس ۔ فلفل سفید ۔ و فلفل سیاہ ۔ اسارُون ۔ عود
بلسان ہر ایک ۶ ماشہ ۔ جند بیدستر ۱ تولہ ۔ ریوند چینی ۔
مرمکی ۔ بالچھڑ ہر ایک ۳ ماشہ شہد سہ چند ۔ خوراک ۱۳ ماشہ
پانی گرم کے ساتھ ۔

فوائد : سرد مزاجوں میں ۔ امراض مزمنہ سوداویہ
و بلغمیہ کے لئے بیحد نافع و مجرب ہے ۔

معجون کلطلانج ۔ بارد

نسخہ : ماذریون مدبر ۔ غاریقون ۔ مغز بادام مقشر ۔ پوست
ہلیلہ زرد ہر ایک ۱۵ ماشہ ۔ ایرسا ۔ گل سرخ ۔ افتیمون ۔
تخم کاسنی ۔ مغز تخم خربزہ و خیار ۔ رب السوس ہر ایک ۶ ماشہ
ترنجبین ۔ فلوس خیارشنبر ۔ قند سفید ہر ایک ۳ تولہ ۱۱ ماشہ
خوراک ۶ ماشہ تا ۱ تولہ ۔

فوائد ۔ استسقا گرم کے لئے بیحد نافع ہے ۔

معجون کلطلانج حار

نسخہ ۔ ماذریون مدبر ۔ غاریقون ۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک
۱۵ ماشہ ۔ سکبینج ۔ ایرسا ۔ ریوند چینی ۔ عصارہ غافث

ہر ایک ۹ ماشہ ۔ بالچھڑ ۔ انیسون ۔ ہر ایک ۶ ماشہ ۔ شہد سہ چند ۔ خوراک ۹ ماشہ تا یکتولہ

یا ہلیلہ سیاہ ۔ ہلیلہ ۔ آملہ ۔ برنگ ۔ فلفلموبہ ۔ تخم کرفس ۔ شیطرج ۔ فلفل ۔ اندرجو ۔ زیرہ کرمانی مدبر ۔ ریوند نمک سرخ ۔ نمک طعام و نمک ہندی و و اندرانی ۔ اجوائین ہر ایک ۹ ماشہ ۔ تربد ۲۸ تولہ آملہ ۵ سیر ۴ ماشہ کو ۲۴ سیر پانی میں جوش دیں ۔ اور ۷ سیر قند سفید میں قوام بناکر معجون تیار کریں ۔

فوائد ۔ استسقا بارد کے لئے بعید سریع الاثر ہے ۔

کلطانج برائے استسقاء

نسخہ ۔ سنبل الطیب ۔ اساروں ۔ شگوفہ اذخر ہر ایک ۹ ماشہ غافث لک مغسول ۔ ریوند چینی ہر ایک ½ ۴ ماشہ ۔ کرفس پہاڑی ۹ ماشہ ۔ تخم کاسنی ۱ تولہ ۔ مغز خیار ۱ تولہ ۔

خوراک ۷ ماشہ ۔ فوائد استسقاء کے لئے مفید ہے ۔

معجون مقوی مسہل برائے بلغم و صفرا

نسخہ ۔ تربد سفید ۲ تولہ ۔ سقمونیا ۱۵ ماشہ ۔ مغز قرطم ½ ۲ تولہ کنجد مقشر ۔ بادام شیریں ہر ایک ۹ ماشہ ۔ شکر ۔

یا قند سفید ۷ تولہ ۶ ماشہ میں معجون بنائیں اور زعفران ۱/۴ رتی اضافہ کر کے معجون میں ملائیں۔ خوراک ۱۵ ماشہ تا ۱۲ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ بوقت صبح استعمال کرائیں۔

فوائد۔ یہ برائے اخراج صفرا و بلغم مخصوص و مجرب ہے

انقرویا۔ برائے امراض دماغی

نسخہ = شہد بلادر ۲ ۱/۲ تولہ۔ مصبر ۱۲ تولہ۔ غاریقون ۶ تولہ۔ سلیخہ۔ زراوند گول۔ د.ج۔ زعفران۔ دار چینی مصطگی ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ قسط تلخ۔ تخم سداب۔ فلفل سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ افتیمون ۱۰ تولہ۔ شہد سہ چند سے معجون تیار کریں۔ چھ ماہ کے بعد ۳ ۱/۲ پانی گرم سے کھلائیں۔

فوائد = امراض دماغی کو مجرب ہے۔ خاص کر حافظہ و فالج کے لئے خاص چیز ہے۔

معجون۔ نافع صفرا و یرقان اصفر

نسخہ = ہلیلہ زرد ۳ ۱/۲ تولہ۔ بلیلہ ۷ ماشہ۔ ترید سفید ۳ ۱/۲ تولہ۔ آملہ ۱/۴ ۱ ماشہ۔ ماذریون مدبر ۲ ۱/۲ تولہ۔ فلفل ۷ ۱/۲ ۱ ماشہ۔ زنجبیل ۱/۴ ۱ ماشہ۔ شہد خالص سے معجون تیار کریں

خوراک ۲ ½ ماشہ
فوائد: دافع صفرا و یرقان اصفر معمول ہے۔

معجون سکنج۔ مفتح قولنج ہر قسم

نسخہ: سکنج۔ جند بید ستر۔ تخم کرفس ہر ایک ۱ تولہ۔ سقمونیا شوی نصف تولہ۔ سکنج کو شہد میں حل کر کے دوسری دوائیں ملائیں۔ خوراک ۳ ماشہ۔

معجون نوری۔ دافع صفرا و بلغم

نسخہ: مغز بادام۔ مغز قرطم۔ قند سفید ہر ایک ۷ ½ تولہ سقمونیا ۱ تولہ۔ قند سفید کو گلاب میں حل کر کے دوسری دواؤں سے ملائیں۔ خوراک ۶ ماشہ تا ۷ ماشہ
فوائد: دافع صفرا و بلغم ہے۔

معجون برائے قولنج

نسخہ: منقیٰ ۱ تولہ۔ مرکی۔ ترید سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ تخم کرفس۔ انیسوں ہر ایک ۶ ماشہ شہد خالص میں ملا کر معجون تیار کریں۔ خوراک ۶ ماشہ تا ۱ تولہ دیں۔ فوائد: قولنج کیلئے مخصوص ہے

معجون ذبیب برائے مصروع

نسخہ = ہلیلہ زرد - ہلیلہ کابلی - بلیلہ - آملہ - اسطخودوس ہر ایک ۲½ تولہ - عود صلیب ۱۵ ماشہ - عاقر قرحا ۹ ماشہ منقی ۲۸ تولہ - ملا کر معجون بنائیں -
خوراک ۱۵ ماشہ ہمراہ آب
فوائد = مصروع کو بمثل معجون سیسالیوس نافع ہے

معجون - فیقرا - برائے دردسر

نسخہ = ایارج فیقرا ۳ تولہ - پوست ہلیلہ کابلی - آملہ ہر ایک ۶ ماشہ - نمک لفظی ۷½ ماشہ شہد میں ملا کر معجون تیار کریں - خوراک ۹ ماشہ تا ایک تولہ - ہمراہ مطبوخ پودینہ کھلائیں -
فوائد = مقوی معدہ و دردسر کو نافع -

معجون نجاح

نسخہ = ہلیلہ سیاہ - ہلیلہ کابلی و ہلیلہ زرد - بلیلہ - افتیمون ہر ایک ۲½ تولہ - تربد - بسفائج - اسطخودوس

ہر ایک ۱۵ ماشہ یہاں تک اصل نسخہ ہے۔ اور باقی حکماء کے تغیرات سے ہے۔ غاریقون ۹ ماشہ۔ لاجورد مغسول۔ حجر ارمنی مغسول اور اس کا بدل بورہ سقمونیا ہر ایک ۶ ماشہ۔ شہد میں لاکر معجون بنائیں۔

فوائد۔ مسہل سودا ہے۔ اخلاط غلیظ دماغ سے صاف کرتی ہے۔ خوراک ۴ ماشہ

معجون خیار شنبر

نسخہ۔ سورنجان مصری یکتولہ ۶ ماشہ۔ زیرہ سیاہ مدبر۔ پوست بیخ کبر۔ شیطرج۔ بوزیدان ہر ایک ۶ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲۱ ماشہ۔ تخم کرفس نمک ہندی۔ برگ حنا۔ سمندر جھاگ۔ فلفل سفید۔ درازیانہ۔ صعتر ہر ایک ۴½ ماشہ۔ ورق گل سرخ سونٹھ۔ سقمونیا۔ کشنیز ہر ایک ۹ ماشہ۔ تربد ۲½ تولہ بادام روغن ۱۲ ماشہ۔ شہد ۳۲ تولہ ۶ ماشہ۔ معجون بنائیں۔

خوراک ۹ ماشہ تا ۱۵ ماشہ وبلا۔

فوائد۔ مسہل صفرا وبلغم ہے۔ درد مفاصل ونقرس عرق النساء وپیٹھ دکمر کو نافع ہے۔

معجون سورنجان دیگر۔ نسخہ۔ سناکی ۱۵ ماشہ۔

اساروں ۔ سونٹھ ۔ زیرہ کرمانی مدبر ۔ فلفل دراز ہر ایک ۶ ماشہ سورنجاں ۱½ تولہ ۔ تربد ۹ ماشہ ۔ شہد میں معجون بنائیں۔

خوراک :۔ ۹ ماشہ ہمراہ آب گرم کھلائیں ۔

فوائد :۔ مسہل صفراد بلغم درد مفاصل ۔ عرق النساء درد کمر کو نافع ہے۔

معجون برائے تقویت معدہ

نسخہ :۔ ترپھلہ ۔ ترکٹہ ۔ دارچینی ۔ پودینہ باغی ۔ شیطرج ۔ بادیان ۔ زیرہ سیاہ مدبر ۔ اجوائن ۔ وانجوائن ہر ایک ۳ ماشہ ۔ اناردانہ ۶ ماشہ ۔ تربد ۱۸ ماشہ ۔ سنامکی ۲½ تولہ ۔ مصری و شہد ہر ایک ڈیڑھ گنا ۔ ۴ تولہ بادام روغن کے ہمراہ چرب کر کے گلسرخ ۲ تولہ ۔ بنفشہ چرب کر کے گلسرخ ۲ تولہ ۔ بنفشہ ۔ پوست بیخ کاسنی ۔ بیخ بادیان ہر ایک ۴ تولہ ۔ کا خیساندہ بنا کر اور صاف کر کے شہد و مصری کے ساتھ قوام تیار کریں ۔ اور معجون بنائیں۔

خوراک :۔ ۹ ماشہ تا ۱۵ ماشہ

فوائد :۔ مقوی معدہ و ہاضمہ ۔ ملین و مفتح سدہ جگر و دافع جمیع امراض باردہ و رطبہ ۔ معدہ جگر کی اصلاح کے لئے مخصوص ہے

معجون تمری ۔ مفتح قولنج ۔

نسخہ :۔ کھجور بغیر خستہ ۱۲ تولہ ۶ ماشہ ۔ رات دن سرکہ میں تر رکھیں بعدہٗ حل صاف کر کے سقمونیا مشوی ۔ برگ سداب ہر ایک ۱½ ماشہ ۲ تولہ

فلفل سفید ایک سو عدد۔ زنجبیل ½۱۰ ماشہ۔ بورہ ارمنی ½۳ ماشہ مغز بادام تیس دانہ۔ سہ چند شہد میں ملاکر معجون بنائیں۔ خوراک ۴ ماشہ

فوائد:۔ مفتح قولنج بے مشقت بلا عذر ہر وقت قابل استعمال۔

معجون تربد۔ مشہور دوائے تربد

نسخہ:۔ تربد روغن بادام سے ترکردہ ۵ تولہ۔ سونٹھ۔ مصطگی۔ ہر ایک ½۲ تولہ۔ شکر چار درم (یعنی ۱ تولہ) بطریق معروف معجون بنائیں۔ خوراک ۱ تولہ پانی گرم سے دیں۔

فوائد:۔ دافع حمیات (یعنی تپ) بلغمیہ مفتح قولنج۔ مسہل بلغم ہے۔

معجون راحت برائے قولنج

نسخہ:۔ فلفین۔ زنجبیل۔ زیرہ کرمانی مدبر۔ ورق سداب۔ خولنجان خرفہ۔ مصطگی رومی سقمونیا مساوی۔ شہد میں ملا کر معجون بنائیں خوراک:۔ ½۳ ماشہ کھلائیں۔

فوائد:۔ یہ قولنج کے لئے بیحد مؤثر ہے۔ ایک ساعت میں قولنج کھل جاتی ہے۔

معجون شہریاران

نسخہ:۔ زنجبیل۔ خرفہ۔ دارچینی۔ جوز بوا۔ مصطگی۔ قرنفل۔ بسلیخہ بالچھڑ۔ الائچی کلاں۔ حب بلسان۔ ہر ایک ۱ تولہ۔ سقمونیا ۹ ماشہ

تربد۔ حب النیل ہر ایک ۲ تولہ۔ قند سفید ۴ تولہ ۳ ماشہ شہد میں ملا کر معجون بنائیں۔ خوراک ۶ ماشہ کھلائیں۔

فوائد:۔ قولنج و رامعا کی نفخ و معدہ کی تقویت کے لئے بیحد نافع ہے۔

معجون مُقل

نسخہ:۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ آملہ۔ تخم سپنداں (تیرہ ترک) تخم گندنا۔ تخم شاہترہ ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ مقل ۲½ تولہ۔ گندنا کے پانی میں حل کر کے شہد میں ملا کر معجون بنالیں۔ خوراک ۶ ماشہ

فوائد:۔ بواسیر و ورم مقعد و ورم انتڑیوں کو بیحد نافع ہے

معجون برائے کرم ہا معدہ

نسخہ:۔ فلفلین۔ سعد۔ دار چینی۔ برنگ۔ جوزبوا۔ ہر ایک ۳½ ماشہ حب النیل ۱۲ ماشہ۔ تربد ۵ تولہ ۱۰ ماشہ۔ ترمس۔ زنجبیل ہر ایک ۷ ماشہ۔ شکر طبرزد۔ ۲ تولہ۔ شہد دو چند بادام روغن ۱۵ ماشہ۔

خوراک ۹ ماشہ پیالہ دودھ میں دیں۔

فوائد:۔ معدہ سے کیڑوں کو خارج کرتا ہے۔

معجون دیگر

نسخہ:۔ سرخس (کیل دارو) برنگ کابلی ہر ایک ۳ ماشہ۔ تربد۔ تھنیل ہر ایک ۶ ماشہ۔ قند سفید میں ملا کر معجون بنائیں۔

خوراک:۔ ۹ ماشہ پانی گرم سے۔

معجون نمک

نسخہ :۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ۔ اسطخودوس ہر ایک ۹ ماشہ افتیمون ۱ تولہ

معجون مسہل بلا تکلیف معتدل

نسخہ :۔ تربد ۱۵ ماشہ۔ سقمونیا ۶ ماشہ۔ گل گلاب بنفشہ ہر ایک ۹ ماشہ مصطگی۔ انیسون ہر ایک ۶ ماشہ۔ مغز بادام ۲½ تولہ۔ شیر خشت۔ ترنجبین ہر ایک ۷½ تولہ۔ گلاب میں حل کر کے اور قوام بنا کر ملائیں۔

خوراک :۔ ۱۵ ماشہ گلاب نیمگرم میں پلائیں۔

فوائد :۔ مسہل بلا تکلیف ہے۔ اور معتدل اہل تنعم کیلئے صفرا و بلغم کو خارج کرتا ہے۔

چمن پنجم۔ معاجین مشہورہ میں

معجون فلاسفہ کہ مادۃ الحیات ہے مثل معجون جالینوس و بقراط کے ہے

نسخہ :۔ زنجبیل۔ فلفلین۔ دارچینی۔ بوزیدان۔ آملہ مقشر۔ ہلیلہ زرد۔ ونگرو۔ شیطرج۔ ثعلب۔ بیخ بابونہ۔ مغز ناریل۔ مغز چلغوزہ ہر ایک ½ تولہ۔ گل بابونہ ۱½ ماشہ۔ منقی ۸ تولہ ۹ ماشہ۔ شہد

تین گنا معجون بنائیں۔

خوراک ، ماشہ چالیس دن کے بعد کھلائیں۔

فوائد :۔ ہاضمہ کو قوت دیتا ہے بھوک پیدا کرتا ہے۔ دافع نسیان ہے۔ سلسل بول۔ درد کمر۔ پشت و درد گردہ۔ اوجاع مفاصل و مقوی باہ و سنی۔ مقوی دندان و دل۔ پیران یعنی بوڑھے و سرد مزاجوں و منشط۔ رنگ چہرہ کو نکھارے۔ بو ئے دہن کو خوش کرے۔

معجون مبدل المزاج

نسخہ :۔ سونٹھ عقرقرحا۔ شونیز۔ قسط تلخ۔ وج ترکی۔ شہد بلادر ہر ایک ۲ ½ تولہ۔ سداب۔ ہینگ۔ زراوند۔ جنطیانہ۔ سیطرج۔ حب الغار۔ جند بیدستر۔ خردل سفید ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ شہد تین حصہ معجون بنائیں۔

خوراک :۔ برائے طبیب۔

فوائد :۔ لقوہ و رعشہ و برص و خدر فالج کو نافع ہے۔ مقوی حافظہ۔ دافع بلغم۔ بوڑھوں اور سرد مزاجوں کے موافق ہے

معجون القروبا ئمین

نسخہ :۔ جنطیانہ فلفل ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ قسط تلخ۔ مرکی۔ سادج ہندی۔ بالچھڑ۔ ریوند چینی ہر ایک ½ ۲۲ ماشہ۔ روغن اخروٹ سے چرب کردہ۔ شہد بلادر ۱۵ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند

خوراک :۔ ۳ ماشہ۔ چھ ماہ کے بعد۔ فوائد :۔ فالج اور رعشہ برص کے لیے مفید ہے۔

فوائد :- ملین۔ سختی طحال۔ و مفتح سدو۔ درد معدہ کو نافع و دافع درد گردہ و پتھاتے کہنہ و امراض باردہ کے لئے بیحد مفید ہے۔

اطریفل دیگر

نسخہ :- ہلیلہ سیاہ۔ بلیلہ۔ آملہ ہر ایک ۲½ تولہ۔ سعد۔ بالچھڑ۔ کندر کرمازج۔ فلفل سیاہ۔ سونٹھ۔ شہد بلادر ہر ایک ۱۵ ماشہ روغن اخروٹ میں چرب کردہ۔ شہد سہ چند معجون تیار کریں۔

خوراک :- بہ رائے طبیب

فوائد :- مقوی سیاہی موئے و حافظہ بیحد نافع

امروسیا۔ برائے اوجاع کبد و طحال

نسخہ :- دوقو۔ زیرہ کرمانی مدبر۔ عود بلسان۔ سلیخہ۔ قردمانا فقاح اذخر۔ تخم کرفس ہر ایک ۳ ماشہ۔ دار فلفل۔ قسط تلخ۔ فلفل سفید ہر ایک ۱½ ماشہ۔ مرکی ۹ ماشہ۔ حب الغار ۱۰ عدد اسارون۔ وج۔ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ۔ شہد سہ چند

خوراک :- بقدر ایک ماشہ پانی گرم کے ہمراہ

فوائد :- برائے اوجاع کبد و طحال و امراض باردہ بلغمیہ و ریاحیہ و مفتح بول و مفتت سنگ گردہ و مثانہ بے حد مفید ہے۔

معجون فنجنوش۔ برائے تقویت معدہ

نسخہ:۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ شیطرج۔ بالچھڑ۔ فلفلین۔ زنجبیل۔ سعد ہر ایک ۲½ تولہ۔ تخم گندنا۔ تخم شبت ہر ایک ایک تولہ۔ خبث الحدید ۲۵ تولہ۔ ۱۴ شبانہ روز سرکہ میں بھگوئیں اس کے بعد خوب صلاحیہ کر کے روغن بادام میں چرب کردہ سہ چند شہد کے قوام میں پکائیں۔

خوراک:۔ ۶ ماشہ۔ چھ ماہ کے بعد کھلائیں۔

فوائد:۔ مقوی معدہ۔ بواسیر کو دباہ کو نافع ہے۔ دافع بلغمی کھانسی وسرعتہ انزال ہے۔

معجون نانخواہ۔ مانند معجون خنداولیخون ومنہاج دفودنج کے ہے

نسخہ:۔ نانخواہ۔ زوفا۔ پودینہ۔ زیرہ۔ شونیز ہر ایک ۷½ ماشہ۔ وج۔ ببابچہ۔ ارزیانہ۔ سونٹھ۔ جوزبویہ تخم کرفس ہر ایک ۴½ ماشہ۔ پودینہ کوہی ۷ ماشہ۔ شہد سہ چند میں معجون بنائیں۔

خوراک:۔ سات ماشہ

فوائد:۔ منقی معدہ ومشتہی طعام ومقوی باہ ہے۔

معجون فلاسفی۔ صاحب کامل الصناعتہ

نسخہ:۔ فلفین مکدہ تولہ۔ عودبلسان ۲½ تولہ۔ حماما۔ بالچھڑ ہر ایک

تولہ زنجبیل۔ تخم کرفس و سکنجبین سیسالیوس اسارون درونج ہر ایک ۳ ماشہ شہد سہ چند میں معجون تیار کریں

خوراک:۔ ۳ ماشہ گرم پانی کے ساتھ۔

فوائد:۔ دافع تپ و بادہائے غلیظ و شہودہ کلبی و درد معدہ کو نافع۔

معجون افسنتین

نسخہ:۔ افسنتین۔ تخم کرفس۔ انیسوں۔ مغز بادام تلخ تمام بوزن مساوی۔ شہد سہ چند۔ خوراک ۵/۱ ماشہ

فوائد:۔ درد معدہ و استسقا بارد۔ و درد جگر بے حد مفید مانند معجون بالچھڑ و اصطیقون و سنگدانہ مرغ مفید و مجرب ہے۔

معجون وج

نسخہ: وج۔ ہینگ۔ سونٹھ۔ رودیانہ مساوی شہد سہ چند خوراک ۳/۱ ماشہ

فوائد:۔ مقعدہ نزول الماء کو بے حد نافع۔ جاذب رطوبات دماغی و معدہ ہے۔

سنجرینا۔ مانند تریاق اکبر معجون کبار میں ہے

نسخہ:۔ جند بید ستر۔ افیون۔ دارچینی۔ اسارون۔ بالچھڑ کوہی۔ دونو (کرفس کوہی) ہر ایک ۳ ½ ماشہ۔ مر۔ قسط۔ فلفل۔ بہروزہ

ہر ایک ۱۲ ماشہ - زعفران پونے دو ماشہ۔ شہد سہ چند - خوراک ۳ ماشہ تک چھ ماہ کے بعد کھلائیں۔

فوائد :۔ دافع درد معدہ و سوءِ ہضم و قولنج و عسر البول اور تمام بیماریوں - ریاحی و بلغمی کیلئے بجد نافع ہے۔

معجون حافظ الصحت

نسخہ :۔ دار چینی - بادیان - جوز بوا - مصطگی - کندر ہر ایک ۱ تولہ جوز ماثل دیگر اجزاء کے برابر - روغن بلسان میں چرب کر کے شہد سہ چند میں معجون بنائیں۔

خوراک بقدر نخود استعمال فرمائیں

معجون ریوند - مانند معجون کامل الصحت کے ہے۔

نسخہ :۔ ریوند چینی - شہد رنج - وج - تج - ریخدان ہر ایک ۲½ تولہ تخم کرفس - ررزیانہ - انیسون - اجوائن دیسی ہر ایک ۱½ تولہ - شہد سہ چند۔

فوائد :۔ امراض جگر و طحال کو نافع اور معدہ کو نکالے۔

معجون شیشہ - برائے حصات

نسخہ :۔ بوئی - خار خسک ہر ایک یکپا - یا ایک سیر - ریوند تخم ترب - خشخاش - بیخ اذخر ہر ایک ۱ تولہ ۸ ماسہ - شیشہ ۵ تولہ سلیخہ ۳ تولہ ۴ ماشہ - باچھڑ ۲½ تولہ۔

مصری ڈیڑھ پاؤ کا قوام کریں۔ اور ہر جوشاندہ و خیساندہ بوٹی و خارخسک میں بطریق مرسوم معجون تیار کریں۔ خوراک ۳ ماشہ سے ایک تولہ۔ شیرہ تخم خیارین و بادیان و کاسنی و تخم خربوزہ استعمال کریں۔

فوائد:۔ مقوی عصبات ہے۔ بیحد نافع ہے۔

معجون بیحد نافع (از حکیم استادی خواجہ ابوالفتح صاحب)

نسخہ:۔ بیخ عباسی ۸ تولہ ۴ ماشہ۔ کاسنی۔ برگ تقلی۔ ریوند چینی ہر ایک ۵ تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ مشک۔ عنبر ہر ایک ۴ رتی۔ مصری سہ چند۔ معجون بنائیں۔

فوائد:۔ امراض سودائی و خفقان۔ مراق کو بے حد نافع ہے قائمقام معجون چوب چینی کے ہے۔

معجون۔ از حکیم محمد بخش صاحب ملتانی

نسخہ:۔ پوست کوکنار ۲ تولہ۔ خشخاش ۴ تولہ۔ قند سفید ۳ تولہ صمغ عربی۔ کیترا۔ طباشیر۔ ملٹھی۔ ایرسا۔ دارچینی ہر ایک ۳ ماشہ معجون بنائیں۔ خوراک برائے طبیب۔

فوائد۔ نوازل۔ کھانسی۔ بلغمی۔ وسل۔ و ذات الجنب و تمام عوارضات صدر کے لئے بیحد نافع ہے۔

معجون سنبل الطیب

نسخہ :۔ بالچھڑ۔ قسط تلخ۔ شگوفہ اذخر۔ کراتہ۔ مویز منقے۔ (مویز بیرون خستہ) ہر ایک ایک تولہ۔ زعفران مرصاف۔ انیسون۔ فلفل ہر ایک ۳ ماشہ۔ مقل ارزق ۶ ماشہ۔ سلیخہ ۱۵ ماشہ مقل و ذبیب کو تین حصہ پانی میں نقوع بنائیں۔ اور سہ چند شہد مصفا میں معجون تیار کریں۔

معجون عقارب مفتت حصات

نسخہ :۔ عقارب سوختہ ۱۱ ماشہ۔ خبث پا ناردی ۴½ ماشہ۔ سونٹھ۔ دار فلفل۔ فلفل سیاہ ۷½ ماشہ۔ بیخ کاکنج ۱۵½ ماشہ جند بیدستر ۱ تولہ شہد سہ چند میں معجون بنائیں۔

خوراک :۔ ۳ رتی چھ ماہ کے بعد کھلائیں۔

فوائد :۔ گردہ و مثانہ کی پتھری کو خارج کرتا ہے۔

روضہ چہارم۔ اقسام جوارشات میں تین چمنوں پر مشتمل ہے

چمن اوّل جوارشات مسہلہ میں

جوارش سفرجلی

نسخہ :۔ سقمونیا۔ گلسرخ۔ طباشیر ہر ۷½ ماشہ۔ تربد ۲½ تولہ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ مغز ہندوانہ ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ ترنجبین ۲½ تولہ عصارہ ریوند اس قدر کہ جس میں ترنجبین

حل ہو جائے۔ قوام کر کے جوارش بنائیں
خوراک:۔ ۹ ماشہ سے ایک تولہ تک
فوائد:۔ قائمقام جوارش انجیل کے از محمد ذکریا ہے بلاد گرم
میں امزجہ گرم میں بجد نافع و مجرب ہے۔

جوارش املی

نسخہ:۔ بورہ زیر کرمانی۔ کرفس پہاڑی۔ زنجبیل۔ فلفل سفید ہر
ایک ۶ ماشہ سقمونیا ۱۵ ماشہ۔ کھجور بغیر دانہ ۵ تولہ۔ مغز بادام بریاں
۲½ تولہ۔ سُداب ۶ ماشہ۔ کھجور کو سرکہ ایک شبانہ روز تر رکھکر
صاف کر کے سہ چند شہد میں قوام کر کے جوارش بنائیں۔
خوراک ۹ ماشہ گرم پانی سے کھلائیں۔
فوائد:۔ دافع قولنج و تنگی پیشاب و ضعف معدہ کو نافع ہے

جوارش قیصر۔ مانند استعف و شہر یاران و نار مشک کے ہے۔

نسخہ:۔ دار فلفل۔ زنجبیل۔ ہلیلہ زرد۔ سقمونیا ہر ایک ۳ ماشہ
تخم کرفس۔ اجوائن دیسی۔ عقر قرحا۔ نمک طبرزد ہر ایک ۱۰ ماشہ
شہد سہ چند میں جوارش بنائیں۔
دافع قولنج و نقرس و اخلاط برزجہ

جوارش بنفشہ۔ مانند جوارش طباشیر

نسخہ:۔ زنجبیل۔ مصطگی۔ لونگ بڑی الائچی۔ گلسرخ ہر ایک

۹ ماشہ۔ بسفائج فستقی۔ سنائی۔ سقمونیا ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ تربد روغن سے چرب شدہ۔ بنفشہ ہر ایک ۲½ تولہ۔ شربت بنفشہ و گاؤزبان ہر ایک ۵ تولہ۔ شیر خشت ۷½ تولہ۔ ترنجبین۔ آب آلو بخارہ۔ آب تمر ہندی ہر ایک ۱۲½ تولہ۔ مشک ۳ ماشہ۔ سقمونیا کو بنفشہ کے ہمراہ کھرل کرکے ترنجبین و شیر خشت کو گلاب میں حل کرکے۔ پانیوں و شربتوں کو ایک سیر ۱۴ چھٹانک قند سفید قوام بنا کر جوارش بنائیں

خوراک:۔ ۹ ماشہ سے ۱۵ ماشہ تک دیں۔

فوائد:۔ دافع سودا و بلغم۔ موافق اصحاب ثروت خوش ذائقہ مسہل بے ضرر ہے۔

جوارش عود

نسخہ:۔ تربد ا تولہ۔ لونگ۔ عود۔ کیسر۔ جوز بوا۔ ہر ایک ۹ ماشہ سقمونیا ۱۵ ماشہ۔ شہد سہ گنا میں جوارش بنائیں

خوراک:۔ ۶ ماشہ پانی گرم سے دیں۔

جوارش دافع فضلات

نسخہ:۔ تربد روغن بادام میں چرب کیا ہوا ۲½ تولہ۔ زنجبیل ۱۵ ماشہ۔ قند سفید ۱۲½ تولہ۔ بطریق موسوم جوارش بنائیں۔

خوراک:۔ ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک

فوائد:۔ یہ جوارش نار مشک جید النفخ۔ محلل ریاح اور قاطع نفخ شکم ہے۔

جوارش طباشیر - برائے حرارت معدہ

نسخہ :- طباشیر ۲½ تولہ - گلسرخ ۹ ماشہ - سماق منقیٰ ۹ ماشہ مصطگی ۱½ ماشہ - الائچی کلاں ہر ایک ۳ ماشہ - عود ۱½ ماشہ - عرق گلاب اور بہی کے پانی میں قوام تیار کر کے جوارش بنائیں

خوراک : ۹ ماشہ کھلائیں

فوائد :- حرارت معدہ کے لئے اکسیر ہے۔

چمن دوئم

مقویات و مبہات کے بیان میں

جوارش زرعونی

نسخہ :- تخم کرفس - تخم گذر - اسپست - اجوائن دیسی - رازیانہ - مغز تخم خربوزہ - تخم خیارین - بیخ کرفس ہر ایک ۱½ ماشہ عقرقرحا - مصطگی - زعفران - عود خام ہر ایک ۶ ماشہ - بسباسہ - لونگ - کبابہ چینی - فلفل ہر ایک ۹ ماشہ - شہد سہ چند میں جوارش بنائیں -

فوائد :- مانند جوارش سنعقوری از شیخ نجم الدین سمرقندی ہے - مقوی باہ - امر مجامعت میں بے نظیر ہے - مقوی ہاضمہ و مدر ریگ مثانہ ہے -

جوارش ملکی۔ مانند نسخہ عطائی و جیلانی

نسخہ:۔ لونگ۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ اندرجو۔ وج۔ اذخر۔ سونٹھ۔ دارچینی۔ مصطگی۔ عود ہندی۔ زعفران ہر ایک ۹ ماشہ۔ الائچی کلاں۔ لبان ذکر ہر ایک ۳½ ماشہ۔ مشک ۳ رتی قند سفید و گلاب ۲۸ تولہ شہد سہ چند قوام کر کے جوارش بنائیں۔ خوراک ۳½ ماشہ

فوائد:۔ مقوی باہ بیحد امر مجامعت میں بے حد مقوی ہے

جوارش عنبر مقوی باہ

نسخہ:۔ الائچی خورد و کلاں۔ بسباسہ۔ لبان ذکر ہر ایک ۱ ماشہ دار فلفل۔ سونٹھ ہر ایک ۶ ماشہ۔ قرفہ۔ لونگ۔ انیسوں اجوائن خراسانی۔ مشک ہر ایک ۲ رتی۔ عنبر ۶ ماشہ۔ روغن بلسان ۱ تولہ۔ اول عنبر کو روغن میں حل کر کے یک قند یا شہد دو چند میں قوام بنا کر جوارش بنائیں

فوائد: مقوی باہ بے حد ہے۔

چمن سوم

دیگر جوارشات جید النفع کے بیان میں

جوارش جالینوس۔ مقوی بدن

نسخہ :۔ بالچھڑ۔ سلیخہ۔ قاقلہ۔ دارچینی۔ خولنجاں۔ قرنفل۔ سعد۔ زعفران۔ زنجبیل۔ فلفل سفید۔ دار فلفل۔ قسط شیریں۔ عودبلسان اسارون۔ حب الآس۔ چرائتہ ہر ایک ۶ ماشہ مصطگی ۱۵ ماشہ۔ قند سفید بوزن مساوی ادویہ شہد خالص دوچند۔ جوارش بنائیں خوراک ۷ ماشہ قبل و بعد از غذا

فوائد :۔ مقوی بدن و بالوں کی سیاہی قائم رکھے۔ دافع ابخرات و تپ ہائے و کثرت بول و نقرس و بہق و بواسیر و ریگ گردہ و مثانہ اس کی مداومت تمام امراض متذکرہ سے نجات دیتی ہے

جوارش اسقف۔ نافع خلط بلغم جو معدہ میں ہو

نسخہ :۔ تربد۔ سقمونیا ہر ایک ۱۰½ ماشہ۔ فلفل۔ کبابہ ہر ایک ۱ تولہ۔ سونٹھ۔ دارچینی۔ آملہ۔ بسباسہ۔ لونگ۔ جوزبوا ۵ ماشہ شکر طبرزد نصف سیر ۲ تولہ۔ شہد کے ہمراہ معجون بنائیں۔

خوراک :۔ بطور جوارش ۶ ماشہ و بطور مسہل ۱½ تولہ

فوائد :۔ مخرج خلط گرم و بلغم جو معدہ میں ہو۔ نافع بواسیر و درد کمر و پشت و دافع قولنج۔ و قوت کو تیز کرے۔ نہایت مجرب و معمول۔

جوارش خولنجاں برائے ہضم طعام

نسخہ:۔ تخم کرفس۔ انیسون۔ زیرہ کرمانی مدبر۔ طالیسپتر ہر ایک ۳ ماشہ۔ خولنجان۔ خرفہ۔ دار فلفل۔ سعد ہر ایک ۶ ماشہ۔ الائچی خورد۔ دارچینی۔ تار مُشک۔ ہر ایک ۹ ماشہ۔ فلفل ۱½ تولہ ۱½ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ شکر سفید سہ چند۔ بطریق مرسوم جوارش تیار کریں۔ خوراک ۶ ماشہ

فوائد:۔ ہاضم طعام ہے کاسر الریاح و سردی کے لئے بیحد نافع ہے۔

جوارش عنبر مانند مشک

نسخہ:۔ فلفلین۔ بسباسہ۔ دارچینی۔ ہر ایک ۱ تولہ۔ زنجبیل۔ دار فلفل ہر ایک ۶ ماشہ۔ چھڑ۔ مصطگی۔ عنبر ہر ایک ۹ ماشہ قرفہ۔ زعفران ہر ایک ۱½ ماشہ۔ جوزبوا ۱۵ ماشہ شیرہ چینی۔ (قند سفید) و گلاب میں ملا کر رسوماً جوارش بنائیں
خوراک ۳½ ماشہ

فوائد:۔ خفقان و بدہضمی کے لئے نافع ہے۔

جوارش عود۔ مانند جوارش شیخ رح

نسخہ:۔ لونگ ۶ ماشہ۔ الائچی کلاں ۶ ماشہ۔ عود خام ۱۵ ماشہ زعفران ۳ ماشہ۔ بالچھڑ ۶ ماشہ۔ مصطگی۔ بسباسہ ہر ایک ۹ ماشہ جوزبویہ ۳ ماشہ۔ قرفہ ۳ ماشہ۔ پوست اُترج ۱۵ ماشہ۔ زنجبیل دار فلفل ہر ایک ۳ ماشہ۔ قند سفید یک چند۔ شہد خالص دوچند

خوراک :- ۶ ماشہ
فوائد :- مقوی دل و معدہ - و ہاضمہ بحید سود مند

جوارشِ عُود

نسخہ :- عود خام ۲½ تولہ - پوست اُترج ۱۵ ماشہ - مصطگی ۴½ ماشہ - مصری یک من طبی - جوارش بنائیں -
فوائد :- یہ جوارش مصلح معدہ و مشہی طعام ہے -

جوارش صندل

نسخہ :- صندل سفید سائیدہ (یعنی پسا ہوا) گلاب میں ۲½ صندل سرخ (گلاب میں پسا ہوا) ۱۵ ماشہ - طباشیر - تخم خرفہ کشنیز مقشر - پوست بیرون پستہ ہر ایک ۶ ماشہ - مصطگی - زعفران ہر ایک ۳ ماشہ - مروارید - مرجان ہر ایک ۶ ماشہ - مشک ۱½ ماشہ - آب ترنج ۱۲½ تولہ - گلاب ۷½ تولہ - قند سفید یک من طبی - خوراک ۹ تا ۱۵ ماشہ
فوائد :- نافع خفقان و گرمیٔ جگر و اسہال صفراوی -

جوارش کافور

نسخہ :- فلفل - جوزبوا - زنجبیل - بسباسہ - دارچینی - قرفہ - نار مشک - فلفلمویہ - فرنجمشک - کافور لونگ - کیسر - تمام ادویہ برابر - شہد سہ چند - خوراک ۶ ماشہ

جوارش سفرجلی - از محمد ذکریاؒ

نسخہ:۔ گودہ بہی ترش پوست و تخم سے پاک کیا ہوا ۲۰ تولہ پانی ۱۴ تولہ و سرکہ ۵ تولہ خوب گھوٹیں کہ غولہ بن جائے۔ بعد اس کے شہد کا قوام بناکر پوست بیرون پستہ۔ عود خام۔ ارمک (مرکب خوشبودار دوا) لونگ۔ کبابہ۔ مصطگی۔ بالچھڑ۔ راسن ہر ایک ۱۵ ماشہ مشک ۱½ ماشہ۔ خوراک ۷ ماشہ

فوائد:۔ معدہ کے لئے بیحد مقوی ہے۔

جوارش تفاحی - مثل جوارش امانی۔

نسخہ:۔ رب سیب ترش و شیریں ہر ایک تین پاؤ۔ گلاب و قند سفید و شہد خالص ہر ایک ۵۶ تولہ (۱۱ چھٹانک ا تولہ) بالچھڑ دارچینی۔ مصطگی۔ گل گاؤزبان۔ عود ہندی۔ تخم بادرنجبویہ ہر ایک ا تولہ۔ مشک ½ ا ماشہ۔ خوراک ½ ا ماشہ

فوائد:۔ مقوی معدہ و دل و جگر و مزاج سوداوی کو بیحد نافع ہے۔

جوارش فواکہ

نسخہ:۔ آب سیب ترش و شیریں۔ آب انارین۔ آب بہی۔ آب امرود و آب انگور خام۔ آب زرشک۔ سماق۔ آب لیموں تمام کو مساوی لے کر جوش دیں۔ تاکہ چہارم حصہ پانی باقی رہے قند سفید

اس کے مساوی وزن مشک ۴ رتی مصطگی رومی ۳ ماشہ۔ کیسر ۱½ ماشہ۔ جوارش تیار کریں۔
فوائد:۔ مقوی دل۔ جگر۔ معدہ۔ صفرا کی گرمی کی دافع ہے

جوارش سماق۔ مانند حب الآس۔

نسخہ:۔ سماق ۲ تولہ۔ حب الآس ۲½ تولہ۔ خرنوب شامی ۹ ماشہ گوند ببول۔ انار دانہ۔ انار فارسی ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ نوبت منقے ۱ عدد گلاب میں ملا کر قوام کریں۔ خوراک:۔ برائے طبیب
فوائد:۔ دافع ہیضہ و اسہال صفراوی بیحد سود مند

جوارش بسباسہ۔ مانند جوارش دارچینی

نسخہ:۔ بسباسہ ۴½ ماشہ۔ قرفہ۔ الائچی کلاں ہر ایک ۱۵ ماشہ فلفل ۶ ماشہ۔ لونگ ۴½ ماشہ۔ زنجبیل۔ دارچینی۔ دار فلفل۔ اسارون۔ الائچی خورد ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ قند سفید ۵ تولہ شہد میں قوام کرکے جوارش بنائیں۔
فوائد:۔ دافع بواسیر و بدہضمی و بادی ہر قسم و سردی۔

جوارش خوزی فارسی۔ مانند جوارش کامل الصناعۃ د شیخ محمد ذکریاؒ

نسخہ:۔ قسط تلخ۔ مُرمکی۔ سلیخہ۔ قرفہ۔ بالچھڑ۔ حب بلسان ہر ایک ۲½ تولہ۔ جوز بوا ۵ عدد۔ الائچی کلاں۔ لونگ۔ انیسون اکلیل الملک۔ شیطرج۔ نار مشک۔ ہر ایک ۱ تولہ۔ بسباسہ۔ درونج عقربی

جوارش فلافلی از منہاج - خدر دیقون کے موافق ہے۔

نسخہ:- فلفلین ہر ایک ا تولہ - زنجبیل - تخم کرفس - کرفس کوہی رومی سلیخہ - زرشک ہر ایک ۳ ماشہ - شہد خالص سہ چند۔
۳ تا ۴ ماشہ خوراک
دافع تپ ہائے بلغمی - بخار چوتھیہ - بدہضمی - کثرت رطوبت وبرودہ معدہ و جگر۔

جوارش خبث الحدید بمثل جوارش ہلیلہ ہندیان

نسخہ:- ہلیلہ سیاہ - ہلیلہ کابلی و ہلیلہ زرد - بلیلہ و آملہ - فلفلین زنجبیل - سعد - شیطرج - بالچھڑ ہر ایک ا تولہ - روغن سے چرب شدہ - خبث الحدید بدبر - تمام ادویہ کے مساوی شہد سہ چند - مشک ۶ ماشہ - بعد چھ ماہ خوراک ۶ ماشہ
فوائد:- دافع بواسیر و فساد معدہ و نافع قوت باہ ہے۔

جوارش بلادر

نسخہ:- فلفلین - ہلیلہ کابلی و زرد - آملہ ہر ایک تولہ - جند بیدستر ۶ ماشہ - پوست اترج - شہد بھلانوہ - قسط تلخ - قند سفید - حب الغار سعد ہر ایک ۲ تولہ ۴ ماشہ - تمام دوائیں گھی گائے میں چرب کر کے شہد سہ چند میں جوارش بنائیں - خوراک چھ ماہ کے بعد ۶ ماشہ دیں۔

فوائد، مقوی حافظہ و موافق بوڑھوں کی طبیعت کے ہے۔

جوارش قلیاثا

نسخہ :-

حرف بو دادہ ۲ تولہ۔ زیرہ کرمانی مدبر ۶ ماشہ۔ مصطگی ۳ ماشہ۔ ہلیلہ کابلی روغن بادام سے بریاں کی ہوئی۔ حرف کے سوا تمام دوائیں گلاب اور قند سفید میں ملایئے۔

خوراک :- ۶ تا ۹ ماشہ

فوائد :- زحیر و پیچش و بواسیر کو نافع ہے۔

جوارش ویدی

نسخہ :- جوز بوا۔ بسباسہ۔ لونگ۔ دار چینی۔ بالچھڑ۔ سعد۔ آملہ الائچی خورد ہر ایک ا تولہ۔ شہد و قند سفید سہ چند۔

خوراک :- ۶ ماشہ کھلائیں

فوائد :- مقوی معدہ و حافظہ۔ دافع بواسیر و بخیران وغیرہ

جوارش کندر۔ از شارح اسباب

نسخہ :- کندر۔ گلنار۔ ہر ایک ۳ ماشہ فلفل۔ اجوائن۔ دیسی۔ سنبل رنجدان رومی۔ انیسون۔ کلونجی ہر ایک ۶ ماشہ۔ شہد و قند سفید سہ چند۔ خوراک ۹ ماشہ

فوائد :- دافع شکرہنی مروڑ اکثر قلم اسہال جو ضعف معدہ کی وجہ سے ہوں

جوارش سمسم

نسخہ! زرنباد ۔ تخم کرفس ۔ نانخواہ ہر ایک ۶ ماشہ ۔ کندر ۹ ماشہ
زیرہ کرمانی مدبر ۶ ماشہ ۔ کنجد مقشر ۲½ ۔ زنجبیل ۔ فلفلین ۔
قاقلین ۔ دارچینی ہر ایک ۹ ماشہ ۔ شکر اور گلاب میں قوام
بنائیں ۔ خوراک ۶ ماشہ ۔

فوائد! مقوی معدہ و باہ ۔ دافع شہوۂ ردیہ

جوارش عنبر

نسخہ! الائچی کلاں ۔ بسباسہ ۔ دارچینی ۔ لبان ذکر ہر
ایک ۱ تولہ ۔ زنجبیل ۔ دار فلفل ہر ایک ۳ تولہ ۔ قرفہ ۴½ ماشہ
لونگ ۔ زعفران ہر ایک ۲½ تولہ ۔ اشنہ ۶ ماشہ ۔ جوزبوا
۱۵ ماشہ ۔ بالچھڑ ۔ مصطگی ۔ عنبر ہر ایک ۶ ماشہ ۔ مشک
اجوائن خراسانی ۔ افیون ہر ایک ۳ ماشہ ۔ روغن بلسان ۱۸ ماشہ
افیون کو پہلے ۔ مشک میں حل کریں اور عنبر کو روغن بلسان
ملائیں ۔ اس کو شہد سہ چند میں قوام تیار کر کے جوارش بنائیں
بعد بیس یوم کے استعمال کریں ۔ خوراک ۳ ماشہ ۔

فوائد! مقوی باہ و حافظہ دافع بدہضمی واوجاع اجم بعید لیے ہے

جوارش اترج

پوست اترج ۷½ تولہ ۔ قرنفل ۔ جوزبوا ۔ بڑی الائچی ۔ دارچینی

خولنجان ۔ قرنفہ ۔ زنجبیل ہر ایک ۳ ماشہ ۔ مشک ۴ رتی
شہد سہ چند خوراک ۶ ماشہ
فوائد :۔ مقوی باہ و مشتہی ہے ۔

جوارش مصطگی

نسخہ : مصطگی رومی ۱۰½ ماشہ ۔ قند سفید یک من طبی
فوائد : دافع سردی و امتلا معدہ

جوارش مطیب

نسخہ ۔ بڑی الائچی ۔ لونگ ۔ زنجبیل ۔ دارچینی ۔ دار فلفل
زعفران ہر ایک ۴½ ماشہ ۔ عود ہندی ۔ فوفل ہر ایک ۳ ماشہ
مشک ۱۲ رتی عنبر ۶ رتی قند میں ملا کر قوام بنائیں ۔ خوراک ۹ ماشہ
فوائد :۔ مقوی و مشتہی طعام ۔ بیحد مؤثر

جوارش شہریاران

نسخہ : سنبل الطیب ۔ لونگ ۔ قرنفہ ۔ فلفل ۔ دار فلفل
انیسون ۔ بڑی الائچی ۔ جوز بوا ہر ایک ۶ ماشہ ۔ زنجبیل
نارمشک ۔ مصطگی ۔ دارچینی ۔ شیطرج ہندی ہر ایک
۹ ماشہ ۔ سقمونیا ۲½ تولہ ۔ لب حب النیل ۱ تولہ ۔ بسفائج
۱۵ ماشہ ۔ نمک ہندی ۹ ماشہ ۔ تربد سفید ۵ تولہ ۔ افتیمون
۲½ ۔ قند سفید ۵ تولہ ۔ خیر بوا ۶ ماشہ ۔ خوراک ۱ تولہ تا ۱½ تولہ

فوائد ۔ معدہ کو قوی کرے نافع کبد مثوف بارد ۔ محلل قولنج مخرج بلغم و دافع سودا بیحد نافع ہے ۔

جوارش عجیب

نسخہ! مصطگی سنبل الطیب ۔ گلسرخ ۔ لک مغسول ۔ ریوند چینی ۔ تربد سفید ہر ایک ۱ تولہ ۔ مازریون ۔ تمام دواؤں کے برابر سرکہ میں جوش دیں ۔ بعدہٗ ان میں ہی د سرکہ ملائیں ۔ اور شہد کے قوام میں جوارش تیار کریں ۔ خوراک ۳½ ماشہ

فوائد! استسقا کے لئے بیحد نافع اور عجیب ہے ۔

روضہ پنجم اطریفلات ممسکہ و مسہلہ کے بیان میں

اطریفل کبیر = نسخہ ہلیلہ کابلی ۔ ہلیلہ سیاہ ۔ بلیلہ ۔ آملہ ۔ فلفلین ہر ایک ½ ۷ تولہ زنجبیل ۔ بوزیدان ۔ بسبایسہ شیطرج ۔ شقاقل ۔ تودرین ۔ اندرجو ۔ حب قلقل ۔ کنجد مقشر خشخاش سفید ۔ بہمنیں ہر ایک ½ ۲ تولہ ۔ روغن بادام یا گھی گاؤ میں چرب کر کے شہد سہ چند میں قوام کرائیں خوراک ۹ ماشہ

فوائد = مقوی باہ بیحد و مقوی معدہ ۔ دافع بواسیر ہے ۔

اطریفل صغیر

نسخہ! ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ آملہ مساوی وزن روغن میں چرب کر کے سہ گنا شہد میں قوام دیں۔

خوراک ۷ ماشہ سونے کے وقت

فوائد۔ دافع بواسیر۔ ذہن کو تیز کرتا ہے۔

اطریفل مختصر بمثل خبث الحدید۔

نسخہ! ہلیلہ زرد و سیاہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ افتیمون۔ دوقو ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ جوز بوا۔ عاقرقرحا۔ تنشیطرج ہر ایک ۶ ماشہ فلفل دراز۔ قرفہ ہر ایک ۱ تولہ شہد سہ چند۔

فوائد! برص و بہق و بواسیر و امراض سوداوی کا دافع ہے۔

اطریفل کشنیز

نسخہ! ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ زرد و سیاہ۔ آملہ۔ دھنیا تمام بوزن مساوی روغن میں چرب کر کے شہد سہ گنا ہر سہ گنا اطریفل تیار کریں۔

خوراک ۶ ماشہ بعد دو ماہ استعمال کریں۔ سوتے وقت کھائیں۔

فوائد! مقوی معدہ۔ دافع بخارہ و دردسر۔ و درد چشم و درد کان۔ و سداد دوار کیلئے بعید نافع ہے۔

روضہ ششم شربتوں کے بیانمیں

شربت زوفا

نسخہ! زوفا پنجتولہ۔ انجیر ۲۵ عدد بنفشہ ۳ تولہ۔ نیلوفر یک تولہ۔ عُناب۔ سپستان ہر ایک سو دانہ۔ پرسیاؤشان پنجتولہ۔ خشخاش دس تولہ پوست خشخاش تین تولہ۔ تخم میتھی دو تولہ۔ تخم السی تین تولہ۔ تخم خطمی ۳ تولہ۔ بہیدانہ ۱ تولہ۔ منقیٰ سو عدد قند سفید پانچ پاؤ۔ شہد نصف سیر۔ خوراک دو تولہ

فوائد۔ یہ شربت دافع نزلہ و کھانسی بلغمی ہے۔

شربت بزوری معتدل

نسخہ = بادیان کاسنی۔ کرفس ہر ایک ۲ تولہ ۹ ماشہ تخم خیارین ۲ تولہ تخم خربزہ۔ انیسون۔ تخم کدو ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ پوست بیخ کاسنی و بادیان و کرفس و کبر ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ تخم کشوث ۱۵ ماشہ۔ ریوند خطائی ۱ تولہ قند سفید ½۱ سیر۔ قوام دیکر شربت بنائیں۔

فوائد:۔ جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے۔ اور پیشاب کھل کر آتا ہے

خوراک ۲ تولہ۔

چمن دوئم

مقوی و ممسک و غیر ممسک شربتوں کے بیانمیں

شربت ممسک شربت عنبر کے مثل

نسخہ ۱ شہد و قند سفید ہر ایک من طبی دیکیامیرا مشک و زعفران ہر ایک ۱/۲ ۳ ماشہ ۔ پیس کر اضافہ کر کے شربت تیار کریں ۔

خوراک ۲ تولہ

فوائد = مقوی دل و دماغ و معدہ و دافع امراض سرد نافع ہے ۔

شربت عود ۔

نسخہ ۱ = عود ہندی ۔ آملہ ہر ایک ۱/۲ ۲ تولہ بالچھڑ ۔ لونگ ۔ مصطگی ۔ جوز بوا ہر ایک ۶ ماشہ تمام دوائکو نیمکوب کر کے تھیلی پارچہ میں ڈال کر ایک پیالہ گلاب میں جوش دیں ۔ ایک دو جوش کے بعد ٹھنڈا کر کے مل کر صاف کر کے قند سفید ایک من طبی میں قوام دیں

اور مشک بقدر ½ ۱ ماشہ ملائیں۔
خوراک ۲ تولہ فوائد: مقوی معدہ ہے۔

شربت صندل۔

نسخہ! بورہ صندل سفید ۵ تولہ ۵ ماشہ۔ ایک شبانہ روز گلاب میں تر رکھیں۔ اس کے بعد تھوڑا پانی ملا کر تھوڑا سا جوش دیں۔ اور شیرہ ان کا لے کر قند سفید ایک سیر قوام دیں۔
خوراک بمقدار سابق
فوائد! مقوی دماغ و مسکن حرارت و عطش ہے

شربت ابریشم

نسخہ! ابریشم خام ۱ ۴/۱ تولہ ۷ ماشہ ایک دن رات پانی آہن تاب میں تر کریں۔ اور اس کے بعد جوش دیں۔ جب نصف باقی رہے۔ تو صاف کر کے بادرنجبویہ گاؤزبان ہر ایک ۸ تولہ ۹ ماشہ علیحدہ جوش دے کر اور صاف کر کے ابریشم کے پانی میں ملا کر قند سفید ایک من میں قوام بنائیں۔ اور مرواریدِ عنبر ہر ایک نصف تولہ۔ مشک ½ ۲ ماشہ۔ عود ½ ۱ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ پیس کر اضافہ کریں۔ خوراک بمقدار سابقہ
فوائد۔ مقوی باہ د رحشا و دافع امراض باردہ ہے

شربت خنداد لیقون ۔ مانند سنبل الطیب کے

نسخہ = سونٹھ ۔ بالچھڑ ۔ لونگ ہر ایک ۱۵ ماشہ ۔ عود ہندی ۔ دار چینی ہر ایک ½۲ تولہ کیسر ۶ ماشہ ۔ مشک ۳ ماشہ ۔ پوٹلی ململ میں باندھ کر جوش دیں ۔ اس کو سرد کر کے شہد کے ہمراہ شربت کا قوام کریں ۔

خوراک بمقدار سابقہ

فوائد : سرد مزاجوں کے موافق و النفع ہے ۔

شربت گاؤزبان

نسخہ : گاؤزبان ۵ تولہ ۱۰ ماشہ ۔ گل گاؤزباں ½۲ تولہ بادرنجبویہ ½ ۱۷ ماشہ ۔ بورہ صندل سرخ ۔ بالچھڑ ۔ اشنہ ہر ایک ½ ۱۰ ماشہ پانی و عرق گلاب میں بھگو کر اور جوش دے کر مل چھانکر ۱۱ چھٹانک ۱ تولہ قند سفید میں قوام بنا کر زعفران ۳ ماشہ و مشک ½ ۱ ماشہ و کافور ۱۲ رتی اضافہ کریں ۔

خوراک ۱۵ ماشہ

فوائد : یہ شربت مقوی دل بے بدل ہے ۔

شربت انارین مانند تفاح وسفرجل

نسخہ : آب انارین گودہ کے ساتھ نچوڑا ہوا ۔

۲۲ چھٹانک دو تولہ ۔ قند سفید ۱۱ چھٹانک ۱ تولہ میں قوام شربت بنائیں ۔ اگر چاہئیں ۔ تو مشک و زیرہ کرمانی ۔ بالچھڑ ۔ پودینہ پوٹلی میں باندھ کر ڈالیں ۔ لحظہ بلحظہ پوٹلی کو ملیں ۔ تاکہ پوٹلی میں بستہ ادویات کا اثر قوام شربت میں خود مل جائے

خوراک ۔ بمقدار مذکورہ بالا ۔

فوائد ۔ مانند سیب دہی کے بے حد مقوی معدہ ہے

شربت اکسیر معدہ

نسخہ ! آب انارین ہمراہ گودہ افشردہ ۔ پودینہ تازہ قند میں قوام کریں ۔

فوائد ۔ تقویت معدہ کے لئے مخصوص ہے ۔

شربت نارنج و لیموں ۔ ایباس و زرشک و صماض مقوی معدہ مشتہی طعام

نسخہ ! آب نارنج یک من نصف من قند سفید میں قوام کریں ۔

شربت جلاب

نسخہ ! قند سفید ۱ حصہ ۔ گلاب تین حصہ میں قوام کرکے تھوڑا سا کیسر ملائیں ۔

فوائد ! عام شربت کی مانند فوائد ہیں ۔

شربت باہیہ!

نسخہ:۔ آب یک من ۔ دس من خمر میں جوش دیں ۔ کہ نصف رہ جائے ۔ صاف کر کے تھوڑا سا عرق گلاب ڈالیں ۔ اور ثفل کو خوب دھو ڈالیں ۔ کہ اس میں کچھ بھی مزا نہ رہے ۔ بڑی دیگ میں نرم آنچ پر جوش دیں ۔ قاقلین ۔ زعفران ۔ اُشنہ ۔ دارچینی ۔ لونگ ہر ایک ۹ ماشہ مصطگی رومی ۔ زنجبیل ہر ایک ۱½ ماشہ ۔ پوٹلی ململ میں باندھ کر ڈالیں اور ہر لحظہ پوٹلی کو ملیں ۔ پوٹلی کو ڈالتے وقت عرق گلاب میں ملکر ڈالیں اور پنچ من طبی قند سفید و شہد کا قوام کر کے آخر میں مشک ۳ ماشہ

خوراک ۲ تولہ

خواص:۔ بیحد مبہی و مقوی ہے ۔

شراب خمر

نسخہ:۔ آب انگور ۳۳ سیر ۔ جوشا کر اور صاف کر کے ۔ کہ باقی تیسرا حصہ رہے ۔ بوسنے لیکر اُس کے بعد ۲۰ سیر پانی کا اضافہ کر کے اور دو جوش دے کر مٹکے میں بھر کر ڈھک دیں ۔ تاکہ اس میں جوش پیدا ہو ۔ اس کے بعد جوش اپنے آپ بیٹھ جائے گا ۔ اگر چاہیں تو دیگر دوائیں مفید باہ شامل کریں ۔ خوراک حسب برداشت طبیعت

فوائد:۔ اس شراب کو مثلث و شرعی و یوسفی بھی کہتے ہیں

شراب پختہ ۔ یعنی خمر

نسخہ:۔ آب انگور یکصد سیر ۔ گوشت فربہ ۲۰ سیر میں جوش دیں ۔ عود ہندی ۱۰ سیر ۔ زعفران ۔ مصطگی رومی ۔ خولنجان

جوز بوا ہر ایک ۱۵ ماشہ - لونگ - بسباسہ - نرنباد - سعد -
ہر ایک ۹ ماشہ - سلیخہ - زنجبیل - دارچینی - عقرقرحا - بالچھڑ
ہر ایک ۳ ماشہ پوٹلی میں باندھ کر ڈالیں تاکہ گوشت تگیہ کے
مثل ہو - بعضے ماشگو - پودینہ بھی شامل کرتے ہیں - اور آخر
میں مشک عنبر و گلاب بھی ملائیں - ضرورتاً ذرہ ذرہ پئیں -
فوائد :- جوش باہ و امراض سرد کے لئے بجید نافع ہے -

شراب - ریحانی - یعنی خمر

نسخہ :- شیرہ انگور یکصد سیر - مٹکے میں بھر کر چھ سیر قند
دارچینی لونگ - بسباسہ - جوز بوا ہر ایک ۲½ تولہ پوٹلی میں باندھ کر
مٹکہ میں ڈالیں اور مٹکہ کا منہ بند کر دیں - چھ ماہ کے بعد استعمال
کریں - لیکن دوائیں ڈالنے سے پہلے مٹکے کو موم روغن کر کے
مشک و عنبر سے خوشبو دار کریں - خوراک حسب برداشت
فوائد :- مقوی باہ و بدن بے بدل ہے -

شربت قندی

اگر مفاد قند چاہئے - تو صرف قند ڈالیں - ورنہ شہد مرسوگا تال
کریں -

شربت فنجونس

نسخہ :- کشنیز - صعتر - سعد - سماق - مازو - گلنار -
گل سرخ ہر ایک ۶ ماشہ مرکی - زعفران - شب یمانی ہر ایک
۳ ماشہ - خبث الحدید ۷½ تولہ - نچوڑ انگور ۲۳ چھٹانک ۳ تولہ
جوش دیں - حتیٰ کہ تیسرا حصہ رہے - خوراک ۳ تولہ ۹ ماشہ
فوائد :- بیعض تُبخی و ضمک ہے -

شربت سوسن :-

نسخہ :- گل سوسن زردی کے ہمراہ ملیں - اور قسط - لونگ
چرائتہ ہرایک ۵ تولہ نمک اندرونی - سلیخہ ہرایک ۷ ماشہ - حماما
بالچھڑ - مصطگی ہرایک ۲½ تولہ عود بلسان ۱۰ تولہ - گل سوسن کے ساتھ
ملاکر کسی برتن میں ایک شبانہ روز بھر رکھیں - بعد اس کے ۵ سیر
۹ چھٹانک ۳ تولہ مثلث جو اوپر بیان ہوا ہو ملائیں - یعنی جو
دوائیں برتن میں ڈال رکھیں ہیں - اُن کے اوپر ڈالیں -
زعفران ۱۰½ ماشہ - مشک ۷ ماشہ - میعہ سائیلہ ۱۰ تولہ اور
روغن بلسان ۲½ تولہ اضافہ کرکے مرتبان شیشہ میں ڈالیں - ایک
ٹکڑہ ململ سے شیشہ کا منہ مضبوط بند کریں - اور مٹی سے منہ گل حکمت
کردیں - چھ ماہ تک اس مکان میں رکھیں - جہاں باد شمالی کا گذر
ہوتا ہو - رکھیں - خوراک ایک تولہ

فوائد :- مقوی دل - معدہ و جگر ہے -

شربت گذر :-

نسخہ :- ریزہ ہائے گذر ۲ سیر ایک دیگ میں ڈالیں
اور پانی سے پُر کریں - اور دیگ کے سر کو خوب مضبوط بند کریں -
آگ پر جوش دیں - تاکہ پانی ختم ہو کر لگدہ بن جائے - ہاتھ سے
مل کر مثل - شہد - بالچھڑ - لونگ - خولنجاں - دارچینی ہرایک ۳ ماشہ
زعفران ۱½ ماشہ - پوٹلی میں باندھ کر جوش دیں - اور خوب مل
کر قوام پر لے آئیں - خوراک ۲ تولے

فوائد :- بیحد مقوی باہ ہے -

شربت انجیر مانند شربت انگور مویز دہلیون

نسخہ:- انجیر ۲ سیر۔ دو من پختہ پانی بھگو کر اور مل چھانکر۔ ڈیڑھ سیر شہد میں قوام تیار کریں۔ اور افادیہ کبیر والا ملائیں۔ خوراک ایک تولہ

فوائد:- یہی مانند شربت انگور و مویز دہلیوں کے ہے۔

شربت انجبار حابس دم

نسخہ:- صندل سفید و سرخ مکد ہر ایک ½۱۷ ماشہ پوست انجبار دو تولہ ۱ ماشہ۔ اقاقیا ۷ ماشہ۔ قند سفید نصف سیر قوام شربت بنائیں۔

فوائد:- حابس دم۔ نفث الدم و جریان خون ہر قسم کے لئے بیحد نافع ہے

شربت حب الآس

نسخہ:- حب الآس۔ امرود ہر ایک ½۱۲ تولہ۔ پھلی ببول۔ طراثیث۔ ہر ایک ½۲ تولہ۔ آب سیب و بہ و انار ہر ایک ایک سیر جوشدیں۔ تاکہ تلیسرا حصہ پانی باقی رہ جائے۔ صاف کر کے قوام شربت بنائیں۔ خوراک ایک تا ۲ تولہ

فوائد:- دافع اسہال صفراوی و خونی و نزف الدم

شربت مرزنجوش مانند صغر۔

نسخہ:- مرزنجوش۔ بابونہ۔ اذخر۔ عفرقرحا ہر ایک ۱۵ ماشہ شہد خالص ½۷ تولہ میں قوام بنائیں۔

شربت مسقط :-

نسخہ :- پودینہ جنگلی ۔ دار چینی ۔ افسنتین رومی ۔ ابہل۔ سلیخہ ۔ اسارون ۔ میعہ سائیلہ ۔ بالسہ ۔ ایرسا ۔ مشکطرامشیع انیسوں ۔ ہر ایک ۲½ تولہ ۔ قند سفید و شہد خالص میں قوام شربت بنائیں ۔

خوراک :- ۳ تولہ ۹ ماشہ پانی گرم کے ہمراہ پلائیں ۔

فوائد ! مسقط بچہ و مدر حیض ہے ۔

شربت خشخاش کبیر :-

نسخہ ! خشخاش سفید و سیاہ ہر ایک ۱۲½ تولہ ۔ تخم کاہو ۔ اجائین خراسانی ہر ایک ۲½ تولہ ۔ دو سیر پانی میں بھگو کر جوش دیں ۔ کہ نصف رہ جائے ۔ صاف کر کے نصف سیر شہد و نصف سیر منفنج میں قوام کر کے اقوام میں اقاقیا ۔ زعفران ۔ مرکی ۔ گلنار ۔ عصارہ ۔ لحیتہ التیس ہر ایک ۳ ماشہ ملائیں ۔

خوراک !- ا تولہ تا ا تولہ ۳ ماشہ

فوائد ! مسلول کو بجد نافع ہے ۔

شربت خشخاش صغیر :-

نسخہ !- ڈوڈہ پوست بمعہ خشخاش یکصد [10] عدد ۔ ۴۰ / ۲ چھٹانک ۳ تولہ پانی میں دو روز تک تر رکھیں ۔ پھر جوش دیں ۔ کہ نصف باقی رہے ۔ ایک من طبی قند سفید میں

قوام تیار کریں۔
فوائد۔ سلول کیلئے نافع ہے۔

شربت شہد :-

نسخہ! شہد ۵ تولہ۔ آملہ ۲½ تولہ پانی ایک سیر۔ قند سفید نصف سیر۔ چینی کے برتن میں بند کرکے ایک ہفتہ تک زمین میں دفن کریں۔ اس کے بعد صاف کرکے قوام شربت کا تیار کریں۔

خوراک۔ نافع بواسیر ہے۔ ایک تولہ پانی میں ملا کر لیں

شربت نانخواہ

نسخہ! اجوائن دیسی۔ گڑ کہنہ ہر ایک ۱۲½ تولہ۔ پانی مقطر دو من طبی کسی برتن میں ڈال کر ایک ہفتہ گھر میں گرم جگہ پر رکھیں۔ اس کے بعد جو شدہ کیا صاف کرکے قوام پر لائیں۔

خوراک ۲½ تولہ تک

فوائد :- ہاضم طعام قوی معدہ ہے۔

شربت دیاقوذا :-

نسخہ! خشخاش سفید معہ پوست بیس ۲۰ عدد۔ تخم خطمی کمتیرہ۔ گوند ببول۔ تخم خبازی۔ بہیدانہ ہر ایک ۱۵ ماشہ اصل السوس ۶ ماشہ۔ اسبغول ۲½ تولہ ۳ ۳ چھٹانک ۳ تولہ پانی با ان میں دو شبانہ روز تر رکھیں۔ اس کے نرم آنچ پر جوش دیں۔ کہ گدہ بن جائے۔ اور نصف کے

قدر باقی رہے ۔ اس کے بعد صاف کر کے قند سفید یک من
میں قوام بنائیں ۔

فوائد :- مانع نزلات و انصباب ہے ۔

شربت نفاع :-

نسخہ : آب پودینہ ۔ خردل سرخ ہر ایک ۵ تولہ ۔
شب یمانی ۳ ماشہ ۲۲½ تولہ خمر (یعنی شراب) میں خوب
پیس کر ۳ سیر ۱۲ چھٹانک پانی میں جوشدیں ۔ حتیٰ کہ
نصف پانی باقی رہے ۔ صاف کر کے ایک سیر ۱۲ چھٹانک
شہد میں قوام کریں ۔

فوائد :- مشتہی طعام بے حد ہے ۔

شربت عناب :-

نسخہ :- عناب ۴۰ عدد ۔ نیلوفر ۔ بنفشہ ہر ایک دو تولہ
بہیدانہ ۱ تولہ قند سفید ½ سیر قوام بنائیں ۔

شربت جدید ۔

نسخہ : ہلیلہ زرد ۔ ہلیلہ کابلی و سیاہ ۔ تربد ۔ سناکی ۔
اجوائن دیسی ۔ تخم کرفس ۔ بادیان ۔ انیسون ۔ بیخ کبیر ۔ سونٹھ
نمک ملتانی ۔ سہاگہ ۔ فلفین ۔ نمک لاہوری ۔ ہر ایک ۱ تولہ
مغز گنوار نصف سیر ۔ قند سیاہ تین پاؤ کسی برتن میں ڈال
کر ایک ہفتہ لید اسپ میں دفن کریں ۔ اس کے بعد نکال
لیں ۔

خوراک ۲ دو تولہ استعمال کریں ۔

روضہ دوئم لعوق کے بیان میں

لعوق سپستان

نسخہ: سپستان ۲۲ عدد ۔ منقیٰ ۱۰ تولہ ۔ فلوس ۲½ تولہ ملٹھی ۱۰ تولہ ۔ نصف من طبی (۲½ سیر) قند سفید لعوق تیار کریں مقدار خوراک تھوڑا تھوڑا چاٹیں۔

فوائد: ۔ کھانسی بلغمی۔ سل و دق کو بے حد نافع ہے۔

لعوق زوفا۔

نسخہ: ۔ زوفا۔ ایرسا ہر ایک ۵ تولہ ۔ قند سفید ۲۸ تولہ میں قوام کریں۔

فوائد: ۔ تنگی سانس و پرانی کھانسی کیلئے نافع ہے۔

لعوق حب الرشاد۔

نسخہ: ۔ تخم تیرہ تیزک ۲½ تولہ ۔ ملٹھی ۱ تولہ ۔ انیسوں رازیانہ ہر ایک ۹ ماشہ شہد ۲۸ تولہ ۔ لعوق بنائیں۔

فوائد: ۔ بلغمی کھانسی کے لئے بیحد نافع ہے۔

لعوق بزرالکتان

مغز تخم خیارین ہر ایک ۶ ماشہ ۔ کاہو ۱½ ماشہ ۔ مغز کدو ۶ ماشہ ربّ ملٹھی ۳½ ماشہ ۔ کافور ۲ رتی ۔ بالنگو کے لعاب میں قرص بنائیں

فوائد:۔ دافع تپ دق و حرقہ ہے ۔ بیحد مفید ہے ۔
خوراک :۔ ۴ ماشہ دن میں دو بار

قرص سرطان

نسخہ:۔ مغز تخم خیارین ایک تولہ ۔ طباشیر ۔ سرطان محرق ہر ایک ۶ ماشہ ۔ نشاستہ ۳ ماشہ ۔ لعاب بالنگو میں قرص تیار کریں

فوائد:۔ مسلول کے لئے بہت مفید ہے ۔
خوراک :۔ ۴ ماشہ دن میں دو بار گدھی کے دودھ میں استعمال کریں

قرص خشخاش

نسخہ:۔ گل سرخ ۔ گوند ببول ہر ایک ایک تولہ ۔ نشاستہ ۔ کتیرا ۔ ربّ ملٹھی ہر ایک ۲½ تولہ ۔ خشخاش سیاہ و سفید ہر ایک ۹ ماشہ ۔ طباشیر ۱½ ماشہ ۔ زعفران دو رتی تمام کو کوٹ پیس کر اقراص حسب معمول بنائیں ۔

فوائد:۔ زخمہائے سینہ و پھیپھڑا و مثانہ کو بے حد نافع ہے ۔

قرص شب

نسخہ:۔ شب یمانی ۔ شاخ گوزن محرق ۔ کتیرا ۔ گل ارمنی تخم خرفہ ۔ مساوی لے کر خرفہ کے پانی کے ہمراہ اقراص بنائیں ۔

فوائد:۔ دافع بول الدم ہے ۔
خوراک ۳ ماشہ دن میں تین بار ہمراہ آب دیں ۔

قرص کاکنج

نسخہ:- مغز تخم خیارین - حب کاکنج - مغز بادام - رب ملیٹھی - نشاستہ - گوند ببول - دم الاخوین - کتیرا - کندر ہر ایک ۲½ تولہ - تخم کرفس ۶ ماشہ - افیون ۳ ماشہ - قرص بنائیں -

خوراک:- ۷ ماشہ

فوائد:- دافع سوزاک - منتحرقہ وبول الدم

قرص ذیابطیس

نسخہ:- طباشیر - ست ملیٹھی ہر ایک ۲½ تولہ - تخم کاہو ۶ ماشہ تخم خرفہ ۳ تولہ ۹ ماشہ - گل سرخ - کشنیز ہر ایک ۱۵ ماشہ - اقاقیہ صندل سفید - گل ارمنی - گل نار ہر ایک ۹ ماشہ و ۴ رتی - کہربا ۱۵ ماشہ نشاستہ مغسول - گل مختوم ہر ایک ۲½ تولہ - شب یمانی ۷½ ماشہ - افیون - دارچینی ہر ایک ۶ ماشہ - قرص تیار کریں -

فوائد:- دافع ذیابطیس ہے -

قرص دافع بواسیر

نسخہ:- مرجان - کہربا - کوڑی سوختہ - گل ارمنی ہر ۲½ تولہ ہلیلہ سیاہ روغن زیت میں بریان کی ہوئی - بلیلہ ہر ایک ۱۵ ماشہ تخم گندنا ۹ ماشہ - مقل ۲½ تولہ - گندنا کے پانی میں اقراص بنائیں - خوراک ۶ ماشہ - فوائد:- دافع بواسیر بیعدبل ہے -

قرص حلتیت

نسخہ :۔ مرصاف ۔ حلتیت ۔ سداب تمام مساوی لیکر قرص بنائیں ۔

خوراک :۔ ۱ ۱/۲ ماشہ

فوائد :۔ چوتھیہ بخار کے لئے نافع ہے ۔

قرص لبوب

نسخہ :۔ مغز فندق ۔ پستہ ۔ بادام بہدانہ ۔ تخم خربوزہ تخم خیارین ۔ مغز کدو ۔ مغز ہندوانہ ۔ خشخاش محلب ۔ نشاستہ خطمی ۔ خبازی ۔ رُب ملٹھی ۔ گل ارمنی ۔ چلغوزہ ۔ تخم کرفس کوہی سونف ۔ کرفس تمام بوزن مساوی لے کر لعاب اسی میں اقراص تیار کریں ۔

خوراک :۔ ۱ ۱/۲ ماشہ ہمراہ شربت سادہ مناسبہ سے

فوائد :۔ زخم گردہ و مثانہ کو بے حد نافع ہے ۔

قرص مفتت

نسخہ :۔ تخم جزر ۔ تخم کرفس پیلنجہ ۔ دار چینی ۔ بالچھڑ تمام قرص بنائیں ۔

خوراک :۔ ۶ ماشہ ہمراہ شیر خارخشک ۔

فوائد :۔ پتھری کو توڑ کر خارج کرنے میں مفید ہے ۔

قرص تقطیر البول

نسخہ :- مرزنجوش ۔ سداب ۔ بذرالبنج ۔ انیسوں ہر ایک ۳ ماشہ ۔ جندبیدستر ۶ ماشہ ۔ مرسوما گ قرص تیار کریں ۔

خوراک :- ۱½ ۔ ۳ ماشہ

فوائد ۔ قطرہ قطرہ پیشاب آنے کو روکے

قرص مثلث

نسخہ :- افیون ۔ مرکی ۔ کافور ۔ اجوائن خراسانی ۔ لادن ۔ پوست بیخ لفاح ہر ایک ۱۵ ماشہ ۔ کندر ۔ انزروت آملہ ۔ گل ارمنی ہر ایک ۲½ تولہ ۔ گلاب میں اقراص سہ پہلو تیار کریں تاکہ دوسرے اقراص سے ممتاز ہوں ۔

فوائد :- دردسر و شقیقہ کے لئے عجیب ہیں ۔

قرص برائے سعفہ

نسخہ :- زرد چوبہ ۔ مغز بادام تلخ ۔ مقل ہر ایک ایک تولہ کو سرکہ میں حل کر کے بنائیں ۔ بوقت حاجت کانسی کے پانی کے ساتھ ملا کر لگائیں ۔

فوائد :- گنج ۔ بالچھڑ ۔ بال گرنے کو مفید ہے ۔

قرص زرنیخ

نسخہ :- ہڑتال زرد و سرخ ۔ چونہ مغسول

مازو ۳ ماشہ۔ زنگار۔ پھٹکڑی سرخ ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ شب یمانی اقاقیا۔ گلنار ہر ایک ۹ ماشہ۔ سرکہ میں بھگو کر دھوپ میں رکھ دیں۔ اس کے بعد قرص تیار کر کے بوقت ضرورت روغن گل سے چرب کر کے چھڑکیں۔

فوائد:۔ منہ کے آبلوں۔ منہ کے پک جانے و مسوڑوں کے درد کے لئے مفید ہے۔

قرص درد۔ برائے مسہل

نسخہ:۔ گل سرخ ۲½ تولہ۔ سنبل الطیب ۱۵ ماشہ۔ ست ملٹھی ۱۵ ماشہ۔ سقمونیا ۹ ماشہ اقراص بقدر ۳ ماشہ تیار کریں۔

خوراک:۔ ایک قرص ہمراہ سرد پانی دیں۔

فوائد:۔ بے ضرر مسہل ہے۔ مقر معدہ تک صاف کرتا بلا تکلیف دست لاتا ہے۔

قرص غواصی

نسخہ:۔ جو کا آٹا بریاں کیا ہوا۔ دودھ مٹھو ہر میں گوندھ کر قرص بنائیں۔ خوراک:۔ ایک تا ۳ ماشہ

قرص دافع نفث الدم

نسخہ:۔ کہربا۔ طباشیر۔ اقاقیا۔ دم الاخوین۔ گل ارمنی کتیرا۔ گوند ببول۔ نشاستہ۔ گلنار۔ عصارہ لحیۃ التیس۔

بوزن برابر لے کر قرص تیار کریں۔

فوائد:۔ نفث الدم۔ خون تھوکنے کے لئے نافع ہے۔

قرص طباشیر ملین

نسخہ:۔ نشاستہ ۹ ماشہ۔ گل سرخ ۱۸ ماشہ۔ گوند ببول کتیرا۔ طباشیر۔ زعفران۔ مغز تخم خیارین۔ خرفہ ہر ایک ۶ ماشہ ۲۱ ماشہ لعاب اسبغول میں قرص بنائیں۔

فوائد:۔ دافع قبض۔ ملین ہے۔

قرص عنبر

نسخہ:۔ عنبر ایک تولہ۔ مشک ۳ ماشہ۔ گلاب دو آتشہ بید مشک یک آتشہ قند سفید ایک سیر قوام کر کے قرص تیار کریں

خوراک:۔ ایک ماشہ ہمراہ سات تولہ عرق بید مشک

قرص گلنار

نسخہ:۔ سلیخہ۔ گل ارمنی ہر ایک تولہ۔ گوند۔ گل سرخ گلنار۔ اقاقیا ہر ایک ۹ ماشہ۔ انار کے پھولوں کے پانی میں اقراص بقدر ۳½ ماشہ بنائیں۔

فوائد:۔ پیٹ سے خون آنے کو بند کرتا ہے۔

خوراک:۔ ۳ تا ۴ ماشہ۔

قرص انجبار

نسخہ:۔ انجبار۔ گل ارمنی۔ گلنار۔ گوند ہر ایک ۳ ماشہ۔

صندلین ۔ نشاستہ ۔ ہر ایک ۶ ماشہ ۔ قرص بنائیں ۔
فوائد :۔ حابس خون و اسہال ہے ۔

قرص صندل

نسخہ :۔ صندل سفید پسا ہوا دو تولہ ۔ عنبر ۳ ماشہ مشک ایک ماشہ ۔ گلاب و بید مشک ، ایک آتشہ قند سفید ایک قوام کر کے اقراص بنائیں ۔

قرص ذیابیطس

نسخہ :۔ طباشیر ۔ تخم خرفہ ۔ تخم کاہو ۔ رُب ملٹھی ہر ایک ۱۵ ماشہ ۔ تخم خشخاش ۔ دھنیا ۔ گل ارمنی ہر ایک ۹ ماشہ ۔ گلنار ۳ ماشہ ۔ صندل سفید ۔ سماق ۔ گوند کیکر ۔ کافور ہر ایک ۶ ماشہ بطریق مرسوم اقراص تیار کریں ۔
خوراک :۔ ۶ تا ۷ ماشہ
فوائد :۔ ذیابیطس حار کو بے حد نافع ہے ۔

قرص برائے ناصور و باثور

نسخہ :۔ قنب صاف کی ہوئی ۔ روغن میں لت پت کر کے اور گھوٹ کر مقام متوف پر رکھیں ۔
فوائد :۔ ناصور و بثورات کے لئے نافع ہے ۔

—— .... ——

روضہ سوئم بنادقات میں۔

بنادق البذر۔ برائے سوزاک و قروح

نسخہ:۔ مغز تخم خربوزہ۔ و مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو۔ خرفہ خطمی بادام ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ کتیرا۔ کندر۔ گوند ببول۔ نشاستہ۔ رُب سُلسی۔ خشخاش۔ دم الاخوین ہر ایک ۶ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ اسبغول کے لعاب میں بنادق رسوما تیار کریں۔

فوائد:۔ سوزاک:۔ و قروح گردہ و مثانہ کے لئے نافع ہیں

بنادق برائے باہ

نسخہ:۔ مغز حب قلقل۔ مغز خربوزہ۔ مغز بادام مغز چلغوزہ۔ مغز فندق ہر ایک ۲ تولہ۔

مقدار خوراک ۱۵ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ یا پانی خار خسک

فوائد:۔ مقوی باہ ہے۔

روضۂ چہارم سفوفات میں

مشتمل بر دو چمن

چمن اوّل سفوفات ملینہ و مسہلہ میں

سفوف سورنجاں

نسخہ :۔ سورنجاں ۲½ تولہ۔ سنائکی ۱۲ ماشہ۔ ہلیلہ زرد۔ مغز بادام ہر ایک ۹ ماشہ زعفران۔ سقمونیا۔ ہر ایک ۱½ ماشہ۔ قند سفید ہموزن تمام ادویہ سفوف بنائیں

مقدار خوراک :۔ ۷ ماشہ

فوائد :۔ یہ ہر قسم کے درد کے لئے مفید ہے۔

سفوف نمک دافع ہائے کہنہ

نسخہ :۔ پوست ہلیلہ زرد۔ تربد ہر ایک تولہ۔ نمک ہندی نمک نفطی۔ نمک طبرزد ہر ایک ۳ ماشہ۔

سفوف خوراک :۔ ۷ ماشہ پانی گرم سے

فوائد :۔ تپ ہائے کہنہ و درد میں مفید ہے۔

سفوف تربد :۔

نسخہ :۔ تربد ۳ ماشہ سونٹھ

مصطگی رومی ہر ایک ۴ رتی - مغز بادام تین عدد - قند سفید - ہموزن
تمام ادویہ سفوف بنائیں -
خوراک حسب برداشت
فوائد :- دافع اخلاط لزجہ و فاسدہ معمول

سفوف ہلیلہ

نسخہ :- ہلیلہ کابلی ۶ ماشہ - نمک ہندی - فلفل دراز ہر ایک
۴ رتی سفوف بنائیں -
مقدار خوراک :- یہ ایک خوراک ہے -
فوائد :- مصلح معدہ ملین ہے -

سفوف دافع ورم جگر

نسخہ :- ہلیلہ کابلی - ہلیلہ سیاہ ہر ایک یک تولہ - تخم کرفس -
انیسون - سونف ہر ایک ۱۵ ماشہ - ریوند چینی ۲½ تولہ -
مقدار خوراک :- ۹ ماشہ ہمراہ دودھ اونٹنی کے دیں -
فوائد :- ورم جگر ہر قسم کو نافع ہے -

سفوف فرو دارندۂ طبع

نسخہ تمر ہند - غاریقون ہر ایک ۱½ ماشہ - نمک - ریوند ہر ایک
۴ رتی - خوراک :- حسب مزاج
فوائد :- جوش طبع کو بٹھلائے اور طبیعت کو اعتدال پر لائے

سفوف دافع کرمہائے

نسخہ:۔ شیح ارمنی ۔ برنگ کابلی ۔ باقلا مصری قبیل کابلی ترمد ہر ایک ۳ ماشہ ۔ افسنتین ۔ حب النیل ہر ایک ۱۵ ماشہ ۔ تین روز تک ایک پیالہ دودھ شکر ملا ہوا کے ساتھ کھلائیں ۔ اور چوتھے دن صرف دودھ میں دوائی ملا کر کھلائیں ۔ غذا نخود کا پانی دیں مجرب گفتہ

فوائد:۔ پیٹ کے کیڑوں کو نکال کر باہر کرتا ہے ۔

سفوف ضیق النفس

نسخہ:۔ تخم حنظل ۔ بھنگرہ ۔ دیودار ۔ فلفلین ۔ گندھک مُصفٰے ۔ زنجبیل بوزن مساوی ۔

خوراک:۔ دافع ضیق النفس معمول ہے ۔

سفوف دافع امراض سوداویہ و بواسیر

نسخہ:۔ ہلیلہ کابلی ۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۶ ماشہ ۔ افتیمون ۹ ماشہ ۔ پتھر ارمنی ۳ ماشہ ۔ بفاریخ ۶ ماشہ ۔

مقدار خوراک:۔ ۶ ماشہ ہمراہ ماء الجبن کھلائیں ۔

فوائد:۔ امراض سوداویہ و بواسیر کے لئے مفید ہے ۔

سفوف دافع تپ بلغمی

نسخہ:۔ زنجبیل ۔

مصطگی ہر ایک ۳ ماشہ - تربد ۶ ماشہ - قند ایک تولہ۔
خوراک :۔ ۷ ماشہ تک
فوائد :۔ دافع تپ بلغمی ہے۔

سفوف شیریں

نسخہ :۔ گل گاؤزبان - گل بنفشہ - زنجبیل - دانہ الائچی خورد ہر ایک یک ماشہ - تربد - حب النیل - سناکی ہر ایک ۳ ماشہ قند سفید ایک تولہ سفوف بنائیں۔

سفوف سودائے دماغی

نسخہ :۔ تربد - افتیمون نمک ہر ایک ۳ ماشہ - یہ ایک خوراک ہے۔
فوائد :۔ سودائے دماغی کے دفعیہ کے لئے مفید ہے۔

سفوف بیخ سم دافع سودا و بلغم

نسخہ :۔ ہلیلہ کابلی و ہلیلہ سیاہ - تخم بکائین - گل گز - افتیمون بیخ کاسنی تمام بوزن مساوی - قند سفید تمام کے نصف لے کر سفوف بنائیں۔
فوائد :۔ بواسیر خونی کے لئے خصوصیت سے مفید ہے

سفوف دافع اخلاط ثلاثہ

نسخہ :۔ حب النیل ۹ ماشہ

ہمراہ شربت سادہ سرد پلائیں ایک خوراک ہے۔
فوائد :۔ مخرج اخلاط ثلاثہ ہے۔

سفوف مقئ

نسخہ :۔ تخم ترٹی ٦ ماشہ ہمراہ پانی کھلائیں۔
فوائد :۔ قئے آور ہے۔

چمن دوئم در سفوفات غیر مسہلہ

سفوفِ ہاضم

نسخہ :۔ سماق۔ انار دانہ ترش۔ سعتر۔ دار چینی۔ کمال بتر تمام مساوی لیموں کے پانی میں تر کرکے خشک کرکے قدرے مرچ سیاہ داخل کرکے کھلائیں۔
فوائد :۔ دافع سوء ہضم ہاضم طعام ہے۔

سفوف دافع آتشک

نسخہ :۔ پوست درخت کنار ترش یک پاؤ۔ مسی جو عورتیں دانتوں میں ملتی ہیں۔ ۲½ تولہ۔ دونوں کو کوٹ پیس کر بقدر ۵ ماشہ پوڑی بنائیں۔ چالیس روز تک ایک روزانہ

پوڑیاں کھلائیں۔ غذا روٹی خوب روغنی بے نمک دیں۔ بغیر منہ آئے اور مسہل کے شفا ہو جاتی ہے۔

فوائد:۔ آتشک کے لئے عجیب ہے۔

سفوف طباشیر

نسخہ:۔ طباشیر۔ گل سرخ ہر ایک ۹ ماشہ۔ دھنیا ۶ ماشہ۔ صندل سفید۔ مروارید۔ کہربا ہر ایک ۱½ ماشہ۔ کافور ۲ رتی۔

خوراک:۔ ۶ ماشہ سفوف ہمراہ آب استعمال کریں۔

فوائد:۔ حرارت قلب و اختلاج قلب حار کے لئے بے حد نافع ہے۔

سفوف خفقان سرد

نسخہ:۔ درونج عقربی۔ گاوزبان ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ زرنباد ۶ ماشہ۔ گل سرخ۔ فرنجمشک ہر ایک ۹ ماشہ سفوف بنائیں۔ خوراک:۔ ۳½ ماشہ ماءالعسل کے ساتھ دیں۔

فوائد:۔ خفقان سرد کے لئے نافع ہے۔

سفوف ارسطو سکندری

نسخہ:۔ قرفہ۔ ساذج۔ عود خام۔ اسارون۔ مصطگی رومی۔ ہلیلہ کابلی۔ فرنجمشک۔ لونگ۔ نارمشک

دار چینی ۔ اُشنہ ۔ فلفلین ۔ قاقلتین ۔ جوز بوا ۔ زیرہ کرمانی ۔ زنجبیل
آنار دانہ ہر ایک ۶ ماشہ ۔ کافور ۔ مشک ۔ عنبر ہر ایک ۳ ماشہ ۔
قند سفید ۱۸ ماشہ ۔ بعض نسخہ میں چھ چند ہے ۔
خوراک :۔ ۹ ماشہ تک ہے ۔
فوائد :۔ ہاضم ۔ مقوی دل و مقوی معدہ ہے ۔

سفوف دافع برودت معدہ

نسخہ :۔ فلفل ۔ نانخواہ ۔ الائچی کلاں ۔ تمام دوائیں بوزن مساوی ۔ قند سفید تمام دواؤں کے وزن کے برابر لے کر سفوف بنائیں ۔ خوراک ۷ ماشہ ۔
فوائد :۔ معدہ کی برودت ۔ نفخ و قراقر شکم کے لئے بے حد نافع ہے ۔

سفوف برائے اسہال معدی

نسخہ :۔ سماق ۲½ تولہ ۔ حب الآس ۔ انار دانہ نُودادہ ہر ایک ۱۵ ماشہ ۔ خرنوب ۳ تولہ ۹ ماشہ ۔ گوند ببول ۔ گلنار ہر ایک ۶ ماشہ ۔ خوراک ۶ ماشہ
فوائد :۔ اسہال معدی و زیادتی پیاس کے لئے نافع ہے ۔

سفوف کہ اسہال بند کرے

نسخہ :۔ شاہ بلوط ۹ ماشہ ۔ مازو ۔ پوست خشخاش نودادہ

ہر ایک ایک تولہ۔ سماق۔ حب الآس ہر ایک ۱½ تولہ۔
خوراک:۔ ۶ ماشہ سرد پانی کے ساتھ
فوائد۔ زیادتی اسہال کا دافع ہے۔

سفوف برائے اسہال بلغمی

نسخہ:۔ جوز بوا۔ بہو دادہ ۹ ماشہ۔ اجوائین دیسی۔
کندر ہر ایک ۱½ ماشہ سفوف بنائیں۔
فوائد:۔ اسہال بلغمی کو روکنے کے لئے بے حد نافع ہے۔
خوراک:۔ ۳ ماشہ ہمراہ پانی گرم سے کھلائیں۔

سفوف مفتح سدہ جگر

نسخہ:۔ طباشیر۔ ریوند چینی۔ پوست بیخ کبر ہر ایک ۶ ماشہ
عصارہ غافث ۳ ماشہ۔ زرشک۔ مہدانہ ہر ایک ۹ ماشہ۔
ایرسا۔ ۴½ ماشہ۔
خوراک:۔ ۳ ماشہ ہمراہ شکنجبین بزوری۔
فوائد:۔ جگر و طحال کے سدے کھولتا ہے۔

سفوف محکی الملائی

نسخہ:۔ گل سرخ۔ کہربا ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ عود ہندی
۶ ماشہ۔ زرشک۔ مہدانہ ہر ایک ۲½ تولہ۔ صندل سفید۔
طباشیر ہر ایک ۶ ماشہ۔ بالچھڑ ۳ ماشہ۔ کیسر۔ کافور ہر ایک

۴ رتی ۔ خوراک :۔ ۶ ماشہ ہمراہ منضج دیں ۔
فوائد :۔ ہچکی امتلائی جو معدہ کی پری کی وجہ ہو نافع ہے

سفوف دافع استسقا حار

نسخہ :۔ عود خام ۔ لونگ ۔ مصطگی ۔ آملہ ۔ گل سُرخ ۔
ہر ایک ۱۵ ماشہ ۔ ریوند چینی ۔ دھنیا ۔ طباشیر ہر ایک ۶ ماشہ
خوراک :۔ ۶ ماشہ سوتے وقت ہمراہ عرق بادیاں ۔
فوائد :۔ استسقا گرم کے لئے نافع ہے ۔

سفوف دافع سکر و مستی ۔

نسخہ :۔ تخم کرنب ۔ مغز بادام تلخ و بادام شیریں پودینہ
تمام مساوی لے کر سفوف بنائیں ۔ خوراک ۔ ۳ تا ۷ ماشہ
پانی کے ساتھ ۔

سفوف لاغر کرنیوالا

نسخہ :۔ لک مغسول ۶ ماشہ ۔ اجوائین دیسی سداب
زیرہ کرمانی مدبر ہر ایک ایک تولہ ۔ مرزنگوش ۔ بورہ ارمنی
پھٹکڑی ۔ زراوند گول ۔ جنطیانا ۔ سندروس ہر ایک ۲ ماشہ
مقدار خوراک :۔ ۳ ماشہ تک
فوائد :۔ یہ سفوف مٹاپا دور کرتا ہے ۔ بہت نافع ہے

سفوف دافع سلس البول

نسخہ :۔ کندر ۔ سور

خولنجان ۔ زیرہ کرمانی مدبر ۔ شاہ بلوط ۔ حب الآس تمام مساوی
خوراک :۔ ۶ ماشہ
فوائد :۔ بار بار پیشاب آنے کو نافع ہے ۔

سفوف مفتت حصات

نسخہ :۔ مغز تخم خیارین ۔ مغز کدو ۔ خربوزہ ہر ایک ۱۵ ماشہ ۔ خسک فربہ ۱½ تولہ ۔ سنگ یہود ۔ کلتھی ہر ایک ۹ ماشہ انجدان رومی ۔ کرفس پہاڑی ہر ایک ۳ ماشہ ۔ گوند ببول ۔ کتیرا ہر ایک ۳½ ماشہ ۔
خوراک :۔ ۶ ماشہ ماء المسک کے ساتھ دیں ۔
فوائد :۔ پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے نکالے ۔

سفوف ذیابیطس

نسخہ :۔ گوند ببول ۔ گل ارمنی ۔ گلنار ۔ سماق ۔ بلوطہ ہر ایک ۱۵ ماشہ ۔ کاہو ۔ خرفہ ہر ایک ۹ ماشہ ۔ صندل سفید طباشیر ہر ایک ۶ ماشہ ۔ سفوف بنائیں ۔ خوراک ۱۷ ماشہ دن میں دو بار
فوائد :۔ ذیابیطس کے لئے بے حد مفید ہے

سفوف مانع اور ارمنی

نسخہ :۔ تخم سداب ۔ سہماکو ۔ ایرسا ہر ایک ۶ ماشہ گلنار ۔ گل سرخ ۔ بیخ نے (بانسں) پودینہ کوہی ۔ مرزنجوش

ہر ایک ½۴ ماشہ۔ سفوف بنائیں۔
فوائد:۔ سیلان منی مردمان و سیلان الرحم زنان کو نافع ہے

سفوف دافع بواسیر

نسخہ:۔ ہلیلہ سیاہ۔ مغز کشمیز رج مساوی کوفتہ بیختہ۔ خوراک ۳ تا ۶ ماشہ
فوائد:۔ بواسیر ہر قسم کے لئے نافع ہے۔

سفوف گل خوردن

نسخہ:۔ انیسوں۔ تخم کرفس۔ زیرہ کرمانی بدبر۔ اجوائین دیسی ہر ایک ½۲ تولہ۔ فلفل سفید ½۱ تولہ۔ لونگ ۱۵ ماشہ۔ سفوف بنائیں۔
خوراک:۔ ½۳ ماشہ
فوائد:۔ مٹی کھانے کی عادت کو روکے و معین و نافع جریان زنان۔

سفوف از قرابادین صاحب اسباب و علامات

نسخہ:۔ اسبغول ۵ تولہ۔ تخم ریحان۔ تخم مرو۔ بارتنگ چاردن سالم۔ خشخاش ہر ایک ½۲ تولہ۔ تخم حماض خرفہ۔ نشاستہ تمام بُو دادہ ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ گل ارمنی ۳ تولہ ۹ ماشہ۔ خوراک ۹ ماشہ

فوائد:۔ مغلیاثا کے مانند دافع سحج و زحیر و بواسیر ہے

سفوف ابن ماسویہ

نسخہ:۔ تخم خطمی۔ خبازی ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ نشاستہ بریان کردہ۔ صمغ عربی۔ گل ارمنی ہر ایک ۶ ماشہ۔ سفوف بنائیں۔

خوراک:۔ ۹ ماشہ

فوائد:۔ دافع زحیر و پیچش و خراش امعاء ہے۔

سفوف دافع جریان منی

نسخہ:۔ معہ چرس۔ بھنگرہ۔ گوند سول خشخاش خاکستر سرگین گائے۔ چاول ساٹھی۔ کونپل لسوڑہ بوزن برابر قند سفید تمام ادویہ کے مساوی۔

خوراک:۔ کف دست غذا نان و چاول مرغن مصری کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد۔ جریان منی و ذیابیطس کو بے حد نافع و معمول ہے

سفوف دافع ضیق النفس

نسخہ:۔ گل تمباکو۔ درحقہ جلایا ہوا۔ نصف سیر سات روز شیر مدار (آک) میں تر رکھیں۔ سمپٹ میں دو پستارہ اُپلہ میں آگ دیں۔

خوراک :۔ بقدر ایک رتی مکھن تازہ ملیں دیں۔
فوائد۔ ضیق النفس و دمہ بلغمی کے لئے بے حد نافع ہے

سفوف جہار و سوزاک

نسخہ :۔ پوست نخود سیاہ ۶ ماشہ زیرہ سفید۔ خار خشک ۔ اندر جو۔ قاقلتین ہر ایک ۳ ماشہ ۔ جوکھار ۔ شورہ قلمی۔ ریوند ہر ایک دو ماشہ ۔
فوائد۔ تقطیر البول و سوزاک کو نافع ۔

سفوف برائے سوزاک

نسخہ :۔ آٹا نخود سیاہ ۶ ماشہ ۔ پنبہ دانہ ۔ خشت پختہ کہنہ ہر ایک ایک تولہ ۔ سلاجیت ½ ۱ ماشہ ۔ قند سفید ۱۵ تولہ سفوف بنائیں ۔
فوائد۔ سوزاک کے لئے بے حد مفید ہے ۔

سفوف ہاضم دودھ

نسخہ :۔ شاخ گوزن سوختہ ۔ تالمکھانا ۔ کمرکس بیج بند ۔ تمام مساوی ۔ قند سفید سب کے نصف ۔
خوراک :۔ یکقدر ست ہمراہ دودھ کھلائیں ۔
فوائد۔ دودھ کا ہاضم مقوی بدن ہے ۔

-----........-----

سفوف حابس اسہال

نسخہ :- مغز انبہ ۔ مغز جامن ۔ تج ۔ بلگری ۔ کتھوری پوست ہر ایک ۶ ماشہ ۔ افیون یکماشہ ۔
خوراک :- دستوں کو بند کرنے کے لئے مجرب ہے ۔

سفوف دافع ادرار منی

نسخہ :- زیرہ سیاہ و جوائن ۔ قند سفید تمام برابر وزن
خوراک :- بقدر ۷ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ ۔
فوائد :- سیلان و جریان کے لئے مفید ہے ۔

سفوف دافع جرب وحکہ

نسخہ :- گندھک ۲½ ماشہ ۔ مامیراں ۔ شاہترہ ہر ایک ۹ ماشہ ۔ تخم کشوث ۔ طباشیر ۔ تخم خرفہ ۔ تخم کاہو ۔ تخم کاسنی ۔ ریوند چینی ہر ایک ۶ ماشہ ۔ کنجد سفید ۔ قند سفید ہر ایک ۱۵ ماشہ ۔
خوراک حسب مزاج ۔
فوائد :- خارش تر و خشک کے لئے نافع ہے ۔

سفوف دافع سیلان منی

نسخہ :- خشخاس تولہ ۔ کاہو ۹ ماشہ ۔ ملٹھی ۔ گل سرخ

تخم سداب ۔ شہد رنج ۔ سعد ہر ایک ۶ ماشہ ۔ گلنار ۲½ تولہ
قند سفید ۔ تمام ادویہ کے برابر ۔
فوائد :۔ دافع سیلان ہر قسم ہے ۔ سیلان منی کے لئے مخصوص ہے ۔

سفوف حابس طمث

نسخہ :۔ مازو ۔ پھٹکری ۔ کتھ ہر ایک ۳ ماشہ ۔ پوست انار ۔ مائیں طباشیر ۔ سپاری ہر ایک ۶ ماشہ سفوف بنائیں
فوائد :۔ حیض کو بند کرنے کے لئے معمول ہے ۔

سفوف مدر حیض

نسخہ :۔ مرمکی ½۱۰ ۔ ہینگ ½۱۳ ماشہ ۔ سداب ۲ تولہ ½ ماشہ ۔ ہیوبیر ۵ تولہ ۔ کوٹ پیس کر سفوف بنائیں ۔ ہیوبیر بقدر مزاج مریض کھلائیں ۔
خوراک :۔ ۴ ماشہ دن میں دو بار
فوائد :۔ بند حیض کو جاری کرنے میں مفید ہے ۔

سفوف مشتہی طعام

نسخہ :۔ ترپھلا ۔ ترکٹہ ۔ دہجوائین ۔ اجوائن دیسی تمام مساوی لے کر دو حصہ پانی شراب دو آتشہ میں جوش دے کر خشک کر کے قند سفید بوزن برابر ادویہ کے ملائیں ۔

خوراک :- ٦ ماشہ
فوائد :- بھوک لگانے اور طعام کے ہضم میں مؤثر ہے۔

سفوف دافع گولہ وبدہضمی

نسخہ :- ہینگ بریان کی ہوئی یک ماشہ۔ برنگ ۲ ماشہ
فلفل دراز ۳ ماشہ۔ زنجبیل چار ماشہ۔ اجوائین پنج ماشہ
ہلیلہ زرد ٦ ماشہ۔ شیطرج ۷ ماشہ۔ قسط ۷ ماشہ۔ تمام
دواؤں کا سفوف بنائیں۔
خوراک :- چار ماشہ۔ گرم پانی کے ہمراہ

سفوف ممسک وبہی

نسخہ :- دال ماش شیر بھینس میں مدبر کی ہوئی۔ اور
گھی میں بریان شدہ نیم پاؤ۔ ستاور۔ سنگھاڑا۔
موصلی سیاہ ہر ایک ۳ تولہ ۴ ماشہ۔ روزانہ ایک تولہ۔
ہمراہ دودھ گاؤ کھلائیں۔
فوائد :- ممسک وبہی ہے۔

سفوف جمیع ازار اطفال کو رفع کرے

نسخہ :- انار دانہ۔ رسوت۔ سونف۔ ہلیلہ سیاہ
ہلیلہ زرد۔ مازو۔ کتھ سفید ہر ایک ٦ ماشہ۔ برگ نیم
چاکسو۔ کچور ہر ایک یک تولہ۔ اجوائین۔ ورچ ہر ایک دو ماشہ

پودینہ - نمک سیچر - سونٹھ - مرچ سیاہ - ہر ایک چار ماشہ
سندور یک ماشہ سفوف بنائیں -
خوراک ایک ماشہ -
فوائد - بچوں کے ہر قسم کے دردوں کو دفع کرتا ہے

سفوف ممسک بے سکر

نسخہ :- تخم املی بریان کردہ چار ماشہ - مُر یکماشہ
نخود بریان یک تولہ - خشخاش بھنی ہوئی یک تولہ تل سیاہ
۶ ماشہ - اندر جو ۳ ماشہ - تخم مولی یک ماشہ - مصری ½ تولہ
یہ تمام ایک خوراک کریں -
فوائد :- بغیر نشہ کے امساک کرتا ہے -

سفوف برائے مسلول -

نسخہ :- ہلیلہ سیاہ محرق (جلائی ہوئی) مصری برابر
وزن خوراک :- ۳ ماشہ تک
فوائد :- سل کے مریض کو نافع ہے -

سفوف مسمن

نسخہ :- نخود سفید - سرکہ و تھوڑے سے پانی میں
یک شبانہ روز بھگو کر خشک کیا ہوا - روٹی خشک - نشاستہ
جو - گندم ہر ایک ۷ تولہ ۶ ماشہ - مغز بادام شکر ہر فرد

نصف سیر تازہ دودھ کے ساتھ کھائیں۔
فوائد:۔ نحیف بدن کو موٹا کرنے میں مفید ہے۔

سفوف دافع ادرار منی

نسخہ:۔ نخود۔ خشخاش بریان ہر ایک نصف پاؤ۔
دارچینی۔ ثعلب۔ خشک۔ دھنیا ہر ایک ۳ تولہ ۴ ماشہ
مصری ہموزن۔ خوراک:۔ ۷ ماشے دن میں دوبار
فوائد:۔ ادرار منی کے لئے مفید ہے۔

سفوف دافع جرب وحکہ

نسخہ:۔ شاہترہ۔ بابچی۔ تخم ہوزر ہر ایک تولہ۔
قند سفید ہموزن سفوف بنائیں۔
خوراک:۔ حسب برداشت طبع
فوائد:۔ خارش ہر قسم کے لئے مفید ہے۔

سفوف خامی طبع

نسخہ:۔ بارتنگ۔ تخم حماض۔ اسبغول۔ تخم ریحان
صاف کر کے بغیر کوٹے ہوئے ایک مشت بھر (کفدست)
کھلائیں۔
فوائد:۔ بغیر طبعت کے لئے برائے غربا مفرح کا کام
دیتا ہے۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سفوف دافع بواسیر

نسخہ :۔ گلنار۔ سونف۔ شونیز۔ تمام برابر وزن بقدر ۳ ماشہ کھلائیں۔

فوائد :۔ بواسیر ہر قسم کے لئے نافع ہے۔

سفوف دافع بواسیر

نسخہ :۔ تخم بکائین۔ ہلیلہ سیاہ ہموزن۔ قند سفید تمام کے برابر سفوف بنائیں۔

فوائد :۔ بواسیر ہر قسم کے لئے مفید ہے۔

سفوف دافع برص مجرب

نسخہ :۔ زرد چوبہ۔ رائی۔ حلیہ۔ اجمود ہر ایک ایک تولہ۔ آملہ۔ تخم پنوار ہر ایک چار تولہ۔ بابچی ۷ تولہ بھنگرہ پختولہ۔ سیاہ دانہ ۳ تولہ۔ روزانہ ۶ ماشہ چار ماہ تک کھلائیں۔

فوائد :۔ برص ہر قسم کے لئے مفید ہے۔

سفوف دافع جریان منی

نسخہ :۔ تخم املی ۳ تولہ۔ گلنار دو تولہ۔ سریالہ۔ گوکھرو ہر ایک ہر ایک تولہ مصری سہ چند ملا کر

سفوف تیار کریں۔
خوراک:۔ ایک تولہ۔ دھی گائے کے ساتھ دیں
فوائد:۔ جریان منی کے لیئے بے حد مفید ہے۔

روضہ پنجم سنونات میں

سنون محافظ لثہ و اسنان

نسخہ:۔ شاخ گوزن جلایا ہوا۔ مائیں۔ سعد۔ چھڑ ہر ایک ایک تولہ نمک اندرانی ۳ ماشہ۔ سنون بنا کر دانتوں پر ملیں۔
فوائد:۔ مسوڑوں کو مضبوط کرے۔ دانتوں کا محافظ ہے

سنون حابس خون

نسخہ:۔ شب یمانی۔ پودینہ کوہی۔ گل مائیں۔ آملہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ لحیتہ التیس۔ گل مختوم۔ ہئو بیر ہر ایک ۳ ماشہ۔ دارچینی ۱½ ماشہ۔ گلنار۔ گل سُرخ۔ سعد۔ سماق مرجان ہر ایک ۳ ماشہ۔ بطریق معروف سنون تیار کریں

دیدالنسہ ایک تولہ۔ نیلہ توتیا دو ماشہ۔ شب یمانی ۱ تولہ
کفدریا ۹ ماشہ۔ کتھ ۹ ماشہ۔ سنون بنائیں۔
فوائد:۔ جملہ امراض اسنان کو بے حد نافع ہے۔

سنون محکمی

نسخہ:۔ گلنار۔ شب یمانی۔ اقاقیا۔ تمام بوزن برابر
سنون بنائیں۔ دانتوں کو مستحکم کرتا ہے۔

سنون محکمی دیگر

نسخہ:۔ مصطگی۔ چینی۔ سپاری بوزن برابر سنون
بنائیں۔ دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔

روضہ ششم درورات زخمہائے بیل

ذرور دافع ثقل لسان

نسخہ:۔ مرچ سیاہ۔ نوشادر۔ خردل ہر ایک ۱ ماشہ
عقر قرحا ۳ ماشہ۔ صعتر ۶ رتی۔ بورہ ارمنی۔ نمک طعام
ہر ایک ۴ رتی۔ زبان پر ملیں۔

ذرور دافع قلاع

نسخہ:- دم الاخوین - حب الآس - کتھ - انجبار - تمام بوزن برابر بنائیں۔

ذرور سوختگی

نسخہ:- چونہ شیشہ - مردار سنگ - مہندی مساوی کوٹ پیس کر اس کے بعد روغن میں ملا کر اور چرب کر کے زخموں پر چھڑکیں۔

فوائد:- جلے ہوئے زخموں کے لئے مفید ہے۔

ذرور دافع خروج مقعد

نسخہ:- سفیدہ - گلنار - شب - مازو - بلوط - کندر - مردار سنگ - سیپی سوختہ - شاخ گوزن سوختہ اقلیمیا - تمام برابر وزن - ذرور بنا کر چھڑکیں۔

فوائد:- کانچ نکلنے کا دافع ہے۔

ذرور مندمل

نسخہ:- مصبر - گلنار - میل نقرہ مغسول برابر وزن۔ بُرکی بنا کر زخم پر چھڑکیں۔

فوائد:- زخم کے بھرنے کے لئے بے حد نافع ہے۔

ذرور برائے زخم

نسخہ :۔ دم الاخوین۔ انزروت۔ گلنار۔ صبر۔ برابر کوٹ پیس کر ملالیں۔
فوائد :۔ زخموں کو اچھا کرنے اور بھرنے میں فائدہ مند ہے۔

ذرور دافع گوشت مُردہ

نسخہ :۔ سفیدہ۔ مردارسنگ۔ میل دہات۔ قلعی۔ مازو ہر ایک ۱½ ماشہ۔ پھٹکڑی ۳ ماشہ۔

ذرور۔ جوشش حلق

نسخہ :۔ گلنار۔ گل سرخ۔ نشاستہ۔ خرفہ۔ کاہو۔ صندل۔ سُپاری۔ برابر وزن۔
فوائد :۔ جوشش حلق اور گلے کی خراش کو مفید ہے۔

ذرور مُجفف

نسخہ :۔ دم الاخوین۔ سُم بکری سوختہ۔ پھٹکڑی محرق۔ انزروت۔ میل آہن۔ قلعی۔ تمام برابر وزن ذرور بنائیں۔
فوائد :۔ زخم بھرنے اور جلد جمانے کے لئے مفید ہے۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

روضہ ہفتم نفوخات میں

نفوخ حابس رُعاف

نسخہ :۔ شب ۔ پھٹکڑی زرد ۔ شاخ گوزن پھٹکڑی بریاں کوڑی ۔ پوست بیضہ مرغ ۔ مازو ۔ کاغذ سوختہ ۔ تراشہ مرہوم اقاقیا ۔ گرد آسیا ۔ دم الاخوین ۔ کندر ۔ کہربا ۔ بسد سوختہ ۔ گلنار جملہ برابر کوٹ پیس باریک کر کے بطور نسوار ناک میں کھینچیں ۔

نفوخ گندا بینی

نسخہ :۔ پھٹکڑی ۔ رُب آملہ ۔ لونگ ۔ ناک میں کھینچیں ۔
فوائد :۔ شور و بدبو ناک کے لئے مفید ہے ۔

نفوخ مسکت

نسخہ :۔ کندش ۔ نخر لقین ۔ مرچ سیاہ بوزن برابر نفوخ بنائیں ۔

نفوخ مصروع

نسخہ :۔ گگھر بیل ۔ گودہ اندرائین ۔ نوشادر ۔ کندش مرچ سیاہ اسطخودوس تمام برابر وزن نفوخ بنائیں ۔

نفوخ معطس دافع صرع وسکتہ ولقوہ ورو شقیقہ وعسر البول مخرج مشیمہ وجنین مردہ

نسخہ:۔ کندش۔ شونیز۔ فرفیون۔ فلفل سیاہ۔ جند بیدستر زراوند۔ حب بلسان۔ عاقرقرحا۔ مشک بورہ۔ تمام برابر وزن۔ نفوخ بنا کر بطور نسوار دیں۔

نفوخ دافع نزلہ وزکام

نسخہ:۔ تمباکو ۹ ماشہ۔ مشک بکرتی۔ گلاب میں بھگوئیں۔ اور خشک کر کے باریک کریں۔

فوائد:۔ نزلہ وزکام کو دفع کرنے میں معمول ہے۔

نفوخ برائے مصروع

نسخہ:۔ نمک مدار۔ فلفل سیاہ۔ پارس پیل۔ نفوخ بنائیں

نفوخ دیگر

نسخہ:۔ خاکستر اپلہ شیر مدار میں تر و خشک کر کے نفوخ بنائیں۔ مصروع کو نافع ہے۔

روضہ ہشتم بخورات میں

بخور مقوی ذہن

نسخہ:۔ عود ہندی۔ قسط شیریں۔ صندل سفید ہر ایک ۳ ماشہ مشک کافور ہر ایک ۱½ ماشہ گلاب میں ملا کر بخور کریں۔

فوائد:۔ مقوی ذہن۔ مقوی دماغ۔ خفقان و غشی حواس موثر ہے۔

بخور مفتح سدہ دماغ

نسخہ:۔ باقلا۔ سبوس کو سرکہ سے تر کر کے بخور کریں۔

فوائد:۔ سدہ دماغ کے لئے مفید ہے۔

بخور دافع نزلہ و زکام

نسخہ:۔ کندر۔ میعہ یابسہ۔ مر۔ قسط۔ سندروس۔ (قسم از صمغ) یکوفتہ بخور کریں۔

فوائد:۔ نزلہ و زکام ہر قسم کے لئے نافع ہے۔

بخور ربو و ضیق النفس

نسخہ:۔ مرصاف۔ سلیخہ۔ قسط۔ زعفران۔ شراب میں

ملا کر بخور کریں

فوائد:۔ تنگی سانس و دمہ ہر قسم کے لئے مفید ہے۔

بخور معین آلبستن

نسخہ:۔ سنداب۔ کاٹھ پیپل گائے کے گھی میں تر کر کے بخور کریں۔

فوائد:۔ سیلان زنان و پانی کے اجرا میں مفید ہے۔

بخور مخرج بچہ مردہ و مشیمہ

نسخہ:۔ مرقشہ۔ جاؤشیر۔ گوگرد۔ زہرہ گاؤ۔ دامان کے نیچے دھواں دیں۔

فوائد:۔ بچہ مردہ و مشیمہ یعنی آنول کو خارج کرنے میں معمول ہے

بخور بواسیر

نسخہ:۔ مقل۔ سندروس۔ تخم گندنا۔ گل بادنجان۔ دھواں دیں

بخور آتشک

نسخہ:۔ شنگرف ۶ ماشہ۔ زیرہ سفید ایک تولہ۔ چودہ پوڑیاں بنائیں۔ سری کی آنچ پر دھواں لیں۔

فوائد:۔ دافع آتشک بے بدل ہے۔

بخور دافع باد فرنگ

نسخہ:۔ شنگرف۔ نیلہ توتیا۔ سہاگہ

نوشادر۔ کٹکی۔ عقرقرحا۔ گل دہاوہ۔ پوست بیخ نم۔ گندرف افیون ہر ایک ۶ ماشہ۔ بیر کی لکڑیوں کی آنچ پر بخور کریں۔ در غذا روٹی بے نمک دیں۔

فوائد:۔ باد فرنگ یعنی آتشک کے لئے نافع ہے۔

بخور دافع حکہ یعنی خارش

نسخہ:۔ شنگرف۔ افیون ہر ایک ایک تولہ بخور لیں۔

بخور دافع ضیق النفس

نسخہ:۔ برگ یا بار دھتورہ سفید حقہ میں پئیں۔ ایسے ہی شاخ و دموی کا ہے۔

روضہ نہم مشمومات میں

مشموم

نسخہ:۔ صندل سفید۔ دھنیا۔ کافور۔ گلاب میں پیس کر کسی برتن جس کا منہ تنگ ہو ملغمہ بنا کر سونگھائیں۔

فوائد:۔ درد سر گرم کو بیحد نافع ہے۔

مشموم

نسخہ:۔ جوزبوا۔ درسنہ ترکی۔ مرزنجوش۔ لونگ۔ بونگ بسباسہ۔ پودینہ کوہی۔ سونے کے پانی میں مشموم بنائیں۔

فوائد:۔ دردسر سرد کے لئے مفید ہے۔

مشموم دافع صرع

نسخہ:۔ سنداب۔ مرزنجوش۔ سوئے۔ پودینہ کوہی مخلخہ تیار کریں۔

فوائد:۔ صرع یعنی مرگی کو بے حد نافع ہے۔

مشموم منوم

نسخہ:۔ تخم گل سرخ۔ بیخ لفاح ہر ایک ۳ ماشہ۔ کافور ۲ رتی۔ افیون ۴ رتی۔ کاہو کے پانی میں مشموم یعنی مخلخہ تیار کریں۔

فوائد:۔ خواب آور ہے۔

مشموم دافع انجام

نسخہ:۔ شونیز برادہ۔ جند بید ستر۔ عود۔ نخاد انیا۔ عود ہندی۔ مخلخہ بنائیں۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مشموم منوم

نسخہ:۔ ریحان گلاب میں تر کر کے مخلخہ بنا کر سنگھائیں

منزل چہارم در مائیات چند روضہ پر مشتمل

روضہ اوّل میاہ کے بیان میں

ماء العسل

نسخہ:۔ شہد ا تولہ۔ پانی ۲ تولہ تا ۳ تولہ۔ مرو۔ دوا کو زیادہ قوی بنانا چاہئیں۔ تو دارچینی۔ خولنجان۔ سونٹھ۔ مصطگی۔ زعفران بڑی الائچی۔ جوز بوا۔ بسباسہ قدرے اضافہ کریں۔ اور تھوڑا تھوڑا اپئیں۔

فوائد:۔ مقوی معدہ۔ ہاضم۔ دافع امراض بلغمی۔ لقوہ فالج۔ مفاصل۔

ماء الجبن۔

نسخہ:۔ دودھ ا چھٹانک ۲ تولہ۔ جوش دے کر سکنجبین قندی ۱۰ تولہ ۳ ماشہ سرکہ ملا کر لکڑی انجیر کے پوست کو بہم ملا کر جوش دیں۔ پھر صاف کر کے پھر دیگ میں ڈال کر جوش دیں۔ جھاگ وغیرہ اُتار کر صاف کر کے ۲۸ تولہ ہر روز تین مرتبہ پلائیں۔

پینے کے وقت چند قدم چلیں۔
فوائد:۔ دافع امراض سوداوی ہے۔ افتیمون و اشنان کے ساتھ مسہل سودا ہے

ماء الشعیر

نسخہ:۔ جو چھلے ہوئے یکتولہ۔ پانی دس تولہ۔ دیگ میں ڈال کر نرم آگ پر جوشدیں کہ چوتھائی رہ جائے۔ مل کر صاف کر کے پلائیں۔

ماء اللحم۔ مقوی بدن

نسخہ:۔ گوشت مرغ۔ گوشت تغلی۔ شیر مست۔ ہرن۔ کبوتر۔ چڑا نر ہر ایک ایک سیر (یکمن طبی) کھجور۔ بانس ایک سیر۔ دار چینی۔ شقاقل۔ ثعلب۔ بہمنیں۔ جوز بوا۔ بسباسہ۔ ہر ایک دو سیر۔ مشک ۳ ماشہ۔ عنبر ۶ ماشہ۔ سیب پچاس عدد۔ آب گاؤزبان ۸ سیر (۵ من طبی) بطریق گلاب عرق نکالیں۔

ماء الاصول۔ دافع امراض دماغی

نسخہ:۔ پوست بیخ کرفس۔ پوست بیخ کاسنی۔ رزیانہ۔ اذخر کبیر ہر ایک ایک تولہ۔ ان کے تخمہائے ہر ایک ۹ ماشہ۔ انیسوں سلیخہ جنطیانا۔ بوزیدان۔ ہر بل ہر ایک ۹ ماشہ۔ حب بلسان۔ اسارون۔ بالچھڑ ہر ایک ۶ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۲½ تولہ اسقدر پانی میں جوشدیں۔ کہ نصف باقی رہ جائے۔ خوراک:۔ ۷½ تولہ ۶ ماشہ روغن ارنڈی کے ساتھ
فوائد:۔ دافع امراض دماغی۔ مانند مرگی۔ لقوہ۔ فالج۔ امراض بلغمی وجع مفاصل و مفتت مصاف و مفتح سدد جگر و طحال ہے۔

ماء البزور

نسخہ :۔ تخم رازیانہ۔ کرفس۔ اجوائین دیسی۔ زیرہ کرمانی۔ صعتر
انجدان رومی۔ شونیز۔ انیسوں۔ ہر ایک میں سے تھوڑا سا اتنے
پانی میں جوش دیں۔ کہ نصف رہ جائے۔
خوراک ۵ تولہ ۹ ماشہ۔ روغن ارنڈی کے ساتھ پلائیں۔
فوائد :۔ دافع قولنج۔ استسقا۔ باد معدہ ہے۔

ماء البقول

نسخہ :۔ برگ کاسنی سبز۔ رازیانہ۔ مکو۔ دھنیا۔ لبلاب
کشوث۔ حی العالم (سدا بہار) خرفہ۔ تمام دواؤں کوٹ کر نچوڑیں
اور صاف کر کے۔
خوراک :۔ ۲½ تولہ ہمراہ ماء الشعیر یا سکنجبین۔ دیں۔
فوائد :۔ دافع ورم کبد۔ طحال و یرقان نافع

ماء الهندبا

نسخہ :۔ آب کاسنی تازہ ۲½ تولہ۔ سکنجبین ۱۵ ماشہ ملا کر
پلائیں۔ فوائد :۔ دافع تپہائے و یرقان

ماء الشاہترہ

نسخہ :۔ پانی شاہترہ تازہ نچوڑا ہوا ۵ تولہ۔
ہلیلہ زرد ۹ ماشہ خیساندہ بنا کر ۲½ تولہ قند کے ساتھ۔ دافع ضرورت جگر و تپ

ماء القرع۔ یعنی آب کدو

نسخہ کدو کو خمیر جو سے لیپ کر کے ایک اینٹ پر رکھ کر رات کو تنور معتدل الحرارت میں رکھیں۔ صبح آٹا خمیر کدو سے الگ کر کے اور اس کا سر کاٹ کر الٹا کریں۔ چھری یا چاقو کدو کے درمیان ماریں۔ اس کا پانی ۱۲ تولہ ہمراہ ۶ ماشہ۔ ریوند چینی۔ یا انبلی۔ یا جو کی ستو سے یا قند سے پلائیں۔ فوائد:۔ دافع حرارت جگر۔ وتپ ہائے۔ و یرقان ہے۔

ماء السویق۔ یعنی ستو

جو کا آٹا بریاں کیا ہوا ۲½ تولہ۔ پانی ۱۰ تولہ میں جوشا کر اور صاف کر کے ۶ ماشہ طباشیر و گوند کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد:۔ دافع تپ و اسہال مرطوری ہے۔

عرق عجیب

نسخہ:۔ مرغ کو بہت تیز اتنا دوڑائیں کہ ماندہ ہو جائے۔ پس اس وقت ذبح کریں۔ اس کا پیٹ صاف کر کے بنفشہ۔ سوئے۔ وکرفس سے پُر کریں۔ اور نرم آگ پر نرم گولا سا بنالیں اور صاف کرلیں۔ پھر قرع انبیق سے عرق بنالیں۔

فوائد:۔ مفتح قولنج۔ دافع رعشہ۔ درد مفاصل۔ مدر بول ہے۔

عرق سیب مقوی دل

نسخہ:۔ سیب شیریں۔ پوست و تخم سے پاک شدہ تین سو عدد۔ گل سرخ
نعناع تازہ۔ برگ مورد ہر ایک ۵ تولہ۔ دارچینی۔ لونگ۔ عود ہندی۔ ہر
ایک ۲۱ ماشہ۔ مصطگی۔ زعفران ہر ایک ۹ ماشہ۔ عنبر اشہب ۳ ماشہ۔
مشک ۶ ماشہ۔ گلاب ایک من طبی۔ پانی دو من طبی۔ ایک رات دن بھگو
کر بطریق گلاب عرق کشید کریں

فوائد:۔ مقوی دل و مقوی معدہ بے عدیل ہے

آب کامہ۔ (ایک قسم کا مرکب ادویہ کا پانی جو خصوصیات سے تیار کرتے ہیں)

نسخہ:۔ روٹی تازہ جو آٹا خمیر سے بنائی گئی ہو۔ اور ادویہ گرم مثل
پودینہ۔ رائی۔ وغیرہ ڈالے گئے ہوں۔ پختہ گرم گرم۔ کسی مٹکے
آب ندیدہ میں ڈالیں تاکہ یہ روٹی سبز ہو جائے۔ اس وقت کوٹ کر
سرکہ انگوری میں دس روز تک دھوپ میں رکھیں۔ اور ہر روز
تھوڑا سے سرکہ سے خمیر کو تر کر دیا کریں تاکہ بالکل خشک نہ ہو
جائے۔ اور دس روز دوسرے تک اسی طرح خمیر کو تازہ کرتے رہیں
اور دھوپ میں رکھا کریں۔ اور دس روز دیگر شیرہ انگور تازہ ڈال
کر دھوپ میں رکھیں۔ اس کے بعد قرص بنا کر محفوظ رکھیں اور جب
ضرورت پڑے۔ تو ۲۸ تولہ اس خمیر سے سرکہ کہنہ سات پاؤ ڈالیں
اور ایک تھیلی ان دواؤں سے پُر کردہ مانند فلفل۔ دارچینی۔ زیرہ کرمانی
تو ہا یا مٹکے سرکہ میں ڈال کر دو ماہ دھوپ میں رکھیں۔ بعدہٗ استعمال

میں ملائیں۔ خوراک:۔ حسب مزاج بر رائے طبیب
فوائد:۔ مقوی و ہاضم دافع اوجاع مفاصل ہے۔

ترکیب خُل - یعنی سرکہ

کھجور ۵ سیر۔ پانی ۱۵ سیر۔ ملاکر جوش دیں۔ کہ ڈیڑھ سیر پانی کم ہو جائے اس کے بعد مل کر صاف کریں۔ دال مسور ۱۵ ماشہ ڈال کر مٹکہ کا منہ بند کر کے دفن رکھیں۔ اور ہر روز دو مرتبہ ہاتھوں سے ملیں۔ بارہ روز کے بعد اڑھائی پاؤ۔ کھجور بطور قتمہ ڈالیں۔ پھر ایک مرتبہ روزانہ ہاتھوں سے ملیں۔ چوبیس یوم کے بعد صاف کر کے شیشہ میں ڈالیں۔ تاڑی یا شراب ایک سیر۔ نمک دو ماشہ ڈال کر بیس روز تک دھوپ میں رکھیں۔ سرکہ تیار ہو گا۔

ترکیب خُل دیگر

نسخہ:۔ کشمش ایک سیر۔ پانی تین سیر۔ شبانہ روز بھگو کر تھوڑا جوش دے کر صاف کریں۔ اور مٹکے میں ڈالیں۔ ۲½ ماشہ دال مسور مٹکے میں ڈال کر دفن کریں۔ ہر روز ہاتھوں سے ملا کریں۔ باقی ترکیب مذکورہ بالا کے طریقہ سے کریں عمدہ سرکہ تیار ہو گا۔

عرق رسوب کبیر

نسخہ:۔ قند سیاہ ایک من پختہ۔ گلاب ۱۲ سیر۔ مشک یک تولہ

عطر گلاب چار ماشہ۔ عنبر دو تولہ۔ بورہ صندل سفید بیس تولہ۔ بالچھڑ عود۔ رتن جوت۔ اُشنہ۔ کمال پتر۔ زرنباد۔ لونگ ہر ایک چار تولہ۔ الائچی ۶ تولہ۔ دارچینی ½ سیر۔ جلوتری۔ جوز بویہ۔ تج۔ ہر ایک چار تولہ۔ گاؤزبان۔ بادرنجبویہ ہر ایک ۱۵ تولہ۔ گلقند یک سیر فرنجمشک۔ شکر اشیع ہر ایک چار تولہ۔ بہمنین ہر ایک ۶ تولہ۔ بوزیدان پنجتولہ۔ سعد بیس تولہ۔ اسارون پنجتولہ۔ نارمشک۔ کبابہ ہر ایک چار تولہ۔ خولنجان۔ گلسرخ۔ زعفران ہر ایک پنجتولہ۔ بیخ بنفشہ ۶ تولہ لادن دو تولہ۔ بھکرٹہ۔ شقاقل ہر ایک پنجتولہ۔ تربسی دو تولہ۔ اندرجو چار تولہ۔ آملہ ۳ سیر۔ درونج ۵ تولہ۔ تخم ازدک یکپاؤ۔ پوست ترنج ۱۴ تولہ۔ شہد دو سیر۔ تخم شلغم ۵ تولہ۔ پوست مغیلان ۵ سیر پوست بیخ کنار ۵ سیر۔ آب زردک تیس سیر۔ تخم بتولہ ایک سیر تین مٹکے روغنی میں دفن کریں۔ پہلے پانی زردک و پوست کیکر و کنار و آملہ علی الترتیب ڈالیں۔ تین روز منہ بند کریں۔ چوتھے روز ہاتھ سے مل کر مٹکے کا منہ کھول کے دس سیر گڑ ڈالیں۔ اور تھوڑا سا پانی گرم کر کے ڈالیں۔ اور مٹکوں کا منہ بند کر دیں۔ اس کے بعد دو تین روز ہاتھوں سے ملیں۔ کہ اس کا مزہ کڑوا ہو جائے۔ اگر کھٹا یا میٹھا رہے تو ایک دو روز اور رہنے دیں۔ جب معلوم ہو کہ تیار ہے۔ شہد و گلقند علی الترتیب مٹکوں میں ڈال کر محفوظ رکھیں اس کے بعد وہی عرق بقدر قند سیاہ نکال کر تمام دوائیں۔ ماسوائے عطر۔ عرق گلاب کے ساتھ دیگ میں داخل کر دیں اور دیگ کا منہ ماش کے آٹے سے بند کریں۔ سات روز تک پڑا رہنے دیں۔ اس کے

بعد آٹھویں روز عرق کھینچیں۔ اور معطر دوائیں ڈھیلی پوٹلی میں باندھ کر بھبکہ میں ڈالیں۔ تین پانی گرم ہونے تک جو کچھ بھی عرق نکلیگا۔ یہ قسم اوّل ہوگی اس کے بعد اسی طرح تین بار پانی کے گرم ہونے کی مدت تک جو عرق برآمد ہوگا۔ قسم دوسری ہوگی۔ اس کے تیسری قسم کا عرق نکلے گا۔ اور قسم بھی وہ تیسری شمار ہوگی۔ بعد اس کے شیشہ ہائے میں داخل کر کے عرق کو بمعہ شیشہ ہائے ریگ میں دفن کریں اور اوپر پانی خوب چھڑکا کریں۔ سات روز تک واجب ہے یعنی بہت مناسب ہے۔ خوراک پانچتولہ سے سات تولہ تک اور ایک ایک پیالہ میں دو دو ماشہ ڈالا کریں۔

ترکیب خل دیگر

نسخہ :۔ پیاز۔ یکہ سفید پیازہ کو چھری چوبی سے ٹکڑہ ٹکڑہ کریں۔ اور السی میں ملائیں۔ پھر السی سے جُدا کر کے چالیس روز سایہ میں لٹکا دیں۔ اس کے بعد ایک من پیاز آٹھ من سرکہ انگوری میں ڈالیں اور دو ماہ دھوپ میں رکھیں۔ اس کے بعد ۶ ماشہ سے شروع کر کے ۵ تولہ تک پہنچے۔

عرق دافع امراض صفراویہ

نسخہا :۔ گلسرخ ایک سیر۔ آملہ نصف سیر۔ ہلیلہ زرد تین پاؤ۔ شکر سرخ دس سیر۔ برگ حب الآس یکپاؤ۔ صندل ۸ تولہ ۴ ماشہ۔ پانی یک من طبی۔ برتن معہودہ تا مدت متذکرہ عرق کبیر معہودہ عمل کریں۔ اس کے بعد عرق دس سیر نکال کر کاسنی گل نیلوفر ہر ایک نصف پاؤ۔ بید مشک نصف سیر۔ گلاب ۸ تولہ ۴ ماشہ۔ گل گڑھلی نصف پاؤ۔ خرفہ یک پاؤ۔ خس ۶ تولہ ۴ ماشہ۔ دودھ

بکری دو سیر۔ بزغالہ ایک عدد۔ کافور دو ماشہ۔ عطر صندل یکماشہ۔ کیسر دو ماشہ تخم خیارین یک پاؤ۔ حسب دستور مرسوم چار سیر عرق دو آتشہ نکالیں۔ عرق کاسنی و عرق گاؤزبان و نیلوفر یا پانی سرد کے ساتھ شامل کر کے پلائیں۔

فوائد:۔ جمیع امراض صفراویہ کے دفعیہ کیلئے بیحد موثر ہے۔

عرق بلادر

نسخہ:۔ بلادر بغیر ٹوپی دو سیر۔ زرد چوبہ ۲½ سیر۔ پوست ہلیلہ زرد ۲½ سیر۔ گڑ بیس سیر۔ قند سفید پہلا نوالہ ۲½ سیر۔ دوسری دفعہ دو سیر۔ جب تخمیل کو پہنچ جائے تو عرق کشید کریں۔

خوراک:۔ چار شثر شاہی ہے۔

فوائد:۔ امراض سوداویہ اور خاص کر بواسیر کا دافع ہے۔

روضہ دوئم مطبوخات میں

مطبوخ۔ دافع صفراء

نسخہ:۔ پوست ہلیلہ زرد ۳ ماشہ۔ آلو بخارا بیس عدد۔ لسوڑے تیس دانہ۔ شاہترہ۔ سناء کی ہر ایک ۱۵½ ماشہ۔ گلسرخ ۱ تولہ۔ عناب دس عدد۔ رزیانہ۔ تخم کشوث۔ تخم کاسنی ہر ایک ۶ ماشہ۔ پانی ۵ تولہ میں جوش دیں۔ تاکہ نصف رہ جائے۔ صاف کر کے شیرخشت ترنجبین۔ فلوس خیار شنبر ہر ایک ۲½ تولہ ملا کر اور حل صاف کر کے ۳ ماشہ روغن بادام و بنفشہ ملا کر پلائیں۔

فوائد:۔ دافع صفرا۔ خارش۔ دیرقان ہے۔

مطبوخ برائے ذات الریہ

نسخہ:۔ بنفشہ۔ نیلوفر۔ خبازی۔ ملٹھی ہر ایک نو ماشہ۔ زوفا۔ پرساوشاں ہر ایک ۶ ماشہ۔ عناب۔ سپستان ہر ایک ۵ دانہ۔ تخم خطمی ۹ ماشہ۔ مویز بے دانہ ½۲ تولہ جوشاندہ بنائیں۔ ترنجبین۔ فلوس ابنلتاس ہر ایک ½۲ تولہ ملاکر پلائیں۔

فوائد:۔ دافع نمونیا۔ ذات الریہ و کھانسی بلغمی ہے۔

مطبوخ دافع اوجاع

نسخہ:۔ سناکی ۱۲ ماشہ۔ سونف۔ انیسوں۔ قنطوریون۔ میدہ گندم ہر ایک ۶ ماشہ۔ گلسرخ۔ پوست بلیلہ کابلی ہر ایک تولہ۔ سورنجان مصری ۵ ماشہ۔ پرساؤشاں۔ گاؤزبان۔ بادرنجبویہ۔ ہر ایک نو ماشہ۔ جوشاندہ بناکر اور صاف کر کے گلقند و ترنجبین ہر ایک ½۲ تولہ۔

فوائد:۔ دافع اوجاع مفاصل ہے۔

مطبوخ برائے امراض وداوی

نسخہ:۔ ہلیلہ سیاہ دس درم (½۲ تولہ) بسفائج ½۱ ماشہ۔ افتیموں ½۲ تولہ۔ سناکی۔ اسطخودوس ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ گلسرخ ۱ تولہ۔ گاؤزبان بادرنجبویہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ انیسوں۔ سونف ہر ایک ۶ ماشہ۔ نمک سیاہ ۴ رتی۔ تربد ۳ ماشہ زنجبیل ½۱ ماشہ۔ صاف کر کے۔ غاریقون۔

حجر ارمنی ۔ لاجورد مغسول۔ نمک نفطی ۔ ہر ایک ۴ رتی ۔ اگر چاہیں کہ اور زیادہ قوی ہو ۔ تو تخم حنظل اور مصبر اضافہ کریں۔

فوائد :۔ تمام امراض سوداویہ کا دافع ہے۔

مطبوخ مُدر حیض

نسخہ :۔ اسارون ۔ سُداب ہر ایک ۱½ ماشہ ۔ سونف ۔ لوبیا سُرخ ورمنہ ترکی ۔ تخم کرفس ہر ایک ۶ ماشہ ۔ انجیر دس عدد ۔ جوش دے کر اور صاف کرکے گلقند ۲½ تولہ حل کرکے پلائیں ۔

فوائد :۔ حیض زنان کا ادرار کرتا ہے۔

مطبوخ فرنگی

نسخہ :۔ ترپھلہ ۔ ہلیلہ سیاہ ۔ جوانسہ ہر ایک دو تولہ ۔ صندل سُرخ ۔ بیخ حنظل ہر ایک ایک تولہ

فوائد :۔ مصفی خون ۔ دافع باد فرنگ ہے۔

مطبوخ ہلیلہ

نسخہ :۔ پوست ہلیلہ زرد ۲½ تولہ ۔ تمر ہندی ۵ تولہ ۔ آلو بخارا تیس عدد ۔ عناب تیس عدد ۔ لسوڑی مُٹھی بھر ۔ بنفشہ ۔ تخم کشوث ۔ تخم کاسنی ہر ایک مٹھی بھر ۔ فلوس خیار شنبر ۳ تولہ ۹ ماشہ ۔ مطبوخ بنا کر پلائیں شیر خشت ۱۵ تولہ بھی ملائیں

فوائد :۔ صفرا کو خارج کرتا ہے ۔ مسہل صفراوی ہے ۔

مطبوخ دیگر

نسخہ :۔ پوست ہلیلہ زرد ۱/۲ ۲ تولہ۔ آلو بخارا بیس عدد۔ املی ۱/۲ ۲ تولہ شاہترہ ۱۲ ماشہ۔ لسوڑے پچاس عدد۔ شیرخشت ۱/۲ ۷ تولہ۔ مطبوخ بناکر پلائیں۔

فوائد :۔ خلط صفراوی کا مخرج اور مسہل ہے۔

مطبوخ برائے قولنج وغیرہ

نسخہ :۔ بیخ بادیان۔ بیخ کاسنی۔ بیخ کبر۔ بیخ کرفس۔ تخم کاسنی۔ سونف۔ تخم کرفس۔ انیسوں۔ شاہترہ۔ سرپھوکہ۔ افتیمون۔ ہلیلہ زرد۔ تخم خیارین۔ تخم خربوزہ۔ حمسک۔ اجوائن ہمہ مساوی۔ گلقند ۱/۲ ۲ تولہ۔ شربت دینار ۱/۲ ۲ تولہ ملاکر پلائیں۔

فوائد :۔ دافع قولنج۔ وجع مفاصل و مفتت پتھری دافع حکہ و جرب مسول ہے۔

مطبوخ برائے اسہال

نسخہ :۔ حب الآس۔ صندل سفید ہر ایک ۱/۲ ۱ ماشہ۔ عناب بیس دانہ۔ انجبار طراثیث۔ خشخاش۔ کشنیز ہر ایک ۱/۲ ۱۰ ماشہ

فوائد :۔ حابس اسہال و رعاف ہے۔

مطبوخ۔ دافع ہچکی مجرب

نسخہ :۔ زیرہ۔ انیسوں ہر ایک ۲ تولہ۔ پودینہ بارہ تولہ تھوڑے

گلاب اور پانی جوش دیں کہ چوتھائی رہے۔ قطرہ قطرہ کر کے پلائیں۔

مطبوخ دافع زہر ہر قسم

نسخہ:۔ کتوہل سفید۔ جسکو بیخ کلورہ کہتے ہیں۔ ۱۰ ماشہ۔ پانی میں پیس کر اور جوشاندہ بنا کر پلائیں۔

فوائد:۔ ہر قسم کی زہر کو دفع کرنے میں بیحد نافع ہے۔

مطبوخ برائے زحیر

نسخہ:۔ ریشہ خطمی ۹ ماشہ۔ سونف ۹ ماشہ۔ روغن بادام ۳ ماشہ۔ مصری ۱ تولہ جوش دے کر اور ٹھنڈا کر کے پلائیں۔

فوائد:۔ پیچش خونی اور آنتوں کی خورش کو بیحد نافع ہے۔

روضہ سوئم نقوعات میں

نقوع مسہل صفرا

نسخہ:۔ پوست ہلیلہ زرد ۲½ تولہ۔ آلو۔ عناب ہر یک بیس دانہ۔ لہسوڑے تیس دانہ۔ انبلی ۵ تولہ۔ تخم کاسنی۔ کاہو ہر ایک ۹ ماشہ۔ فلوس خیار شنبر۔ ترنجبین ہر ایک ۱½ تولہ۔ پانی گرم میں بھگو کر رات کو رکھ دیں۔ صبح کو مل چھان کر پلائیں۔

فوائد:۔ مسہل مخرج دافع صفرا ہے۔

نقوع مدرّ بول و حیض

نسخہ:۔ تخم خربوزہ۔ تخم کرفس۔ انیسوں۔ سونف ہر ایک ۹ ماشہ۔ دو قو۔ مشکطرامشیع ہر ایک ۶ ماشہ۔ افسنتین۔ بالچھڑ ہر ایک ۱ تولہ۔ حرمل۔ ہیوبیر ہر ایک ۱½ ماشہ۔ ڈیڑھ من طبی پانی کو شیشہ کے برتن میں ڈال کر تین روز تک دھوپ میں رکھیں۔ اور رات کو گھر میں گرم جگہ پر رکھا کریں۔ چوتھے روز مل چھان کر صاف کر کے پلائیں۔ خوراک ۲½ تولہ ہمراہ ۳ ماشہ روغن بادام دیں۔

نقوع دافع تپہائے گرم

نسخہ:۔ زرد آلو۔ عناب ہر ایک پندرہ دانے۔ بنفشہ۔ نیلوفر۔ دھنیا۔ سوں صاف شدہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ تخم کاسنی ۴½ ماشہ نقوع بنائیں۔ فوائد:۔ تپ ہائے گرم کے لئے مفید ہے۔

نقوع برائے سیلان منی

نسخہ:۔ زیرہ سفید۔ ثمر ببول۔ کشنیز ہر ایک ۱ تولہ ۰ ماشہ۔ مصری ۳ تولہ ۴ ماشہ۔ نقوع تیار کر کے مصری ملا کر پلائیں۔
فوائد:۔ سیلان منی کے لئے بیحد نافع ہے۔

نقوع دافع سوزاک و آتشک

نسخہ:۔ ہلیلہ سیاہ۔ و ہلیلہ زرد ہر ایک ۱ تولہ۔ شاہترہ ۱۵ ماشہ

سونف ۶ ماشہ۔ مکو ۳ ماشہ۔ عناب ۷ دانہ۔ نقوع بنا کر پلائیں۔

نقوع دافع جرب و حکہ

نسخہ:۔ سرپھوکہ۔ شاہترہ۔ ہر ایک ا تولہ۔ زرنباد ۶ رتی۔ شہد ۳ تولہ نقوع بنا کر پلائیں۔

فوائد:۔ دافع خارش ہر قسم ہے۔

روضہ چہارم نطولات میں

نطول۔ منوم دافع سرسام

نسخہ:۔ بنفشہ۔ کاہو ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ پوست خشخاش۔ گلسرخ۔ تراشہ کدو۔ بابونہ ہر ایک ۲½ تولہ۔ کشک جو (جو کا گاڑھا شیرہ) ۱۵ ماشہ پنج من ظہی پانی میں جوشدیں۔ کہ نصف رہ جائے۔ سر پر اس کا بخار لیں اور پانی نیم گرم سر پہ دھاریں فوائد:۔ دافع سرسام ہر قسم

نطول دافع نسیان و مالیخولیا

نسخہ:۔ سری پائے بچہ بھیڑ۔ بابونہ۔ اکلیل الملک۔ میتھی۔ سوئے۔ ہر ایک مٹھی بھر بطریق معروف نطول کریں۔

نطول دافع نشان آبلہ

نسخہ:۔ گلسرخ ۲۱ ماشہ۔ نیلوفر۔ صندل سرخ و سفید۔ تخم کاہو۔ ہر ایک

ا تولہ ۔ سات من طبی پانی میں جوش دیں۔ تاکہ تین من طبی پانی باقی رہ جائے عضو موؤف پر دھاریں۔ فوائد :۔ نشان آبلہ کو دافع کرتا ہے۔

نطول دافع حصات

نسخہ :۔ بابونہ۔ گلسرخ۔ اکلیل الملک۔ خطمی۔ حسک ہر ایک ½۱ تولہ سونف۔ نمام۔ سداب ہر ایک ۹ ماشہ۔ مرزنجوش۔ سوئے۔ خبازی۔ پرسیاؤشاں۔ پیخال کبوتر بچہ ہر ایک ا تولہ۔ بدستور معروف نطولاً کام میں لائیں فوائد :۔ پتھری کو توڑ کر خارج کرے۔

نطول مدر حیض

نسخہ :۔ پرسیاؤشاں مشکطرامشیع ہر ایک ½۲ تولہ جوشاندہ بنا کر مریضہ کو اسمیں بٹھائیں۔ فوائد :۔ بند حیض کو جاری کرتا ہے۔

نطول مانع حیض

نسخہ :۔ گلسرخ۔ برگ مورد ہر ½۲ تولہ۔ شب یمانی۔ مازو۔ گلنار۔ ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ پوست انار۔ جوز السرو۔ مائیں ہر ایک ۹ ماشہ۔ اقاقیا ۶ ماشہ نطول کریں۔

نطول دافع احتباس

نسخہ :۔ بابونہ۔ اکلیل الملک۔ پرسیاؤشاں ہر ایک ۶ ماشہ۔ برگ کرنب کا مٹھی بھر۔ سبوس گندم چار مٹھی۔ رسوماً نطول بنا کر مثانہ

پر دھاریں۔ فوائد۔ بند پیشاب کو جاری کرتا ہے۔

۱۰ واں حصہ بنخم غرغروں کے بیان میں

غرغرہ۔ دافع قروح حلق و لہات

نسخہ:۔ خطمی۔ خرنوب شامی۔ مازو۔ کاغذ سوختہ ہر ایک تھوڑا تھوڑا سرکہ میں ملا کر غرغرہ کریں۔ فوائد:۔ قروح حلق و لہات کو مفید ہے

غرغرہ۔ خناق صفراوی۔ بلغمی۔ و دموی کو نافع ہے

نسخہ:۔ حب الرشاد۔ حلبہ۔ تخم السی ہر ایک ۵ ماشہ۔ عناب سپستان منقی۔ مویز منقی۔ اصل السوس۔ بیخ بادیان ہر ایک ۲ ½ ۔ گلسرخ۔ بنفشہ ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ فرنجمشک۔ پودینہ۔ صعتر ہر ایک ۶ ماشہ۔ مکو ۲ ½ تولہ۔ جوشاندہ بنائیں۔ مغز فلوس خیار شنبر ۲ تولہ ۹ ماشہ شاہتوت ۵ تولہ اضافہ کر کے استعمال کریں

فوائد:۔ خناق ہر قسم کو بے حد فائدہ مند ہے۔

غرغرہ۔ دافع ثقل زبان

نسخہ:۔ مویزج۔ خردل۔ سونٹھ۔ عقرقرحا۔ فلفل۔ بورہ ارمنی۔ ایرسا۔ مرزنجوش ہر ایک ا تولہ۔ جوشاندہ بنا کر اور تھوڑا سکنجبین ملا کر غرغرہ کریں۔

فوائد:۔ دافع گرفتگی زبان۔ دافع فالج و سکتہ ہے۔

غرغرہ مخرج زلو

نسخہ :۔ نمک ۔ رائی ۔ شونیز ہر ایک ۱ تولہ ۔ نوشادر ۔ بورہ ارمنی ۔ ہینگ ہر ایک ۵ تولہ سرکے کے ساتھ ملا کر غرغرے کرائیں ۔

فوائد :۔ زلو یعنی جلم اگی ہوئی خارج ہو جاتی ہے ۔

غرغرہ دافع نزلہ

نسخہ :۔ نوشادر ۔ حب الآس ۔ گلنار ۔ گلسرخ ۔ کوکنار ۔ کشنیز پرسیاؤشاں ۔ زوفا ہر ایک ۶ ماشہ ۔ ملٹھی ۔ اپرسا ہر ایک ۳ ماشہ گلاب میں جوش دے کر غرغرہ کرائیں ۔

غرغرہ ۔ دافع قلاع

نسخہ :۔ گل سُرخ ۔ طباشیر ۔ زعفران ۔ تخم کرفس ۔ مازو ۔ سماق تھوڑے سکنجبین کے ساتھ

فوائد :۔ دافع قلاع (شقد دہن) صفراوی ۔ و خونی کو مؤثر ہے

ساتواں باب مضمضات میں

مُضمضہ :۔ دافع قُلاع

نسخہ :۔ دھنیا ۔ عدس مقشر ہر ایک ۶ ماشہ ۔ طباشیر ۳ ماشہ رسوما مضمضہ کریں ۔ فوائد :۔ دافع شور دہن ہر قسم ہے ۔

مضمضہ دافع ورم لسان

نسخہ :- تخم میتھی ۲ تولہ ۶ ماشہ - تمر ہندی ۵ تولہ - انجیر تئیس دانہ مضمضہ کریں - فوائد :- دافع سوزش و سوزن زبان ہے -

مضمضہ دافع قُلاع

نسخہ :- کافور نصف تولہ - حنا چار تولہ - دھنیا کا پانی تر ۱۳ تولہ سرکہ انگوری ۶ تولہ - خیساندہ بنا کر مضمضہ کریں
فوائد :- ثبورات یعنی منہ آنے کو بیحد نافع -

مضمضہ دافع ورم زبان

نسخہ :- آب کاہو - آب دھنیا سبز - آب برگ خرفہ - سرکہ - گلاب - کافور بقدر یک رتی - افیون یکرتی - خیسائیدہ مضمضہ کریں
فوائد :- ورم زبان، منہ و دندان کے لئے نافع -

مضمضہ مسکن درد دندان

نسخہ :- کنگی سفید - عقر عقرحا - شیطرج - ہر ایک قدرے مضمضہ کریں -

مضمضہ دافع تشنج زبان از تپ محرقہ

نسخہ :- لعاب خطمی - آب کو - نجھڑائی ہر ایک ۱ تولہ روغن بنفشہ -

روغن نیلوفر۔ دودھ گدھی تھوڑا تھوڑا۔ مضمضہ کریں۔

مضمضہ۔ دافع بدبو و استحکام دندان

نسخہ:۔ سعد۔ بانچھڑ۔ گلسرخ۔ جوزالسرو۔ گلنار۔ گل نسرین۔ چرائیتہ ہر ایک ۱ تولہ۔ سرکہ و گلاب میں۔ مضمضہ بنا کر استعمال کریں۔

مضمضہ حابس خون دندان

نسخہ:۔ سپاری۔ گلسرخ۔ عقرقرحا۔ سعد۔ چھڑ۔ برگ مورد۔ جوزالسرو مائیں ہر ایک ۱ تولہ۔ سرکہ عنصل و گلاب اضافہ کر کے مضمضہ کریں۔

روضہ ہفتم قطورات میں

قطور۔ مسکن درد حار

نسخہ:۔ روغن گل ۱۰ ماشہ۔ روغن بادام تلخ ۱۵ ماشہ۔ شراب سرکہ ۲½ تولہ۔ افیون یک رتی۔ بطور قطور استعمال کریں۔

قطور۔ دافع طنین و گرانی گوش۔

نسخہ:۔ کیسر۔ فرفیون۔ جند بیدستر۔ کلکی سفید۔ مرمکی مکہ ۹ ماشہ۔ نطرون سرکہ ملا کر کان میں ٹپکائیں۔

قطور۔ دافع قرحہ و جرح گوش۔

نسخہ:۔ انزروت۔ مصبر۔ سمندر جھاگ۔ بورہ ارمنی۔ دم الاخوین

کندر۔ مرکی۔ زنگار۔ بورہ چون۔ روغن گل۔ سرکہ میں ملاکر کان میں ٹپکائیں۔ یا بتی بناکر کان میں رکھیں۔

فوائد:۔ کانوں کے زخموں کے لئے بیحد نافع ہے۔

قطور دافع آب گوش

نسخہ:۔ آب پیاز۔ آب مولی۔ روغن گل۔ بادام روغن ملاکر کان میں ڈالیں۔ فوائد:۔ کان میں پانی پڑ جانے کو دفع کرتا ہے۔

قطور قاتل کرم گوش حیوان جو کان میں جا پڑے۔

نسخہ:۔ آب برگ شفتالو۔ آب برگ توت ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ خربق سفید۔ بورہ ارمنی۔ سقمونیا۔ افسنتین۔ زراوند گول ہر ایک ۳ ماشہ درمنہ ترکی ۶ ماشہ پانی جو نسخہ میں ذکر ہوئے ان میں ملاکر دھوپ میں رکھیں تاکہ خشک ہو۔ اس کے بعد تھوڑا گھوٹ کر سرکہ و پانی برگ شفتالو ملاکر کان میں ٹپکائیں۔

قطور دافع قرحہ احلیل

نسخہ:۔ سفیداب۔ کندر۔ انزروت۔ گوند ببول۔ نشاستہ۔ دم الاخوین دودھ زنان دختر والی کا شامل کرکے پیشاب کی نالی میں ٹپکائیں۔

قطور دافع ریش مجرائے بول

نسخہ:۔ مغز ہندوانہ۔ لعاب اسبغول و شیاف سفید بیضہ مرغ

روغن تخم کدو کے ساتھ ملا کر ٹپکائیں۔
فوائد :۔ زخم پیشاب کی نالی کے لئے سود مند ہے۔

قطور دافع سوزاک

نسخہ :۔ دم الاخوین۔ نشاستہ۔ زراوند طویل۔ گل ارمنی۔ گوند سفیدہ۔ کیترا ہر ایک ۲ ماشہ۔ شیرہ تخم کدو میں قطور بنا کر ٹپکائیں۔

قطور منفجر ورم گوش

نسخہ :۔ ہلہل کوٹ کر کان میں چند قطرے ٹپکائیں۔
فوائد :۔ کان کے ورم کو قطع کرے۔

قطور شگافندہ ورم گوش

نسخہ :۔ پیاز کا پانی۔ لعاب میتھی۔ یا اسبغول یا تخم السی کے ساتھ۔ ورم کان کو پھاڑ دیتا ہے۔

قطور دافع پیپ کان

نسخہ :۔ سو ہاگہ بریاں۔ آب لیموں کے ہمراہ۔ کان سے پیپ آنے کو بند کرتا ہے۔

قطور قاتل کرم گوش

نسخہ :۔ مصبر پانی میں، یا پانی حنظل آنچ پر پکا کر ڈالیں۔ کان کے

کیڑوں کو مارتا ہے۔

قطور کرمی گوش

نسخہ:۔ آب بیخ تمہ اونٹ کے پیشاب میں ملا کر کان میں ٹپکائیں کرم گوش کو دفع کرے۔

روضہ ہشتم سعوطات میں

سعوط۔ دافع دردِ سر گرم

نسخہ:۔ آب برگ کاہو۔ نیلوفر۔ دودھ زنان لڑکی والے میں پیس کر ناک میں کھینچیں۔

سعوط۔ دافع دردِ سر بارد

نسخہ:۔ مومیائی۔ جند بیدستر۔ فرفیون یا عنبر و مشک۔ [illegible] روغن زنبق یا گلاب میں ملا کر ناک میں کھینچیں۔

سعوط دافع فالج ولقوہ و عوارض اعصابی

نسخہ:۔ شونیز۔ تخم حرمل۔ چقندر کے پانی میں پیس کر خشک کریں اس کے بعد دودھ زنان لڑکی والے سے ملا کر ناک میں ٹپکائیں۔

سعوط۔ مانع نکسیر

نسخہ:۔ کاغذ سوختہ۔ پوست انڈا سوختہ۔ اقاقیا۔ مرشادنج مغسول

کافور۔ نچوڑ برگ تلسی یا بعبتاقیس میں سعوط بنا کر کھینچیں۔

سعوط دافع شقیقہ

نسخہ:۔ روغن بادام تلخ۔ و روغن استخوان زرد آلو۔ پانی مرزنجوش میں دیں

سعوط نافع نزلہ

نسخہ:۔ سمندر پھل ۲ رتی ہمراہ دودھ زنان دختر زائیدہ ناک میں کھینچیں

فوائد:۔ نزلہ کیلئے نافع ہے۔

سعوط نافع حرارت دھوپ

نسخہ:۔ کافور ۱ رتی۔ پانی کاہو و سرکہ و روغن کدو ملا کر ناک میں کھینچیں

فوائد:۔ دافع حرارت دماغ و دھوپ وغیرہ

سعوط برائے غدہ چشم

نسخہ:۔ بنسلوچن معری۔ زعفران ہر دو ماشہ۔ افیون چار ماشہ۔ عورت کے دودھ میں گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔ اس کے بعد دودھ عورت میں حل کرکے ناک میں ڈالیں

فوائد:۔ درد چشم و شقیقہ کو دفع کرتا ہے۔

سعوط برائے صرع

نسخہ:۔ موتی حل کرکے ناک میں کھینچیں۔ یعنی سعوط کریں۔

فوائد:۔ مرگی کو فوراً دفع کرے۔

سعوط دافع جنون

نسخہ:۔ افشردہ جوش دے کر روغن نیلوفر و سفیدی بیضہ مرغ و دودھ زنان لڑکی زائیدہ۔ سعوط کرائیں۔ جنون کے لیے بید نافع ہے۔

سعوط فتن

نسخہ:۔ گدھے کا پیشاب ناک میں کھینچیں

منزل پنجم

ضمادات اطلیہ غسولات وخضابات ودخنیات و قیروطی و مرہمات وکمادات میں مشتمل چند نسخہ جات پر

حصہ اوّل ضمادات میں

ضماد دافع خنازیر

نسخہ:۔ زعفران۔ زنگار۔ ہر ایک ا تولہ۔ کوٹ میں کر پانی کے ساتھ لیپ کریں۔ فوائد:۔ خنازیر کو بجد نافع ہے۔

ضماد دافع درد سر گرم

نسخہ:- برگ خرفہ۔ شیاف مامیثا۔ صندلین۔ گل سفید۔ سپاری ہر ایک ۲ تولہ۔ افیون ۲ رتی سرکہ میں ضماد بنا کر ضماد کریں۔

فوائد:- درد سر گرم کے لئے نافع ہے۔

ضماد مقوی معدہ گرم

نسخہ:- حب الآس۔ آملہ۔ عود ہندی۔ گلنار برگ مورد۔ پوست سیب مع گلسرخ۔ چراتہ۔ صندلین میں ہمراہ آب سیب ضماد کریں۔ فوائد:- گرمی کی وجہ سے درد معدہ گرم میں نافع ہے۔

ضماد مقوی معدہ سرد

نسخہ:- سعد۔ مصطگی۔ بالچھڑ قسط۔ افسنتین ہر ایک ۶ ماشہ آب بہی میں ضماد کریں

فوائد:- جو درد معدہ سردی کی وجہ سے ہو۔ اس میں نافع ہے۔

ضماد دافع اسہال و مقوی ہاضمہ

نسخہ:- مرمکی۔ کندر۔ مصطگی۔ حب الآس۔ گلسرخ، پوست انار۔ مازو۔ شاہ زیرہ۔ سماق ہر ایک ۶ ماشہ۔ سعد ۳ ماشہ۔ زعفران ۲ رتی۔ گلنار۔ لادن۔ صندل سرخ و سفید ہر ایک ۱½ ماشہ۔ آب بہی میں ضماد بنا کر لگائیں۔

فوائد:۔ دافع اسہال۔ مقوی ہاضمہ و ماسکہ ہے۔

ضماد اگر فم معدہ پر لگائیں تو مسہل سودا و زیر بغل مسہل صفرا و مابین ورکین مسہل بلغم ہے۔

نسخہ:۔ باقلا مصری مقشر دودھ میں پکا کر بعد ۂ گھی گگڑ ے ۔ساوی میں جوش دیں۔ اس کے بعد کپڑا چھنین پر ضماد کر کے موقعہ مذکور پر لگائیں۔ مسہل اخلاط ثلاثہ ہے۔

ضماد۔ دافع صلابت معدہ و جگر و طحال

نسخہ:۔ مقل ارزق۔ اکلیل الملک۔ سنبل الطیب۔ مصطگی ہر ایک ۹ ماشہ افسنتین ۱ تولہ۔ صبر۔ گلسرخ ہر ایک ۶ ماشہ۔ بابونہ ۱۲ ماشہ۔ چرائیتہ ۳ ماشہ سرکہ کے ساتھ ضماد کریں۔

فوائد:۔ معدہ کی گرانی و سختی جگر و طحال کے لئے بیحد نافع ہے

ضماد۔ محلل اورام

نسخہ:۔ بھوسی گندم۔ خطمی۔ بابونہ۔ میتھی۔ تخم السی۔ موم و روغن بابونہ سے ضماد کریں۔

فوائد:۔ تمام قسم کے ورموں کو تحلیل کرنے کے لئے مفید ہے

ضماد۔ مفجر دنبل

نسخہ:۔ خمیر ترش ۳ تولہ۔ بورہ ارمنی۔ پنجال کبوتر و مرغ ہر ایک

اتولہ تھوڑا روغن زیت ملا کر ضماد بنا کر لیپ کریں۔
فوائد:۔ مفجر دنبل ہے۔ صلابت پھوڑا کو قطع کرے۔

ضماد۔ نافع اماس پستان

نسخہ:۔ روٹی گندم خشک آٹا باقلا۔ میتھی۔ خطمی۔ زعفران ہر ایک اتولہ زردی بیضہ مرغ و روغن گل ضماد کریں۔
فوائد:۔ ورم و سوجن پستان زنان کو بیحد نافع ہے۔

ضماد مفجر ورم پستان

نسخہ:۔ نعناع۔ پودینہ دشتی۔ سداب ہر ایک اتولہ روٹی سرکہ میں ملا کر ضماد کریں
فوائد:۔ زیادتی دودھ زنان کو کم کرنے میں نافع ہے۔

ضماد۔ مصغر پستان

نسخہ:۔ کندر۔ کوڑی سوختہ ہر ایک اتولہ۔ آٹا جو ۶ ماشہ۔ سرکہ میں ضماد کریں۔
فوائد:۔ پستان زنان کو چھوٹا کرنے میں نافع ہے

ضماد۔ دافع برآمدن ناف

نسخہ:۔ آٹا باقلا۔ مازو۔ گلنار۔ پوست انار۔ جوزالسرو۔ مائیں پوست بیضہ مرغ۔ پانی میں خوب پکا کر گلتہ بنائیں۔ اور ضماد کریں۔

فوائد:۔ ناک کے باہر نکل آنے کو دفع کرے۔

ضماد۔ حابس خون حیض۔

نسخہ:۔ مسور مقشر۔ برگ مورد۔ پوست انار ترش ہر ایک ۱ تولہ سرکہ میں ملا کر پشت و پیڑو پر ضماد کریں۔

فوائد:۔ خون حیض کو بند کرتا ہے۔

ضماد۔ مضیق فرج

نسخہ:۔ عود ہندی۔ رامک۔ رامن۔ اقاقیا۔ لونگ۔ ماییں جوز السرو گل سرخ۔ تخم گل مازو ہر ایک ۱ تولہ۔ مشک بکری تی مورد کے پانی میں پیڑو پر ضماد کریں

فوائد:۔ تنگی اندام نہانی مستورات میں نافع ہے۔

ضماد۔ نافع ورم قضیب و خصیہ

نسخہ:۔ برگ مکو کائی۔ برگ کاکنج۔ برگ شاہسفرم۔ پوست و ہندی دعفیا سبز ہر ایک ۱ تولہ ضماد کریں

فوائد:۔ ورم قضیب و خصیہ کو نافع ہے

ضماد۔ دافع حبس بول

نسخہ:۔ بسکھپرا تازہ گرم اس کا پانی زیر ناف مثانہ و لولح خصیہ و قضیب پر ملیں۔ اسی طرح تل و شیر نشت حلیل میں رکھیں

پیشاب کھل جاوے گا۔

ضماد۔ دافع درد واماس بواسیر

نسخہ:۔ حنظل۔ مغز استخوان زرد آلو۔ میعہ سائلہ۔ کوہان شتر۔ مغز ساق گاؤ۔ ہر ایک ا تولہ

ضماد۔ دافع صلابت عضو شکستہ

نسخہ:۔ عصارہ وپیہ تھوڑے سے تیل تل کے ساتھ ضماد کریں

فوائد:۔ سختی عضو شکستہ کو درست کرے۔

ضماد۔ ناخن فاسد کو گرا کر خیا خون نکالے

نسخہ:۔ جوز السرو۔ آرد نخود۔ باقلا مصری ہر ایک تولہ ضماد کریں

ضماد۔ گزیدن حشرات عقرب و جاذب زہر

نسخہ:۔ جند بیدستر۔ سکبیج۔ ہینگ۔ برگ کرنب۔ بیٹ کبوتر۔ پودینہ جنگلی۔ مشکطرا مشیع۔ روغن زیت میں ملا کر ضماد کریں۔

فوائد:۔ دافع زہر موذی جانوراں عقرب وغیرہ

ضماد۔ دافع اسہال

نسخہ:۔ سفوف انبہ۔ کوگل سر شوئی پانی میں پیسکر ضماد کریں۔

فوائد:۔ ہر قسم کے دست بند کرے۔

دوسرا حصہ دوئم اطلیات میں

طلاء۔ دافع ثبور لبنیہ

نسخہ:۔ تخم خرما۔ دودھ گائے میں پیسکر طلاء۔ کریں۔
فوائد:۔ دفع ثبور ہونے کو نافع ہے۔

طلاء۔ دافع کلف

نسخہ:۔ پوست نیم۔ پوست سرس۔ پوست درخت انبلتاس
پوست درخت انار۔ زردچوبہ۔ سعد۔ تمام ملاکر پیس کر طلاء۔ کریں۔
فوائد:۔ دافع کلف و جھائیں ہے

طلاء۔ دافع خارش

نسخہ:۔ شیرہ برگ دھتورہ۔ روغن کنجد ہر ایک نیم پاؤ۔ گندھک
۵ تولہ۔ تین روز بدن پر مالش کریں۔ اس کے بعد پانی گرم و آرد نخود
سے غسل کریں۔

طلاء۔ دافع خارش دیگر

نسخہ:۔ گندھک ۵ تولہ۔ سیماب ۲ تولہ ۴ ماشہ۔ توتیا ایک ماشہ تا
۲ ماشہ۔ بنسلوچن ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک۔ مرچ سیاہ یکماشہ۔ نیم پاؤ گھی
میں ملاکر طلا کریں۔ فوائد دافع خارش ہر قسم ہے۔

طلاء برائے کمزوری قضیب

نسخہ:۔ پارہ۔ سنکھیا۔ ہڑتال زرد۔ ہڑتال سُرخ۔ شنگرف مرچ سیاہ کی جڑ۔ کپڑے کو دودھ سہتوہر میں تر کرکے اور دواؤں کو پیس کر روغن گاؤ میں ملا کر فتیلہ بنائیں اور نرم آنچ سے روغن ٹپکا کر طلا کریں۔

فوائد:۔ سستی و کمزوری کو نافع ہے۔

طلاء برائے قضیب

نسخہ:۔ بورہ ارمنی۔ سعد بالچھڑ۔ رائی دارچینی خولنجاں۔ سداب پہلے دودھ میں بھگو کر خشک کریں۔ پھر پتہ لگاتے ہیں اسی طرح پھر شہد میں ملا کر طلا کریں۔

فوائد:۔ کمزوری و سستی قضیب کو نافع ہے۔

طلاء دیگر برائے سستی قضیب

نسخہ:۔ پیاز نرگس عقرقرحا۔ مویزج۔ چربی و پتہ نرگاؤ۔ چربی اہلد مجرد۔ تمام پیس کر ملائیں اور طلاء کریں

فوائد:۔ کمزوری و سستی کے لئے مجرب ہے

طلاء دافع درد مفاصل

نسخہ:۔ بچھناک۔ ہربسی۔ نربسی۔ چونہ۔ نمک سنگ۔ حرمل۔ پانی میں پیس کر بعد شرط طلا کریں۔ فوائد:۔ جوڑوں کے درد کو مفید ہے

طلاء برائے سلعہ

نسخہ:- شورہ۔ گندھک۔ کاہی۔ نوشادر۔ تازہ لعابِ دہن سے طلا کریں۔ رسولی کو دفع کرے۔

طلاء کلف سفید

نسخہ:- کرنب۔ فرفیون سوختہ۔ بلادر سوختہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ گلگی سیاہ شیطرج۔ گل آملہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ سرکہ میں حل کرکے طلا کریں۔

فوائد:- کلف سفید کو نافع ہے۔

طلاء ممسک

نسخہ:- ہلکنگنی۔ اجوائن دیسی۔ زنجبیل۔ سمندر پھل۔ عقر قرحا دھتورہ۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ کافور یکماشہ۔ زیرہ شش ماشہ پانی میں خوب جوش دے کر طلا کریں۔

فوائد:- ممسک و قاطع ہے۔ بہت مفید ہے۔

طلاء دافع سوزش قضیب

نسخہ:- سمندر پھل پیکر طلا کریں فوائد:- عضو تناسل کی جلن دور کرتا ہے

طلاء مقوی باہ

نسخہ:- مغز پستہ۔ مغز بادام۔ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ۔ مغز کوکان

مشک۔ قرنفل۔ تیزپل۔ زعفران۔ دارچینی۔ بسباسہ ہر ایک ۲ ماشہ ۲ سیر شاہی دودھ بکری میں ترکر کے نیم خشک کریں اور شیشہ میں تیل نکالیں (بشکل پتال جنتر) برگ پر لگا کر طلا کریں۔ اور کھانے کی بھی اجازت ہے

طلا برائے کمزوری قضیب

نسخہ:۔ خراطین۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ پوست بیخ بکائن۔ پوست بیخ آک۔ رتک سفید۔ پوست بیخ دھتورہ۔ پوست بیخ ارنڈ ہر ایک ۳ تولہ ۴ ماشہ تیل کنجد میں ایک شبانہ روز ترکر کے شیشہ میں بشکل تیل ٹپکائیں برگ پان کے ساتھ طلا کریں اور کھائیں۔ فوائد سستی و کمزوری کو مفید ہے

طلا نافع حلق

نسخہ:۔ ہینگ۔ زرد چوب ہر ایک ۳ ماشہ کوٹ کر گھیکوار کو چیر کر توا پر گرم کریں بعد ازاں [illegible] کیں اور اچھی طرح حل کر کے نیم گرم باندھیں

طلا حلوق را نافع

نسخہ:۔ تخم [illegible] قضیب پر طلا [illegible] نافع ہے

طلاء دیگر

نسخہ: تخم [illegible] شہد میں [illegible] فائدہ سستی کو نافع ہے۔

طلاء مقوی

نسخہ:۔ اسارون دو دو ہو زنان دختر زائیدہ میں ملاکر۔ رانوں و ارد گرد بیں یعنی طلاء کریں۔ فوائد:۔ مقوی باہ ہے۔

طلاء بہق سفید کو نافع

نسخہ:۔ صابون۔ کھار۔ کبنیلہ روغن کنجد میں پیس کر طلا کریں۔ بہق سفید کو نافع ہے۔

طلاء دیگر

نسخہ:۔ شیطرج ۱۱ ماشہ۔ ہڑتال سرخ ۵ ماشہ۔ گندھک ۵ تولہ۔ تانبہ جلایا ہوا چونہ قلعی ہر ایک ۲½ تولہ ہمراہ سرکہ طلا کریں
فوائد:۔ برص و بہق کو نافع۔

طلاء دافع قوبا۔ یعنی داد

نسخہ:۔ ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ تخم کرفس۔ ایرسا سرکہ کے ساتھ طلا کریں۔ فوائد:۔ داد و ... کو نافع ہے۔

طلاء دیگر برائے قوبا مجرب

نسخہ:۔ تخم ترب۔ گندھک۔ تخم پنوار۔ رائی سرکہ میں ملا کر طلاء کریں۔

طلاء برائے داد خصیہ

نسخہ:۔ سفیدہ ۱۲ ماشہ۔ گندھک ۶ ماشہ۔ مویزج ۳ ماشہ۔ سرکہ میں ملا کر طلاء کریں۔

طلاء برائے داد مقعد

نسخہ:۔ شب یمانی بریان ۲½ تولہ۔ کھنبیاں ۱۵ ماشہ سرکہ کے ہمراہ کسی کپڑے کے ٹکڑے پر لگا کر مقام موٶف پر لگائیں۔
فوائد:۔ داد خارش مقعد کو نافع ہے۔

طلاء سعفہ

نسخہ:۔ زراوند طویل۔ خبث الفضہ۔ مردار سنگ۔ روغن زیت میں طلاء کریں فوائد:۔ سعفہ و گنج کو نافع ہے۔

طلاء جدری یعنی چیچک

نسخہ:۔ گائے کا پتہ و بکری کا پتہ ملا کر طلاء کریں۔
فوائد:۔ چیچک کے لیے نافع ہے۔

طلاء ثالول

نسخہ:۔ آشنان۔ زنگار۔ تانبہ جلایا ہوا۔ گودہ تمہ۔ بورہ نوشادر آہک (چونہ) پتہ گائے یا آب صابون سے طلاء کریں دافع ثالول ہے

طلاء دافع اثر کبود ضربہ وسقطہ

نسخہ:۔ بورہ ارمنی سرخ کو ہمراہ سرکہ طلا کریں۔
فوائد:۔ اثر سیاہ یا کبود ضربہ و سقطہ کو نافع ہے

طلاء برائے بہق و برص

نسخہ:۔ چوب چیتہ پانی میں پیس کر طلا کریں۔
فوائد:۔ بہق و برص کو مفید ہے

طلاء برائے قوبا

نسخہ:۔ سوہاگہ تیلیہ بریاں۔ چھلیں میں حل کر کے طلا کریں۔ قوبا کو مفید ہے۔

طلاء برائے قوبا و خارش

نسخہ:۔ گندھک۔ میعہ سائلہ ہر ایک ا تولہ۔ چربی بکری ۱۸ ماشہ ملا کر طلاء کریں۔

طلاء دافع ورم گلو

نسخہ:۔ جدوار۔ کالی زیری ہر ایک ۲ ماشہ۔ کچلہ یک رتی۔ مرچ سیاہ ۱ ماشہ۔ سرکہ ۳ تولہ ۴ ماشہ میں ملا کر طلاء کریں۔
فوائد:۔ ورم گلو کو مفید ہے۔

طلاء مقوی قضیب

نسخہ:۔ سیماب یکماشہ ۔ شہد دو ماشہ ۔ حمام آہنی میں دستہ آہن سے یکذات کر کے کپڑے پر لیپ کر کے عضو تناسل پر باندھیں۔
فوائد:۔ سستی کو دفع کرے ۔ مقوی ہے۔

طلاء دیگر مقوی قضیب

نسخہ:۔ کباب چینی ۔ ریوند چینی ۔ دار چینی ۔ چوب چینی ۔ عقرقرحا لونگ ۔ دانہ الائچی ۔ بسباسہ ۔ جوزبوا ہر ایک یکتولہ ۔ سیماب ۲ تولہ ۔ پیشاب گدھا میں ۔ ایک پہر کھرل کر کے اس کے بعد تمام دواؤں کو کھرل کر کے برگ پان کے ساتھ طلا کریں۔
فوائد:۔ دافع کمزوری و سستی و مقوی عضو خاص ہے۔

طلاء برائے قضیب

نسخہ:۔ افیون ۔ عقرقرحا ۔ لونگ ۔ جوزبوا ۔ طلا تیار کر کے لگائیں مقوی قضیب ہے۔

طلاء برائے تقویت قضیب

نسخہ:۔ کائپھل دودھ بھینس میں کھرل کر کے طلاء کریں۔ رات کو لگائیں اور صبح کو برم کے ساتھ دھوئیں
فوائد:۔ قضیب کو طاقت دیتا ہے۔

طلا۔ برائے تقویت ذکر

نسخہ:۔ کافور۔ سہاگہ ہر ایک یکماشہ۔ لونگ ۱۲ عدد حبوب بنائیں۔ اس کے بعد بوقت ضرورت یک حُب گھسکر طلا کریں۔

فوائد: قضیب کو تقویت دے۔

طلا دیگر برائے تقویت ذکر

نسخہ:۔ چربی شیر۔ پوست بیخ چنبیلی۔ پوست بیخ کنیر سفید ہر ایک ۳ تولہ ۴ ماشہ۔ لونگ ۸ تولہ ۴ ماشہ۔ سرطان ۲ عدد۔ برگ پان ۴ عدد روغن کشید کر کے طلا۔ کریں۔

روضۂ دوئم اطلیات مُسلسل

طلا۔ برائے مہاسہ

نسخہ:۔ مسور کا آٹا۔ پوست بیضہ مرغ ہر ایک ۳ تولہ ۴ ماشہ۔ کھار۔ قسط تلخ۔ ایرسا۔ زراوند طویل۔ شاخ گوزن۔ لاون۔ نمک پاپڑ۔ ہر ایک ۵ تولہ۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز بادام ہر ایک ۱۱ تولہ ۸ ماشہ۔ ہڈیاں پورانی۔ مجیٹھ۔ تخم پنبہ۔ مردار سنگ ہر ایک ۶ تولہ ۸ ماشہ پانی میں پیسکر طلاء کریں

فوائد:۔ مہاسوں کو نافع ہے۔

طلاء برائے تقویتِ ذکر

نسخہ :۔ بین پھل روغن میں پیس کر طلاء کریں۔

فوائد :۔ کمزوری قضیب کو نافع ہے۔

طلاء از مجرباتِ خواجہ ابو الفتح

نسخہ :۔ روغن ارنڈی ۱۰ تولہ ۔ مرچ سُرخ ۶ تولہ ۸ ماشہ ۔ رائی ۸ تولہ ۴ ماشہ ۔ تخم کنڈیاری ۔ دودھ زہوک ہر ایک ۵ تولہ ۔ دار چینی ۔ بسباسہ ۔ لونگ ہر ایک چار ماشہ ۔ سورنجاں فرفیوں ہر ایک ۱/۲ ۳ ماشہ ۔ مالکنگنی ۷ ماشہ ۔ کوٹ پیس کر طلاء بنا کر لگائیں

طلاء برائے خلق زدہ

نسخہ :۔ جند بیدستر ۔ دار چینی ۔ لونگ ۔ پوست بیخ کنیر سفید ۔ خراطین ۔ کرم برساتی ہر ایک ۳ ماشہ ۔ میٹھا تیلیہ ۲ رتی ۔ تین حصے کر کے ایک حصہ گوشت گردن بکری نصف پا ۔ پر کوٹ پیس کر ڈالیں اور گوشت کو انکول کی لکڑی پر بریاں کردہ طلاء کریں مجبوق کے لئے مفید ہے۔

طلاء ملّہ (پھوڑا)

نسخہ :۔ الائچی خورد ۔ سیہور ۔ کتھ ۔ مکھن میں جذب کر کے کسی کپڑے کی ٹاکی یا ٹھکرے برتن پر لیپ کر کے طلاء کریں ۔ پھوڑے کو نافع ہے

طلاء سُعفہ

نسخہ:- کونچ یکتولہ۔ شنگرف ۲ ماشہ۔ روغن تلخ ½ تولہ آنچ پر ٹت پت کرکے طلا کریں۔ فوائد:- سعفہ۔ گنج سر کیلئے نافع ہے۔

طلاء برائے خارش مُجرب

نسخہ:- گندھک۔ باجی۔ زرد چوب ہر ایک ۱ تولہ ۸ ماشہ یکجا۔ پانی میں رات کو خیساندہ بنا کر رکھیں۔ صبح کو پانی چھان کر پلائیں۔ اور پھوگ کو چار پانچ تولہ کڑوے تیل میں ملا کر طلا کریں

فوائد:- خارش کے لئے بیحد مفید ہے۔

طلاء مقوی ذکر

نسخہ:- دال چکنہ۔ شنگرف۔ بھلانوہ۔ چربی اسد۔ تیل کنجد تمام مساوی پانی میں پیس کر طلا کریں۔ فوائد:- سستی و کمزوری عضو کو دفع کرے

طلاء برائے شقیقہ و دردِ سر

نسخہ:- گل ارمنی۔ بیخ لفاح۔ کندر۔ صبر زرد۔ کیسر ہر ایک ۳ ماشہ تخم اجوائن خراسانی ۶ ماشہ۔ گوند ببول۔ انزروت ہر ایک ½۱ ماشہ۔ افیون ۲ رتی۔ کافور یک رتی طلا کریں۔

طلاء مفجر دنبل

نسخہ:- مقل۔ صابون۔ ریوند چینی برابر لے کر پیس کر طلاء کریں۔

فوائد :۔ سخت پھوڑا۔ دنبل کو پھاڑتا ہے۔

طلاء دافع نزلہ

نسخہ :۔ اقاقیا۔ مصبر۔ شیاف۔ یشا۔ رسوت۔ گل ارمنی۔ گوند۔ کوکنار۔ زعفران۔ مر۔ سفیدی بیضہ مرغ۔ ملا کر طلا کریں۔ نزلہ کا دافع ہے

طلاء برائے مسکوت

نسخہ :۔ رائی۔ جند بیدستر۔ مشک۔ سرکہ کہنہ میں پیس کر طلاء کریں۔ سکتہ زدہ کو نافع

طلاء دافع بوئے بغل

نسخہ :۔ شب یمانی۔ مر۔ گلسرخ۔ برگ مورد۔ مرداسنگ گلاب میں پیس کر طلاء کریں۔ اور بغل کو آب اُشنان سے دھوئیں۔
فوائد :۔ بدبوئے بغل کو رفع کرے۔

طلاء دافع زیادتی پسینہ

نسخہ :۔ مورد۔ پوست انار۔ مائیں۔ جوز السرو۔ ہر ایک ۱ تولہ پانی برگ مورد سے ملا کر طلا کریں۔ فوائد :۔ زیادتی پسینہ کیلئے نافع ہے

طلاء مانع رعاف

نسخہ :۔ گلنار۔ اقاقیا۔ نچوڑ لحیۃ التیس۔ صندل سفید ہر ایک ۹ ماشہ

افیون ۱½ ماشہ کافور ۲ رتی ۔ گلاب کے ساتھ طلاء کریں ۔
رعاف نکسیر کو نافع ہے ۔

طلاء مانع داؤالثعلب

نسخہ :۔ پرسیاؤشاں ۔ لاون ۔ افسنتین ۔ حب الغار ۔ روغن مورد کے ساتھ پیس کر جائے ماؤف پر لگائیں ۔
فوائد :۔ داؤالثعلب بالچھڑ کے لئے نافع ۔

طلاء مطول مسود مو

نسخہ :۔ مشک ۔ لاون ۔ مغز دانہ زردآلو ۔ پرسیاؤشاں ۔ مُر ۔ روغن سوسن و لعاب خطمی و چقندر پختہ مقوم کرکے ہفتہ میں دو ۔ تین بار طلاء کرکے دو گھنٹہ بعد دھو ڈالیں ۔
فوائد ۔ بال پیدا کرنے اور لمبا کرنے میں نافع ہے ۔

طلاء مانع روئیدن مو

نسخہ :۔ شیرہ انجیر ۔ چینونٹی کے انڈے ۔ باقلا مصری ۔ بیرنگ برنج ۔ بالوں کو اکھاڑ کر طلاء کریں ۔ اسی طرح تین بار

طلاء سوختگی

نسخہ :۔ مسور مقشر ۔ گلسرخ ۔ برابر پانی میں پکائیں ۔ سفیدہ آٹا جو ۔ روغن گل میں ملا کر طلا کریں ۔ فوائد :۔ سکن جل جانے کیلئے سود مند ہے ۔

طلاء جذام

نسخہ :- بورہ ارمنی ۔ اشق ۔ فرفیون ۔ گندھک ۔ برگ انجیر تمام پیس کر طلاء کریں ۔

طلا شقاق

نسخہ :- حنا ۔ صبر زرد ۔ مغز کدو ۔ روغن نفط سیاہ ۔ روغن کدو کے ساتھ طلا کریں ۔

طلاء حابس حیض

نسخہ :- گلسرخ ۔ مسور ۔ اقاقیا ۔ گلنار ۔ صندلین ۔ گل ارمنی ۔ بلوط طباشیر ۔ پیڑو پر طلاء کریں ۔ فوائد :- خون حیض زنان بند کرے ۔

طلاء آبستن یعنی خروج آب بوقت مباشرت کو نافع

نسخہ :- تیل کنجد ۔ بورہ ارمنی قضیب پر طلاء کر کے نزدیکی کریں ۔

طلاء مطول و مسمن قضیب

نسخہ :- گل خورہ ۔ جلم تیل کنجد میں پیس کر طلا کریں ۔ عضو خاص موٹا و لمبا کرے ۔

روضہ سوم :۔ غسولات میں

غسول مصفی اطراف

نسخہ :۔ سعد۔ اذخر۔ زرنباد۔ چھڑ ہر ایک ۱ تولہ۔ آٹا نخود ۳ تولہ طلاء کریں۔

غسول دافع عرق بدن

نسخہ :۔ برگ مورد۔ مائیں۔ گلسرخ۔ پوست انار۔ سعد۔ اذخر ہر ایک ۱ تولہ۔ آرد باقلا دو تولہ۔ پسینہ دفع کرے

غسول مجعد موئے

نسخہ :۔ مازو۔ مائیں برگ سرو آملہ۔ مردار سنگ برگ سداب ہر ایک تولہ چونا ۶ ماشہ چقندر کے پانی میں غسول کریں
فوائد :۔ بالوں کی روئیدگی اور بڑھنے میں نافع ہے۔

مسود موئے

نسخہ : آب آملہ آب برگ مورد۔ مہندی سے دھوئیں۔ اس کے بعد روغن مورد و لادن سے تر کر دیں
فوائد :۔ بالوں کی روئیدگی و بڑھانے میں مفید ہے۔

روضہ چہارم خضابات میں

خضاب

نسخہ ۱:۔ مازو۔ کتیرا۔ شب یمانی تانبہ جلا ہوا ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ نوشادر ۱ تولہ مازو کو روغن زیت میں بریاں کریں۔ کہ خشک ہو جائیں۔ پھر تمام کو کوٹ کر پختہ آب میں ملا کر رکھدیں۔ تا کہ چار گھنٹہ گذر جائیں۔ بالوں پر لگائیں۔ دو گھنٹہ کے بعد دھوئیں۔

خضاب

نسخہ ۸:۔ گل نسرین۔ پوست خشخاش ہر ایک ۱ تولہ۔ تھوڑا کافور گلاب میں ملا کر طلاء کریں۔

روضہ پنجم ادھان میں

روغن راخہ۔ از مجربات جالینوس مجرب عماد الدین محمود مثل روغن صنعان

نسخہ ۱:۔ جدوار۔ زرنباد۔ زراوند گرد۔ زراوند طویل۔ جند بیدستر مصطگی۔ کندر۔ حب الغار۔ عقرقرحا۔ مر۔ صبر۔ جاؤشیر۔ حلتیت بسکبنج۔ تخم حنا (مہندی) مقل ہر ایک ۷ ماشہ۔ سورنجاں ۳ ماشہ فرفیون ۲½ ماشہ۔ صابن عراقی ۲ تولہ ۱۱ ماشہ۔ چربی بکرا۔ چربی گرگ۔ چربی اسد۔ لومڑی کی چربی۔ چربی خرگوش۔ چربی گیدڑ ہر ایک ۱½ ۱۷ ماشہ

روغن زیت و روغن بابونہ۔ روغن گلسرخ۔ روغن نرگس۔ روغن خیری روغن یاسمین۔ روغن زیبق۔ روغن قسط ہر ایک یک سیر۔ پارہ ۳ ماشہ۔ مہندی و آب لیموں و سرکہ میں ملاکر کسی برتن میں گھوٹ کر۔ ایک جگہ محفوظ رکھیں۔

فوائد:۔ دافع وجع مفاصل۔ آتشک۔ جذام۔ و جروح خبیثہ ناصور تویا۔ جرب۔ شقاق۔ داؤ الثعلب درد سرد گوش کو نافع ہے

روغن بیدانجیر۔ مسہل بلغم مقوی اعصاب۔ روغن سورنجاں دافع وجع مفاصل و نقرس و درد اعصاب روغن شاہتشفرم۔ دافع فالج و درد مفاصل۔ اطلاً و طلاءً کھانے و لگانے میں مفید ہے روغن آجر۔ دہن مبارک گرستر۔ و لطیف ترافیون کھانے و گزندان عقرب میں۔ روغن مصطگی مقوی معدہ۔ روغن مصلح لاجورد۔ روغن بنفشہ و بادام دافع یبوست دماغ۔
روغن بید مشک:۔ سرد تر مقوی دماغ گرم۔
روغن گلسرخ:۔ گلسرخ۔ بادام مقوی دماغ سردی و گرمی میں معتدل
روغن گل نسرین۔ معتدل و محلل دافع طنین و دوار
روغن کدو دافع۔ یبوست دماغ۔ سرسام و مالیخولیا۔
روغن بابونہ۔ دافع تمدد۔ کزاز و محلل بادہا۔
روغن مرزانجوش۔ دافع استرخا۔ فالج۔ شقیقہ۔ دردسرد سوداوی
روغن اذخر۔ دافع خارش و خارش تر۔ دھدر۔ برص و فالج
روغن شبت۔ دافع بادہا۔ برودۃ معدہ۔ مسکن دماغ۔

روغن سداب۔ دافع بواسیر۔ درد گردہ و مثانہ ورحم۔ استرخاء اعصاب۔

روغن ترب۔ مولی۔ مانند روغن زیت۔ روغن بیدانجیر سے گرم تر دافع پتھری ہر قسم و مدر بول وحیض وغیرہ

روغن حناء۔ معدہ کو گرمائے۔ بالوں کو پیدا کرے۔ دافع عرق النساء و درد مفاصل۔

روغن مورد۔ بالوں کو پیدا کرے۔ حرارہ دماغ کو دفع کرے۔

روغن مسود موئے۔ روغن جو بالوں کو پیدا کرے اور ان کو دراز کرے

نسخہ:۔ سازج۔ حماما۔ رسوت۔ لادن۔ مصطگی۔ آملہ۔ پرسیاؤشاں پانی میں جوش دیکر۔ روغن کنجد میں ملا کر پھر جوش دیں تاکہ روغن رہ جائے۔

روغن سر کے بال پیدا کرے۔ خربوزہ کو سوراخ کر کے بیج نکال دیں مازو سبز بریاں تیل میں ڈال کر وبرگ مورد خوب کوٹا ہوا۔ لوہا خوب باریک کیا ہوا ہر ایک ۳۰ ماشہ خربوزہ میں پر کرکے سوراخ کو اچھی طرح بند کرے اور گلحکمت کرکے رات کو تنور گرم میں دھر دیں۔ دن کو باہر نکال کر مٹی کو الگ کرکے ۴ تولہ ۴ ماشہ روغن زیت میں خوب گھولیں اور پھر جوش دیں اور صاف کرکے رکھیں

روغن شقائق۔ بال پیدا کرے۔ محلل و منضج

روغن خشخاش دکاہو۔ مسکن دماغ و منوم

روغن۔ دافع برص۔ آب بادنجاں سیاہ ۵ سیر ۱۲ تولہ۔ تیل کنجد ۲۸ تولہ میں جوش دیں۔ جب تیل باقی رہ جائے۔ اطریفل بھنگرہ۔ فیطرج۔ بیخ بادنجاں مجیٹھ۔ گل لالہ۔ تخم مولی عقرقرحا۔ رائی۔ شونیز۔ بھلانواں سوختہ

کنگی بیاہ ہر ایک ۶ ماشہ - روغن میں ملا کر دو ماہ تک دھوپ میں رکھیں
روغن بیضہ مرغ ۔ درباطات وغیرہ - دافع شقاق وغیرہ
روغن سام ابرص - بال پیدا کرے - خنازیر کو تحلیل کرے
روغن عقرب - پتھری کو توڑ دے دافع بواسیر
نسخہ :- سعد - خبطیانا - بیج کبر ہر ایک ۲ ½ تولہ - بچھو دس عدد
روغن بادام کڑوے یا روغن زیت یا روغن کنجد میں ڈال کر چالیس
یوم دھوپ میں محفوظ رکھیں - اور استعمال میں لاویں -
روغن خشخاش - دافع درد مفاصل - فالج رعشہ و عسر البول
روغن گندنا - دافع بواسیر - بطور کھلانے و لگانے کے
روغن شفتالو دافع بواسیر - اکلاً و طلاءً
روغن تاتورہ - ممسک ہے اگر پیر کی تلیوں میں طلاء کیا جائے

روغن دافع کمزوری قضیب

نسخہ :- پیاز نرگس - روغن چنبیلی میں خوب جوش دیں - جدوار - مشک ہر ایک ۳ ماشہ ملا کر قضیب و خصیہ و کمر و زانوں و پیر کی تلیوں پر طلا کریں

روغن دیگر برائے کمزوری

نسخہ :- خراطین تیل نرگس میں جوش دیکر اور عقرقرحہ - فرفیون - مشک ملا کر مالش کریں
فوائد :- سستی و کمزوری کو نافع ہے

روغن حسک مقوی باہ

نسخہ :۔ سانڈھہ دو عدد۔ کوٹ کر مالکنگنی ۔ بیخ کبر۔ گھنگچی سفید۔ کچلہ بلادر۔ چربی شیر۔ تخم دھتورہ سیاہ۔ بیر بہوٹی۔ خراطین۔ عقرقرحہ۔ افیون ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ بہروزہ ۶ ماشہ۔ بھینس کے دودھ میں تر کر کے دو روز رکھدیں۔ اس کے بعد روغن کشید کریں۔

فوائد :۔ مقوی باہ۔ مدر۔ مفتح مجری بول۔ پتھری کو توڑ کر نکالے

روغن عنبی

نسخہ :۔ جمالگوٹہ۔ بلادر ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ پارہ ۲ تولہ۔ گندھک ۲½ تولہ۔ سنکھیا زرد ۲ تولہ۔ میٹھا تیلیہ۔ ہڑتال۔ مغز ہر نولی ہر ایک ۲½ تولہ روغن کشید کریں۔

فوائد :۔ طلین از کار رفتہ کے لیے بیحد سود مند ہے۔

روغن مقوی قضیب

نسخہ :۔ جوز بوا۔ بسباسہ۔ عقرقرحا۔ لونگ ہر ایک ۶ ماشہ۔ کیسر تخم مولی ہر ایک ۳ ماشہ۔ میٹھا تیلیہ ۴ سرخ۔ ہڑتال ۶ رتی۔ زردی بیضہ مرغ پانی میں جوش دے کر شیشہ میں روغن نکالیں۔

فوائد :۔ سستی قضیب کو نافع ہے۔

روغن دافع چنبل

نسخہ :- پوست نارجیل نصف سیر۔ تخم پنوار ۶ تولہ ۸ ماشہ۔ گائے گی ہڈی ۵ تولہ۔ توتیا سبز ۱ تولہ ۸ ماشہ۔ شیشہ میں روغن کشید کریں
فوائد :- چنبل کو نافع ہے۔

روغن برائے بثورات عجیب

نسخہ :- سرکہ۔ روغن چنبیلی۔ روغن گل۔ تمر ہندی ہر ایک نصف پاؤ
املی سے پانی کشید کر کے ہمراہ سرکہ و روغن ہائے کے جوش دیں
جب پانی جذب ہو جائے آگ سے نیچے اتار کر اور صاف کر کے رکھیں
بوقت ضرورت ان دواؤں کو دستہ لکڑی نیم سے مل کر طلاء کریں۔
نیلہ توتیا۔ تبنلیہ ہر ایک ایک تولہ۔ گندھک سفید۔ قلعی۔ مردار سنگ
پھٹکڑی ہر ایک دو تولہ۔
فوائد :- پھوڑا۔ پھنسی۔ دنبل کو نافع ہے۔

روغن سانڈہ

نسخہ :- لونگ۔ جوزبویہ۔ پیلا مُول۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ مالکنگنی
بیخ کینر۔ میٹھا تیلیہ۔ تخم دھتورہ۔ رام پتری۔ جمال گھوٹہ۔ کنڈیاری۔
چربی سوسمار۔ دارچینی۔ گندھک۔ عاقر قرحا۔ بیخ ہرنوئی خراطین۔ زنبور
سالونی چھلہ ہر ایک ا تولہ ۸ ماشہ۔ سنکھیا زرد و سفید ہر ایک ۲
ماشہ۔ سونٹھ۔ ہرمل۔ اجوائن خراسانی۔ ہڑتال۔ کچلہ۔ بیخ دھتورہ
زنگ سفید۔ مدن مست۔ جلوتری۔ سوہاگہ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ چربی شیر
چربی خوک۔ چربی غوک۔ ہینگ۔ پارہ ہر ایک ۳ تولہ ۴ ماشہ۔ پارہ

ہڑتال۔ میٹھا تیلیہ کو زردی بیضہ مرغ میں خوب رگڑ دیں اور سانڈہ کو روغن میں بریاں کر کے تمام دوائیں ملا کر علے الرسوم روغن کشید کریں۔ ہر قسم کی سستی کمزوری کیلئے مفید ہے۔

روغن سانڈہ

نسخہ:۔ روغن بیدانجیر نصف پاؤ۔ شیر آک ۱۵ ماشہ۔ میٹھا تیلیہ افیون ہر ایک ۳ ماشہ۔ رائی ۱ تولہ ۸ ماشہ۔ مرچ سرخ زنجبیل دارچینی۔ لونگ۔ عقرقرحا۔ جوزبویہ۔ جلوتری۔ بیر بہوٹی ہر ایک ۶ ماشہ سانڈہ تین عدد۔ عرق سونف تین پاؤ۔ کوٹنے والی دواؤں کو کوٹ کر عرق میں بھگو کر جوش دیں کہ بو چلی نہ جائے۔ اس کے بعد صاف کر کے پانی و روغن و سانڈہ کو پکا کر صاف کر کے رکھیں۔ اگر اس میں جوہر لوبان ملائیں تو بہتر ہو۔ فوائد:۔ سستی و کمزوری کو نافع ہے۔

روضہ ششم قیروطیات میں

قیروطی دافع زخم

نسخہ:۔ آب کرنب۔ آب چقندر۔ آب شلغم ہر ایک ۲½ تولہ۔ موم سفید۔ و چربی گردہ بکری و روغن چربی دنبہ۔ روغن بابونہ۔ قیروطی بنا کر لگائیں

فوائد:۔ دافع زخم و جلد پھٹنے کو بھی نافع ہے۔

قیروطی مسمن بدن۔ دوائے مالش بدن کو موٹا کرتی ہے۔

نسخہ:۔ جدوار گلاب میں پسی ہوئی۔ سورنجاں۔ عود۔ ہینگ۔ مومیائی کانی۔ ہر ایک نو ماشہ۔ چربی بط۔ چربی اشند۔ روغن بادام۔ روغن پنبہ دانہ ہر ایک ۲½ تولہ۔

قیروطی دافع بواسیر

نسخہ:۔ چربی کوہان شتر۔ روغن خستہ زرد آلو۔ مغز پنڈلی گاؤ۔ و چربی مرغ۔ روغن گندنا ہر ایک ۱ تولہ لیپ بنا کر بدن پر مالش کریں بواسیر و سقاق مقعد کو نافع ہے۔

روضہ ہفتم مرہمات میں

مرہم داخلیون

نسخہ:۔ مرداسنگ ۲½ تولہ۔ ۱۴ تولہ روغن زیت میں جوش دیں تاکہ رنگ بدل جائے آگ سے نیچے اوتار کر سرد کریں اس کے بعد لعاب اسبغول۔ میتھی۔ خطمی و برگ و لعاب تخم مرو ہر ایک پچاس درم یعنی ۱۰ تولہ ۶ ماشہ اضافہ کر کے نرم آنچ پر پکائیں اور چمچہ پھیرتے رہیں تاکہ غلیظ ہو جائے۔

مرہم رسل

نسخہ:۔ جاؤشیر۔ زنگار۔ مازو ہر ایک ۶ ماشہ۔ زفت ۲۱ ماشہ۔ کندر۔ زراوند طویل۔ ہر ایک ۹ ماشہ۔ مقل۔ مرداسنگ ۱ تولہ۔ موم

رال ہر ایک ۶ ماشہ ۔ روغن زیت ۲۸ تولہ ۔ گوند ہائے کو سرکہ میں حل کرکے ہاون دستہ میں خوب رگڑیں ۔ موم و روغن میں گداختہ کر کے ہاون میں باریک کر کے مرہم بنائیں

فوائد :۔ رسولیوں کو دفع کرے ۔

مرہم آتشک

نسخہ :۔ سفیدہ ۔ مردار سنگ ہر ایک ۸ ماشہ ۔ روغن گل ۲ تولہ ۳ ماشہ ۔ موم سفید ا تولہ ۔ کافور ایک رتی ۔ آخیر میں کوٹ پیسکر مرہم بنائیں ۔ اگر خواہش ہو تو انڈا مرغ بھی ہمراہ شامل کریں ۔

فوائد :۔ آتشک کے لیئے نافع ہے ۔

مرہم دیگر برائے آتشک

نسخہ :۔ قند ۔ توتیا کرمانی ۔ مازو ہر ایک ۶ ماشہ ۔ زنجبیل ۔ زاج سوختہ ۔ دم الاخوین ہر ایک ۳ ماشہ ۔ روغن گل و موم سفید کے ساتھ مرہم بنائیں ۔ فوائد :۔ یہ دافع آتشک ہے ۔

مرہم اکل اللحم ۔ گوشت خورہ

نسخہ :۔ زنگار یکتولہ ۔ روغن کنجد دس تولہ ۔ موم ا تولہ مرہم بنائیں ۔ فوائد :۔ سڑے ہوئے فاسد گوشت کو دفع کرے ۔

مرہم جراحت و دنبل

نسخہ :۔ مردار سنگ ۔ سفیدہ ۔ زرد چوبہ ۔ پھٹکڑی سفید ۔ مہندی

عدس مقشر ہر ایک ۵ ماشہ۔ گل ارمنی ½ ۱۷ ماشہ۔ کافور ۷ ماشہ۔ روغن گاؤ روغن گل۔ اور روغن کنجد ہر ایک ۵ تولہ موم سفید ۲ تولہ ۱۱ ماشہ۔ مرہم بنائیں
فوائد۔ زخموں و دنبل (دبیلہ) کو بیحد مفید ہے۔

مرہم دافع زحیر و پیچش

نسخہ:۔ افیون ۳ ماشہ۔ روغن گل ½ ۳ ماشہ۔ روغن بیضہ مرغ ایک عدد۔ زعفران قدرے مرہم تیار کریں۔ فوائد:۔ زحیر و پیچش کو دفع کرے

مرہم عیب

نسخہ:۔ آب برگ نیم ½ ۱۷ ماشہ۔ روغن گاؤ ۲۱ ماشہ۔ موم ۷ ماشہ مرہم بنائیں۔ فوائد:۔ یہ مرہم معتدل اور جلا کو پیدا کرتی ہے

مرہم بواسیر

نسخہ:۔ مقل۔ تخم گندنا ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ گل بادنجان ۹ ماشہ۔ زفت رومی ½ ۲ تولہ۔ بیضہ مرغ دو عدد۔ اجوائن خراسانی ۳ ماشہ۔ کیسر ۲ رتی افیون ۲ چاول۔ شادنج شستہ ۶ ماشہ۔ کافور ۱ ماشہ۔ چربی کوہان شتر مغز پنڈلی گاؤ۔ چربی بکری ہر ایک ۹ ماشہ۔ روغن استخوان زرد آلو ½ ۲ تولہ۔ روغن گل ۲ تولہ ۹ ماشہ۔ مرہم بنائیں۔ بواسیر کو نافع ہے

مرہم ناصور

نسخہ:۔ زبان سگ سوختہ ۶ ماشہ۔ زنگار پونے دو ماشہ۔ توتیائے ہندی

۳ ماشہ سوختہ ۔ زفت رومی ۔ انزروت ۔ شنگرف ۔ بہروزہ ۔ مردار سنگ ہرایک ۹ ماشہ ۔ سرکہ و شہد ہرایک ۲½ تولہ ۔ روغن زیت ۵ تولہ موم ۱۵ ماشہ مرہم بنائیں ۔ فوائد :۔ ناصور کے لئے بیحد نافع ہے ۔

مرہم قرحۂ گوش

نسخہ :۔ آب نیم تولہ ۔ شہد ۶ ماشہ ۔ خوب جوش دیکر مرہم بنائیں

فوائد :۔ کان کے زخموں کے لیے نافع ہے ۔

مرہم جاذب پیکان و خار را بیرون آرد

نسخہ :۔ بیخ نے ۔ اشق ۔ زراوند گول ہمراہ مساوی شہد مرہم بنائیں ۔

فوائد :۔ جاذب انی ہے ۔ اور کانٹے کو نکال باہر کرتی ہے ۔

مرہم ناصور مصری

نسخہ :۔ زنگار ۱۲ ماشہ ۔ انزروت ۔ اشق ۔ سرکہ ہر ۷ ماشہ شہد ۲½ تولہ ۔ مرہم بنائیں ۔ فوائد :۔ ناصور ہر مقام کے لئے مفید ہے ۔

مرہم باسلیق

نسخہ :۔ موم زرد ۔ زرنیخ ۔ چربی گاؤ ۔ زفت رومی ۔ مساوی ۔ روغن زیت کے ہمراہ مرہم بناکر لگائیں ۔

مرہم شنجرف

نسخہ :۔ شنگرف ۱ تولہ ۲ ماشہ ۔ مردار سنگ ۲½ ماشہ

کندر۔ رشق ہر ایک ۲½ تولہ۔ مصطگی رومی ۱۲ ماشہ۔ موم ۲ تولہ ۱۱ ماشہ۔ روغن زیت ۱۱ تولہ ۸ ماشہ۔ مرہم بنائیں۔

فوائد:۔ دافع سرطان و خنازیر ہے۔

مرہم دافع سوختگی آتش مجرب

نسخہ:۔ مردار سنگ ۶ ماشہ۔ چونا دھویا ہوا۔ سفیدہ۔ موم ہر ایک ۳ ماشہ۔ سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد۔ روغن گل ۵ تولہ مرہم تیار کرکے لگائیں۔ فوائد:۔ آگ سے جل جانے کو بیحد نافع ہے۔

مرہم برائے زخم ہر قسم

نسخہ:۔ موم۔ گھی ہر ایک ایک تولہ ۸ ماشہ۔ سندور۔ ۱۰ ماشہ۔ فلفل سیاہ ایک ماشہ۔ سات بار پانی دھوکر۔ اس کے بعد مرچ سیاہ ڈالیں

فوائد:۔ ہر قسم کے زخموں کے لئے۔

مرہم ضرب

نسخہ:۔ زردی بیضہ مرغ گرم ٹکڑا کپڑے پر پھیلا کر تھوڑا تھوڑا چونہ پان دھوڑ کر لگائیں فوائد:۔ خراب سے خراب زخموں کے لئے نافع اور چوٹ کے لئے۔

مرہم گوش

نسخہ:۔ سفیدہ ۱ تولہ۔ موم ۹ ماشہ۔ انزروت ۳ ماشہ۔ روغن گل

۲ تولہ ۶ ماشہ مرہم بنائیں
فوائد :۔ کان کے زخموں اور درد کے لئے نافع ہے۔

مرہم شقاق

نسخہ :۔ رال۔ سُم اسپ سوختہ۔ موم ہر ایک ۶ ماشہ۔ تیل کڑوا بقدر ضرورت۔ مرہم بنائیں
فوائد :۔ مندمل ہے۔ زخموں کو آرام دے۔

مرہم سوختگی آتش

نسخہ :۔ مردار سنگ۔ سفیدہ کاشغری۔ افیون ہر ایک ۳ ماشہ۔ روغن گل بقدر ضرورت مرہم بنائیں
فوائد :۔ آگ سے جل جانے کو نافع ہے۔

مرہم برائے جمیع زخم

نسخہ :۔ مردار سنگ ۱۰ تولہ۔ دم الاخوین۔ شب یمانی۔ زرد چوبہ۔ شاخ گوزن۔ گلنار ہر ایک ۱ تولہ ۸ ماشہ۔ موم ۵ تولہ۔ روغن زیتون یا کنجد ۲۳ تولہ ۴ ماشہ۔ مرہم بنائیں۔
فوائد :۔ ہر قسم کے زخموں کو دفع کرے۔ ناسور و آتشک کے لئے مجرب ہے۔

مرہم اورام حارہ :۔ نسخہ :۔ سفیدہ چہار ماشہ۔ موم ۱ تولہ ۸ ماشہ

مردار سنگ ۱ تولہ ۸ ماشہ ۔ کافور نیم ماشہ ۔ روغن گل ۳ تولہ ۴ ماشہ مرہم بنائیں فوائد :۔ ہر قسم کے ورم گرم کو بیحد مفید ہے ۔

مرہم فرنگی

نسخہ :۔ سندور ۱۱ تولہ ۸ ماشہ ۔ توتیا سبز ۱۲ ماشہ ۔ روغن کنجد نصف سیر ۔ پہلے روغن کو کڑاہی میں ڈال کر سرخ کریں ۔ اس کے بعد سیندور ڈال کر خوب گھوٹیں ۔ جس وقت گولی باندھنے کے قابل ہو تو تیار ہے
فوائد :۔ زخموں کے لئے عمدہ مرہم ہے ۔

مرہم تشقق لب مجرب

نسخہ :۔ سفیدہ ۔ مازو ۔ نشاستہ ۔ کیترا چربی میں ملا کر مرہم بنائیں ۔ فوائد :۔ ہونٹوں کے پھٹنے کو مفید ہے ۔

مرہم زخم ہر قسم کیلئے

نسخہ :۔ دھوپ ۔ کندر ہر ایک ۲ تولہ ۴ ماشہ ۔ مردار سنگ ۱ تولہ ۸ ماشہ ۔ کھیر کتھہ ۔ لال کتھہ ہر ایک ۱۰ ماشہ ۔ موم ۲ تولہ ۸ ماشہ تیل ۱۰ تولہ ۴ ماشہ ۔ مرہم بنائیں ۔
فوائد :۔ دافع زخم ہر قسم ہے ۔

مرہم دیگر

نسخہ :- بیرجو۔ کندر۔ موم ہر ایک ا تولہ۔ اول بیرزو کو گلا کر اس کے بعد موم ڈال کر کندر کو پیس کر تھوڑا تھوڑا ڈال کر مرہم بنائیں۔

فوائد :- ہر قسم کے زخم کے لئے مفید ہے۔

روضہ ہشتم کمادات میں

کماد۔ دافع دردسر

نسخہ :- تخم سوئے۔ بابونہ۔ اکلیل الملک ہر ایک ۶ ماشہ۔ کپڑے میں باندھ کر پانی گرم میں غوطہ دیکر لحظہ بلحظہ پیشانی پر رکھیں

فوائد :- دردسر کو نافع ہے۔

کماد یعنی ٹکور ضربہ

نسخہ :- زردچوب ۲ ماشہ۔ گل خطمی ۴½ ماشہ۔ کپڑے میں باندھکر بطریق مذکور ٹکور کریں۔ فوائد :- چوٹ وغیرہ کو نافع ہے۔

کماد۔ برائے بادہا

نسخہ :- دخن (چینا) نمک۔ سبوس (چھان) بطریق معروف ٹکور کریں۔

فوائد :- دردہا جو بادی کی وجہ سے ہوں نافع ہے۔

منزل ششم مقیات وحقنہ ہا وشیافات وحرزجات و حمولات میں مشتمل چند روضات پر

روضہ اول مقیات میں

مقئی صفرا

نسخہ :- مغز تخم قدری ۶ ماشہ پانی گرم سے پلا کر قے کرائیں

فوائد :- مخرج صفرا و بلغم ہے گرم مزاج کے موافق ہے

مقئی دیگر

نسخہ :- ملٹھی۔ تخم مولی۔ سوئے جوشیدہ اور نمک ۳ ماشہ
اور سکنجبین ۲ تولہ ۹ ماشہ حل کر پلائیں۔

فوائد :- قے آور مخرج صفرا و بلغم ہے

مقئی دیگر

نسخہ :- کدو کڑوا پختہ کھلائیں فوائد :- قے آور ہے۔

روضہ دوم حقنہ ہائے میں

حقنہ سوداوی

نسخہ: سنا ۱/۲ ۱۷ ماشہ۔ بسفائج ۱/۲ ۱۰ ماشہ۔ بنفشہ۔ بادیان۔ پرسیاؤشاں۔ بابونہ۔ لکڑی نیلوفر ہر ایک ۷ ماشہ۔ افتیمون تولہ۔ گودہ تمہ ۶ ماشے۔ لسوڑے ۳۰ دانے پانی میں جوش دے کر روغن بادام و بابونہ ملا کر بطریق معروف حقنہ کریں۔

فوائد: مخرج خلط سوداویہ فاسدہ ہے۔

حقنہ بلغمیہ مخرج خلط بلغمی

نسخہ: سنا مکی ۱/۲ ۱۷ ماشہ۔ قنطوریون۔ میدہ گندم۔ پرسیاؤشاں سونف۔ سوئے۔ حلبہ۔ بابونہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ انجیر ۵ عدد پانی میں جوشاکر ۲ تولہ ۱۱ ماشہ سرخ یا قند سفید۔ مقل ۷ ماشہ و بورہ ارمنی ۷ ماشہ یا نمک حل کرکے تربد ۱/۲ ۳ ماشہ۔ سونٹھ پونے دو ماشہ۔ روغن کنجد ۱/۲ ۱۰ اضافہ کرکے حقنہ کریں۔

فوائد: دافع امراض بلغمیہ ہے۔

روضہ سوئم شیافات میں

تقسیم شدہ دو چمن میں

چمن اوّل مسہلات میں

شیاف دافع بلغم

نسخہ: سکبینج۔ جاؤشیر۔ اشق۔ سونٹھ۔ سورنجاں۔

بو زیدان - بورق - گودہ تمہ - تخم کرفس - سونف - انیسوں - نمک ہندی انزروت - جند بیدستر - زرنباد - قسط تلخ - انیرسج - سعد سداب ہر ایک مساوی - سداب کے پانی میں ملا کر شیاف تیار کریں فوائد :- بلغمی بارد امراض میں نافع ہے -

شیاف

نسخہ :- مغز خستہ شفتالوں - بورق (نمک پاپڑی) پتہ گاؤ گودہ تمہ - نمک خوردنی - افسنتین - قمیلہ - باقلا مصری قنطوریوں میدہ گندم - پانی برگ شفتالو میں شیاف بنا کر استعمال کریں -

شیاف دیگر

نسخہ :- ترنجبین - فلوس خیار شنبر پانی میں حل کر کے نمک پاپڑی وصابون ملا کر شیاف بنا کر عمل میں لائیں

چمن دوئم شیاف ممسکہ میں

شیاف ممسک و حابس خون

نسخہ :- عصارہ محیتہ التیس - اقاقیا - دم الاخوین - بلوط ہر ایک ۴ ماشہ سفیدہ قلعی - صدف سوختہ ہر ایک ۱½ ماشہ - گل ارمنی - گوندببول ہر ایک ۲ رتی مانی بارتنگ میں ملا کر شیاف بنائیں

فوائد :- ممسک خون کو بند کریں -

شیاف ملذذ و مجفف فرج

نسخہ:- لونگ۔ زیرہ گلاب۔ گیسیں تمام برابر۔ شیاف رکھنے کے استنجا سرد پانی سے کریں۔

شیاف اسکندری دافع زحیر

نسخہ:- مرمکی۔ مازو سبز۔ افیون برابر وزن۔ شیاف بنا کر رکھیں

شیاف دافع بواسیر

نسخہ:- مغز شفتالو۔ میعہ سائلہ۔ مغز چھالی گافہ۔ روغن گل۔ سفیدہ قلعی۔ خطمی سفید ہر ایک ۳ ماشہ۔ افیون ۲ رتی۔ زعفران ۱½ ماشہ۔ بابونہ۔ اکلیل الملک ہر ایک ۴ ماشہ۔ شیاف بنا کر مقام ماؤف پر رکھیں۔

شیاف احلیل:-

نسخہ:- شادنہ شستہ۔ دم الاخوین ہر ایک ۱ تولہ۔ مغز پنبہ دانہ۔ گل ارمنی۔ نشاستہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ دودھ زنان میں شیاف بنائیں بعد احلیل میں رکھیں فوائد۔ عسرالبول و قرحہ مثانہ کو نافع ہے

روضہ چہارم فرزجات میں

فرزجہ مضیق و مجفف و معطر

نسخہ :- مازو سبز۔ تخم حماض۔ زفت۔ بلوط۔ مائین۔ برگ مُورد۔ گلنار۔ جوش دے کر۔ خبث الحدید۔ سرمہ ہر ایک ۱ رتی پارچہ کتان میں لگا کر خشک کرکے رکھائیں۔

فرزجہ دافع حکہ رحم

نسخہ :- سداب۔ نعناع۔ پوست انار۔ مسور مقشر۔ سرکہ و گلاب میں جوش دے کر پشم میں لگا کر رکھیں۔ رحم کی خارش کو نافع ہے۔

فرزجہ مشتہی جماع

نسخہ :- شب یمانی۔ مازو۔ سعد۔ سیمز۔ پانی میں حل کرکے پارچہ میں لگا کر مجامعت سے پہلے رکھائیں
فوائد :- مفیق خواہش جماع بڑھائے۔

روضہ نجم حمولات میں

حمول حابس حیض

نسخہ :- مرکی۔ اقاقیا۔ گلنار۔ سیپی سوختہ۔ پھٹکری ہر ایک ۲ ماشہ افیون ۴ رتی شیاف بنا کر رکھائیں۔ زیادتی حیض کو روکے

حمول معین حمل

نسخہ :- میعہ سائلہ۔ جندبیدستر۔ مُرمکی۔ جاؤشیر۔ قسط برنہ

ہر ایک ۱ ۱/۲ ماشہ۔ شونیز۔ پہاڑی لہسن ہر ایک ۳ ماشہ۔ قطران میں ملا کر کھائیں
فوائد:۔ حیض بند کو جاری کرتا ہے۔

حمول مخرج جنین مردہ

نسخہ:۔ مر۔ خربق۔ جاوشیر۔ پتہ گائے۔ شیاف مثل بلوط بنا کر حمول کرائیں۔ فوائد:۔ جنین مردہ کو فوراً خارج کرے۔

حمول حابس حیض

نسخہ:۔ مازو سوختہ۔ پوست بیضہ مرغ سوختہ۔ سرمہ۔ دانہ خرما سوختہ کاغذ سوختہ۔ شادنہ سوختہ۔ کہربا۔ دم الاخوین۔ گل ارمنی ہر ایک ۱ تولہ پانی بارتنگ کے ساتھ شیاف بقدر انگشت خورد بنا کر رکھائیں حیض کو بند کرے۔

حمول مدر حیض

نسخہ:۔ ہوبیر۔ آشنان ہر ایک ۱/۲ ۱ ماشہ۔ پودینہ کوہی۔ سداب جنگلی ہر ایک ۳ ماشہ۔ خشک ترلی۔ پوست ہر ایک ... چقندر و صابن پانی میں شیاف بنا کر حمول کرائیں
فائدہ:۔ حیض بند کو جاری کرتا ہے۔

روضہ ششم فتیلہ جات میں

فتیلہ۔ دافع زخم گوش

نسخہ: شراب ۲ ماشہ۔ شہد ۹ ماشہ۔ روغن گل ۳ ماشہ سفیدی
بیضہ مرغ ۲ عدد۔ نیم گرم فتیلہ میں لگا کر کان میں رکھیں۔

فتیلہ ناصور

نسخہ: تنکار۔ نوشادر۔ اشخار۔ شہد کے ہمراہ فتیلہ لگا کر رکھیں

منزل ہفتم ادویات عین میں

چند روضہ پر مشتمل

روضہ اول کحلہائے میں

کحل باسلیقون کبیر

نسخہ: سمندر جھاگ۔ چاندی کی ہر ایک ۲ تولہ۔ تانبہ سوختہ
۱۲ ماشہ۔ نمک اندرانی۔ سازج۔ فلفل۔ قلمی۔ مرچ سیاہ۔ مرچ سفید
بالچھڑ۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ نمک ہندی۔ اشنہ۔ ہر ایک ۲ ماشہ
صبر۔ عصارہ۔ مامیثہ ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ مامیران۔ نوشادر
ہر ایک ۹ ماشے۔ پوست ہلیلہ ۱ تولہ۔ باریک پیس کر کحل بنائیں۔

فوائد: جملہ امراض چشم کے لیے

کحل اکسیر احمر

نسخہ:۔ افیون۔ شادنہ شست۔ نشاستہ ہر ایک ۲ تولہ گوند ۱۲ تولہ ۱۰ ماشہ۔ کحل تیار کریں۔

فوائد:۔ جملہ امراض چشم کو مفید ہے۔

کحل اکسیرین سفید

نسخہ:۔ سفیدہ قلعی ۲ تولہ ۴ ماشہ۔ صمغ عربی کتیرا۔ میل چاندی ہر ایک ۱۲ ماشہ سانزروت۔ افیون ہر ایک ۳ ماشہ کحل بنائیں۔

کحل زعفران

نسخہ:۔ زعفران۔ بالچھڑ ہر ایک ۶ ماشہ۔ فلفل دراز ۳ ماشہ مرچ سیاہ ۳ رتی۔ نوشادر ۱½ ماشہ۔ مازو ۹ ماشہ۔ کافور یک رتی۔ کحل بنائیں۔

کحل الجواہر

نسخہ:۔ یاقوت سرخ وکبود۔ لعل ہر ایک ۹ ماشہ۔ زبرجد ۲ ماشہ۔ فیروزہ ۱½ ماشہ۔ لاجورد شستہ۔ مرجان۔ دہنہ فرنگ عقیق یمنی۔ ورق سنہری۔ ورق نقرئی۔ عنبر ½۴ ماشہ۔ سرمہ ۵ تولہ۔ توتیائے کرمانی شستہ ½۲ تولہ۔ مینگنی گوہ (سوسمار) مینگنی چمگادڑ۔ موتی ناسفتہ ہر ایک ۶ ماشہ کحل بنائیں۔ تمام امراض چشم کو نافع ہے۔

کحل نبت مژہ

نسخہ:۔ خستہ خرما سوختہ ۱۵ ماشہ۔ دہوال کندر ۱ تولہ
بانچھڑ۔ بلسان ہر ایک ۹ ماشہ۔ لاجورد شستہ ۶ ماشہ۔
کحل بنائیں فوائد:۔ پلکوں کو جمائے۔

کحل نزول الماء

نسخہ:۔ موتی یک ماشہ۔ لونگ۔ مشک ہر ایک دو رتی
ممیرہ و سرمہ ہر ایک دو ماشہ۔ کحل تیار کریں۔
فوائد:۔ ابتدا موتیا بند اور پانی اترنے کو مفید ہے

روضہ دوئم ذرورات میں

ذرور بیاض

نسخہ:۔ مینگنی ابابیل۔ عقرقرحا۔ انزروت۔ زنگار
سقمونیا شوی۔ میل چاندی ذرور تیار کریں۔
فوائد:۔ پھولا چشم کو دور کرتا ہے۔

ذرور (برگی) آشوب چشم

نسخہ:۔ چشمیزہ مقشر (چاکسو صاف) ۱۵ ماشہ۔
دم الاخوین ۳ ماشہ۔ سمند۔ جگ سفیدی بیضہ مرغ ۱ عدد

کشتہ جست ۱½ ماشہ۔ سنگ بصری ½ ماشہ ۔ مامیران ۱ ماشہ
توتیا۔ پھٹکڑی ہر ایک ½ ۱ ماشہ ذرور بنائیں۔

برکی پھولا چشم ہر حیوان و انسان

نسخہ:۔ پھٹکڑی۔ نمک سنگ بوزن برابر۔

ذرور دمعہ

نسخہ:۔ سنگ بصری۔ ہلیلہ زرد۔ ہر ایک ۲ ماشہ۔ صبر
فلفل گرد ½ ۱ ماشہ

فوائد:۔ ڈھلکا آنکھوں سے پانی بہنے کو نافع ہے

ذرور بیاض چشم

نسخہ:۔ بینگال چوڑیاں سفید۔ کتھ۔ مصری تمام برابر
فوائد:۔ پھولا چشم کے لئے نافع ہے۔

ذرور دیگر

نسخہ:۔ ہلیلہ سیاہ۔ سنگ بصری ہر ایک ۱ تولہ۔ تخم گل۔
مامیران ہر ایک ۲ ماشہ۔ گلاب میں کھرل کرکے برکی بنائیں

روضہ سوئم برودات میں

برود کافوری۔ دافع خارش

نسخہ:۔ توتیائے کرمانی شستہ ۱۵ ماشہ کافور ۱ حبہ

برود اسود

نسخہ:۔ افیون ۱/۲ تولہ۔ مشک ۳ ماشہ۔ زعفران ۴ رتی مرکی ۱۵ ماشہ۔ تانبہ سوختہ ۶ ماشہ شکر طبرزد ۴ رتی۔ رسوت۔ میٹھی گلنار۔ سافج ہر ایک ۲ رتی

برود فارسی مقوی البصر

توتیائے کرمانی۔ مارقیشا۔ میل چاندی۔ تمام کو دھو کر ہر ایک ۱۵ ماشہ لیں۔ مامیرا۔ ساذج۔ زعفران ہر ایک ۳ ماشہ۔ موتی ۴ رتی۔ کافور ۱ رتی مشک ۲ رتی ملا کر اور کھرل کر کے باریک پیس لیں۔ فوائد:۔ بصارت بے حد طاقت دے۔

روضہ چہارم شیافات میں

شیاف مغبد کافوری دافع آشوب چشم گرم

نسخہ:۔ سفیدہ قلعی ۱۵ ماشہ۔ انزروت شستہ۔ دم

گدہتی ہر ایک ۹ ماشہ۔ پھٹکڑی بریاں شستہ ہر ایک ۱۵ ماشہ
افیون ۱½ ماشہ۔ کافور ۴ رتی۔ سفیدی بیضہ میں شیاف بنائیں
بوقت ضرورت شیر زنان میں حل کر کے لگائیں۔

کتاب مرکبات نخشیہ برمرض چشم شیافات میں مستعمل

شیاف احمر لین

نسخہ:۔ شادنہ دھویا ہوا ۲½ تولہ۔ تانبا جلایا ہوا ۲ تولہ۔
گوند ببول۔ کتیرا۔ مرکی ہر ۹ ماشہ۔ مرجان۔ موتی۔ سانج ہندی
ہر ایک ۱ تولہ۔ دم الاخوین۔ زعفران ہر ایک ۳ ماشہ۔ بارش کے پانی
میں شیاف بنائیں فوائد:۔ آشوب چشم و پھولا کے لئے مفید ہے

شیاف اخضر یعنی سبز

نسخہ:۔ زنگار ۹ ماشہ۔ میل نقرہ۔ گوند ببول۔ زرشک پانی سے
شیاف بنائیں۔ فوائد:۔ قروح چشم میں مفید ہے۔

شیاف اصفر

نسخہ:۔ انزروت و شیاف۔ مامیثا خوب ترکیا ہوا ہر ایک
۲۱ ماشہ مرمکی۔ نمک پاپڑی۔ فلفل سفید ہر ایک تولہ۔ ہڑتال سنہ
۴ ماشہ زعفران ۱½ ماشہ۔ شیاف تیار کر کے کام لائیں۔
فوائد:۔ آنکھ سے پانی بہنا اور آشوب چشم میں مجرب ہے۔

شیاف مرلات

نسخہ:۔ پتہ کلنگ پتہ باز۔ پتہ عقاب۔ پتہ باشہ۔ پتہ چکور۔ ہر ایک ۱ تولہ۔ تخم حنظل۔ سکنج۔ بارش کے پانی میں شیاف بنائیں

فوائد:۔ قروح چشم اور جملہ امراض کے لئے مفید ہے۔

شیاف دینار چوں

نسخہ:۔ میل چاندی۔ سفیدہ کلی ہر ایک ۱/۲ ۲ تولہ۔ مرکی۔ کتیرا ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ موتی۔ مرجان۔ دم الاخوین۔ ہر ایک ۱ تولہ۔ ہڑتال سرخ اقاقیا۔ مصری ہر ایک ۱/۲ ۱ ماشہ۔ افیون ۱۱ ماشہ۔ زعفران۔ نشاستہ تانبا سوختہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ شیاف تیار کریں۔ فوائد۔ دھند کو دور کرتا ہے

شیاف ہلیلج یعنی شیاف جس کا جزو اعظم ہلیلہ ہو۔

نسخہ:۔ پوست ہلیلہ زرد۔ زنجبیل۔ توتیا کرمانی ہر ایک ۱۰ ماشہ رسوت مکی ۱/۲ ۲ تولہ۔ شیاف بنائیں۔ فوائد:۔ آشوب چشم میں مفید ہے۔

شیاف روشنائی

نسخہ:۔ نشادر سوختہ۔ تانبہ محرق۔ میل چاندی۔ نمک ہندی۔ نمک پاپڑی۔ دار فلفل ہر ایک ۱ تولہ۔ فلفل سفید۔ سمندر جھگ ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ عنبر بالچھڑ۔ لونگ۔ سنڈھ ہر ایک ۱ تولہ۔ زعفران ۱/۲ ۱ ماشہ نوشادر ۴ رتی۔ شیاف بنائیں فوائد:۔ آنکھ کی روشنائی کو تیز کرتا ہے

شیاف دافع غشی وغیرہ

نسخہ :۔ زنجبیل۔ فلفلین۔ ترپھلہ۔ ہینگ۔ برف۔ نمک سنگ۔ کرو۔ سرسوں زرد۔ تخم سرس بوزن مساوی پانی میں شیاف بنا کر رکھائیں۔

فوائد :۔ دافع غشی۔ مرگی۔ مالیخولیا۔ ضعف بصر، شب کوری۔ سر چکرانا۔

روضہ پنجم اطلیہ و ضمادات میں

ضماد۔ دافع شعر زائد

نسخہ :۔ کنہ گوش۔ ست آبلہ۔ چیونٹی کے انڈے۔ دودھ درخت انجیر تمام ملا کر اور بال اوکھاڑ کر ضماد کریں۔

ضماد۔ دیگر برائے دفع شعر

نسخہ :۔ ماہیران دودھ زنان دختر زائیدہ حل کر کے بالوں کو اکھیڑ دینے کے بعد طلا کریں

فوائد :۔ بالوں کی پیدائش کو مانع ہے۔

ضماد۔ غدہ موق

نسخہ :۔ زنگار۔ نوشادر پانی میں پیس کر طلا کریں۔

ضماد آشوب چشم

نسخہ:۔ شیاف مامیثا۔ رسوت۔ زعفران۔ افیون۔ گل ارمنی اقاقیا۔ پانی کو میں پیس کر ضماد کریں

فوائد:۔ آشوب چشم کیلئے مفید ہے۔

روضہ ششم مائعات میں

مائع بیاض

نسخہ:۔ روغن پنبہ دانہ ۳ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۴ رتی۔ ملا کر آنکھ میں لگائیں فوائد:۔ پھولہ چشم کو دفع کرے مجرب ہے

مائع برائے بیاض

نسخہ:۔ دودھ درخت بڑ (بوہڑ) ٹپکائیں۔ سیال دوا دافع پھولہ چشم ہے۔

مائع ظفرہ۔ ناخونہ کیلئے

نسخہ:۔ میل گوش انسان شہد میں ملا کر آنکھ میں لگائیں

فوائد:۔ ناخونہ کیلئے بیحد نافع ہے۔

مائع برائے شب کوری

نسخہ:۔ تلخہ بائی لے ہوا آنکھوں میں لگائیں

فوائد :- نافع سبکوری ہے

روضہ ہفتم میلات میں

میل - نافعہ

نسخہ :- نمک خوردنی سے میل یعنی آنکھ میں ڈالنے والی خشک دوا بنائیں

میل - دافع امراض چشم

نسخہ :- شہد - شیر گاؤ و روغن مادہ گاؤ - شیرہ بھنگرہ - سوتھ - ترپھلہ و تانبہ کو ہمراہ سرکہ میں تین بار گلا کر ہر ایک دوا متذکرہ میں غوطہ دے کر میل تیار کریں - اس کے بعد پھر گرم کر کے تین تین بار ہر ایک دوا میں غوطہ دے کر محفوظ رکھیں - بوقت ضرورت آنکھوں میں لگائیں -

روضہ ہشتم در افادات

افادہ - برائے آشوب چشم

نسخہ :- لودھ ۱۸ ماشہ پوست ہلیلہ ۹ ماشہ - پانی میں پیس کر روئی دھنی ہوئی کہنہ کو تر کر کے پپوٹے پہ پھیریں -

فوائد - آشوب چشم کے لئے نافع ہے -

روضہ نہم کمادات میں

کماد برائے رمد

نسخہ:- لودھ۔ پوست بلیلہ زرد ہر ایک دو ماشہ۔ زرد چوب پھٹکڑی ہر ایک یکماشہ۔ افیون ایک سرخ۔ کسی کپڑے کے ٹکڑہ میں باندھ کر پانی سے تر کر کے لحظہ بہ لحظہ آنکھوں پر پھیریں

فوائد:- آشوب چشم کے لئے بجد نافع ہے

کماد۔ برائے رمد

نسخہ:- لودھ نشاستہ۔ گمی گاٹے ہر ایک ۱ تولہ خمیر بنا کر چار غلولہ بنا کر صاف کسی ٹکڑے برتن پر گرم کر کے آنکھوں پر رکھیں کہ سرد ہو۔ اس کے بعد دوسرا غلولہ لیں۔ بطریق سابق عمل کریں

فوائد:- آشوب چشم۔ آنکھوں کے درد اور ورم کو بجد نافع ہے۔

تمت بالخیر

دستور العلاج فارسی

قیمت ۸ روپیہ

صحیفہ حکمت

قیمت ۵ روپیہ ۵۰ پیسہ

قرابادین اوچ

قیمت ۸ روپیہ ۲۵ پیسہ

دق وسل

قیمت ۴ روپیہ ۵۰ پیسہ

قرابادین ملتانی

قیمت ۷ روپیہ

قرابادین درویشی

قیمت ۴ روپیہ ۵۰ پیسہ

معالجات جراحیات رئیس

قیمت ۱۲ روپیہ ۵۰ پیسہ

بیاض مجربات

قیمت ۳ روپیہ ۵۰ پیسہ

چشمہ صحت

قیمت ۵ روپیہ ۵۰ پیسہ

تحقیق اللغات

قیمت ۹ روپیہ

اکسیر عربی

قیمت ۱۲ روپیہ ۲۵

بیاض خاص

قیمت ۱ روپیہ ۲۵ پیسہ

دار الاشاعت ڈیرہ نواب صاحب

افشاں پریس رحیم یار خان